★★★ پاک سرزمین کا نظام..... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

ایڈیٹر امداد اللہ قریشی

جلد نمبر 15 | پیر 18 شعبان المعظم 1446ھ، 17 فروری 2025ء، 5 پھاگن 2081 پ (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 116

Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

خیبر پختونخوا، سیکورٹی فورسز کی 2 کارروائیاں، 15 خارجی ہلاک، 4 جوان شہید

ضلع ڈیرہ اسماعیل خان کے علاقے ہتھالہ میں انٹیلی جنس کی بنیاد پر آپریشن کیا گیا، دورانِ آپریشن، سیکیورٹی فورسز نے خوارج کے ٹھکانے کو موثر انداز میں نشانہ بنایا: ترجمان پاک فوج

شمالی وزیرستان دہشتگردوں سے جھڑپ میں شہادت پانیوالوں میں لیفٹیننٹ حسان اشرف، نائب صوبیدار محمد بلال، 2 سپاہی فرحت اللہ، ہمت خان شامل ہیں، صدر، وزیراعظم کا فورسز کو خراج تحسین

اسلام آباد، پشاور، لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) خیبر پختونخوا میں سیکورٹی فورسز نے دو الگ الگ کارروائیوں میں 15 خوارجی دہشت گرد ہلاک کر دیئے، لیفٹیننٹ سمیت 4 جوان شہید ہوگئے، صدر مملکت، وزیر اعظم نے فورسز کو خراج تحسین پیش کیا۔ شمالی وزیرستان دہشتگردوں سے جھڑپ میں شہادت پانیوالوں میں لیفٹیننٹ حسان اشرف، نائب صوبیدار محمد بلال، 2 سپاہی فرحت اللہ، ہمت خان شامل ہیں۔ ڈیرہ اسماعیل خان میں سیکورٹی فورسز (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 1)



جدہ، وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب خان سعودی ہم منصب کے ہمراہ تقریب میں شریک ہیں

وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری کی پنجاب یونین آف جرنلسٹ کے نومنتخب عہدیداروں کو مبارکباد

لاہور (این این آئی) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے پنجاب یونین آف جرنلسٹ کے نومنتخب عہدیداروں کو مبارکباد دی ہے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 7)

بلاول بھٹو سال دو سال میں وزیراعظم بن جائیں گے، گورنر پنجاب

پیپلز پارٹی سے بہتر کوئی نہیں، باقی جماعتوں میں فرعونیت کی جھلک نظر آتی ہے، سردار سلیم حیدر

لاہور (این این آئی) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا ہے کہ وزیراعظم شپ بلاول بھٹو کے قریب ہے، سال دو سال میں بلاول بھٹو وزیراعظم بن جائیں گے۔ پنڈی گھیپ میں عوامی اجتماع سے خطاب میں گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا کہ پیپلز پارٹی سے بہتر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 8)

سیاسی جماعتوں میں رابطوں کے لیے پولیٹیکل کوآرڈینیشن کمیٹی قائم

میر نصیر خان مینگل کمیٹی کے چیئرمین، غلام مصطفیٰ ملک وائس چیئرمین مقرر کر دیئے گئے، کمیٹی کے اراکین میں طارق حسن، انتخاب چمکنی، ڈاکٹر رحیم اعوان شامل ہیں

پولیٹیکل کوآرڈینیشن کمیٹی ملک میں سیاسی اور سماجی حلقوں کے درمیان ہم آہنگی کے فروغ کے لئے کام کرے گی، کمیٹی معاشی اور سیاسی استحکام کے لیے تمام سٹیک ہولڈرز سے مشاورت کرے گی

اسلام آباد (این این آئی) چوہدری شجاعت حسین نے سیاسی جماعتوں میں رابطوں کے لیے پولیٹیکل کوآرڈینیشن کمیٹی قائم کر دی، میر نصیر خان مینگل کمیٹی کے چیئرمین، غلام مصطفیٰ ملک وائس چیئرمین مقرر کر دیئے گئے، کمیٹی کے اراکین میں طارق حسن، انتخاب چمکنی، ڈاکٹر رحیم اعوان شامل ہیں، میر نصیر مینگل سابق وزیراعلیٰ بلوچستان، وفاقی وزیر، سینیٹر اور سفیر رہے، مصطفیٰ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 10)

ڈمپر روزانہ کراچی کے شہریوں کو مار رہے ہیں کیا وہ بھی وفاق کا مسئلہ ہے؟ عظمیٰ بخاری

سندھ کے علاقے میں حادثے کو وفاق پر مت ڈالا جائے، پچھلے 16 سال سے سندھ پر حکومت پیپلز پارٹی کی ہے ن لیگ کی نہیں: وزیر اطلاعات پنجاب

پنجاب حکومت کے 90 فیصد منصوبے اپنے فنڈ سے مکمل ہو رہے ہیں، وفاق اور صوبوں کے معاملات میں چچا بھتیجی کے رشتے کا کیا تعلق، اس کا حوالہ کیوں؟

لاہور (سمیعہ فیاض) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے سندھ حکومت کے ترجمانوں کے بیانات پر ردعمل دیا ہے۔ عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ ڈمپرز روزانہ کراچی کے شہریوں کو مار رہے ہیں کیا وہ بھی وفاق کا مسئلہ ہے؟ سندھ کے علاقے میں حادثے کو وفاق پر مت ڈالا جائے، پچھلے 16 سال سے سندھ پر حکومت پیپلز پارٹی کی ہے ن لیگ کی نہیں۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ اللہ کرے سندھ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 9)



راولپنڈی، آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر کی طلباء سے خطاب کر رہے ہیں

جب تک قوم ساتھ ہے فوج کبھی نہیں ہارے گی

آرمی چیف

ہمارا مستقبل محفوظ ہاتھوں میں ہے، ہم کامریڈز کی طرح لڑتے ہیں، ہمارے لیے پاکستانیت سب سے اہم ہے، یہ فتنہ الخوارج کس شریعت اور دین کی بات کرتے ہیں؟، یہ عناصر اسلام کی غلط تشریح کر رہے ہیں

خارجیوں کو یہ کس نے اختیار دیا کہ وہ خواتین سے حقوق چھین لیں، اسلام نے خواتین کو خصوصی حقوق دیے ہیں، ہمارے لیے صرف پاکستانیت ہی اہم ہے اور ہمیں اس سے محبت ہے: سربراہ پاک فوج کی طلباء سے گفتگو

راولپنڈی (این این آئی) آرمی چیف جنرل عاصم منیر نے کہا ہے کہ جب تک قوم اور بالخصوص نوجوان ساتھ کھڑے ہیں پاک فوج کبھی نہیں ہارے گی، ہمارے لیے پاکستانیت سب سے اہم ہے، ہمیں اپنے مذہب، تہذیب اور روایات پر فخر ہے، یہ فتنہ الخوارج کس شریعت اور دین (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 3)

دہشتگرد بلوچستان کی تعمیر و ترقی کے دشمن ہیں: وزیراعظم

محمد شہباز شریف کی لیویز پوسٹ پر دہشت گرد حملے کی شدید الفاظ میں مذمت

کوئٹہ (ویب ڈیسک) بلوچستان کے ضلع قلات میں لیویز چوکی پر حملے میں ایک اہلکار شہید جبکہ دو زخمی ہوگئے۔ ترجمان بلوچستان حکومت کے مطابق لیویز فورس کے بہادر جوانوں نے فوری جوابی کارروائی کی جس سے حملہ آور پسپا ہو کر فرار ہوگئے۔ ترجمان شاہد رند کا کہنا ہے کہ زخمی اہلکاروں کو کوئٹہ منتقل کر دیا گیا، شہید لیویز اہلکار کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں۔ شاہد رند نے کہا کہ بحالی امن کے لیے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 2)

وزیر داخلہ کی قلات میں لیویز پوسٹ پر دہشتگردوں کے حملے کی مذمت

لیویز اہلکار علی نواز نے فرض کی ادائیگی کے دوران جان قربان کر کے شہادت کا اعلیٰ مرتبہ پایا، محسن نقوی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے قلات میں لیویز پوسٹ پر دہشتگردوں کے حملے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ لیویز اہلکار علی نواز نے فرض کی ادائیگی کے دوران جان قربان کر کے شہادت کا اعلیٰ مرتبہ پایا۔ اپنے بیان میں محسن نقوی نے فائرنگ سے شہید لیویز اہلکار (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 4)

وزیراعلیٰ کی قلات میں لیویز چیک پوسٹ پر دہشتگردوں کے حملے کی مذمت

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے قلات میں لیویز چیک پوسٹ پر دہشتگردوں کے حملے کی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 5)

ہمارا مشن کسانوں کی خوشحالی اور ترقی ہے، مریم نواز

زراعت میں مزید انقلابی اقدامات کرینگے، زراعت میں جدت کا خواب حقیقت بن رہا ہے، وزیراعلیٰ مریم نواز کا بیان

لاہور (سمیعہ فیاض) پنجاب میں سپر سیڈرز کے استعمال سے شاندار نتائج سامنے آئے ہیں۔ سپر سیڈرز کے استعمال سے سموگ میں کمی نوٹ کی گئی ہے جبکہ گندم کی زیادہ بوائی سے زیادہ پیداوار متوقع ہے اور ان تمام عوامل سے کاشتکار خوشحال ہو رہا ہے۔ ایک سٹڈی میں بتایا گیا کہ سپر سیڈرز کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 6)



کراچی: وفاقی وزیر برائے امور کشمیر انجینئر امیر مقام اجتماع سے خطاب کر رہے ہیں



لاہور: پارلیمانی سیکرٹری سپورٹس ملک انس محمود، سی ٹی او اطہر وحید و دیگر سائیکل ریلی کا افتتاح کر رہے ہیں

عمران خان کا 26ویں آئینی ترمیم کے دن غیر حاضر ارکان کو پارٹی سے نکالنے کا فیصلہ

راولپنڈی (این این آئی) بانی پی ٹی آئی نے 26ویں آئینی ترمیم کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 12)

شیر افضل مروت پارٹی میں انتشار پھیلا رہے ہیں، فردوس شمیم نقوی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما فردوس (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 13)

حکومت کا پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کا اعلان

پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا ہے

اسلام آباد (ویب ڈیسک) حکومت نے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں پانچ روپے فی لیٹر تک کمی کا اعلان کر دیا جس کا اطلاق آج رات 12 بجے سے ہوگا۔ وزارت خزانہ کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق پیٹرولیم کی مختلف مصنوعات کی قیمتوں میں پندرہ روز کے لیے کمی کی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 11)

بارشیں نہ ہونے سے خشک سالی خطرناک حد تک بڑھ گئی، راولپنڈی میں ایمرجنسی نافذ

سروس اسٹیشنز اور گھروں میں گاڑیاں دھونے پر ایک ماہ کی پابندی عائد کر دی گئی

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی میں بارشیں نہ ہونے سے خشک سالی خطرناک حد تک بڑھ گئی، زیر زمین پانی کی سطح گرنے پر واسا نے راولپنڈی میں خشک سالی ایمرجنسی نافذ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 14)

ترجمان جے یو آئی نے کے پی حکومت کو آڑے ہاتھوں لے لیا

حکومت تشویش اور خوف پھیلانے کے بجائے اپنی ذمہ داری پوری کرے، اسلم غوری

اسلام آباد (این این آئی) مولانا فضل الرحمٰن کو سیکیورٹی تھریٹ سے متعلق خط پر ترجمان جے یو آئی نے خیبر پختونخوا حکومت کو آڑے ہاتھوں لے لیا۔ ترجمان جے یو آئی اسلم غوری کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 15)



اسلام آباد: اسلام آباد ویمن گالا کے دوران شہری ہاتھ سے بنی مصنوعات خرید رہے ہیں



لاہور: سابق چیف جسٹس سپریم کورٹ جسٹس (ر) میاں ثاقب نثار، سینئر صحافی محمد ناصر اقبال خان خاکسار تحریک کے رہنما محمد طاہر اقبال خان کے انتقال پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

مولانا فضل الرحمٰن کی جان کو خطرات، نقل و حرکت محدود کرنے کی ہدایت

فضل الرحمان کو دہشت گرد مذہبی اور سیاسی سرگرمیوں میں ملوث ہونے کی وجہ سے نشانہ بنا سکتے ہیں، لیٹر جاری

مولانا فضل الرحمان کو احتیاطی تدابیر اختیار کرنے اور کسی بھی غیر معمولی صورتحال میں فوری طور پر متعلقہ حکام کو آگاہ کرنے کی ہدایت

ڈیرہ اسماعیل خان (این این آئی) جمعیت علماء اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن کی جان کو خطرہ لاحق ہونے کے پیش نظر پولیس نے تھریٹ لیٹر جاری کر دیا ہے۔ پولیس کے جاری کردہ مراسلے میں کہا گیا ہے کہ مولانا فضل الرحمان کو دہشتگرد مذہبی اور سیاسی سرگرمیوں میں ملوث ہونے کی وجہ سے نشانہ بنا سکتے ہیں۔ ذرائع کے مطابق ڈی آئی خان پولیس نے مولانا فضل الرحمان اور ان کی جماعت کو ہدایت دی ہے کہ وہ اپنی نقل و حرکت کو محدود رکھیں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 16)

روسی قیدیوں کی رہائی، روس کی طرف سے حماس کا شکریہ ادا

ماسکو (این این آئی) کریملن نے ہفتے کے روز روسی قیدیوں کو بھی رہا کر دینے پر فلسطینی مزاحمتی تحریک حماس کا شکریہ ادا کیا ہے۔ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 21)

شوگر ملز ایسوسی ایشن کا چینی کم قیمت پر فروخت کرنے سے انکار

کراچی (این این آئی) شوگر ملز ایسوسی ایشن نے حکومت کی جانب سے رمضان میں چینی کی قیمت 140 روپے فی کلو رکھنے کی ہدایت پر عمل کرنے سے انکار کر دیا ہے۔ ذرائع کے مطابق شوگر ایڈوائزری بورڈ کے اجلاس میں اس معاملے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 24)

آئی ایم ایف کے 2 مزید وفود رواں ماہ پاکستان کا دورہ کریں گے

مجموعی طور پر 2.5 ارب ڈالر قرض کیلئے الگ الگ مذاکرات ہوں گے

کراچی (این این آئی) آئی ایم ایف کے 2 مزید وفود رواں ماہ پاکستان کا دورہ کریں گے، مجموعی طور پر 2.5 ارب ڈالر قرض کیلئے الگ الگ مذاکرات ہوں گے۔ آئی ایم ایف کا ایک وفد 24 فروری سے پاکستان کا دورہ کرے گا، پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان 1.5 (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 17)

غزہ پر ٹرمپ کی مکمل حمایت کا شکریہ، وزیر اعظم نیتن یاہو

اسرائیل فیصلہ کر لے کہ اب کیا کرنا ہے، امریکی صدر ٹرمپ کا بیان

تل ابیب / واشنگٹن (این این آئی) اسرائیلی وزیر اعظم بنجمن نیتن یاہو نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کا غزہ کے معاملے پر مکمل حمایت پر شکریہ ادا کیا۔ غزہ میں تقریباً ایک ماہ قبل ہونے والی جنگ بندی کے بعد یرغمالی قیدیوں کا چھٹی مرتبہ تبادلہ ہوا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 23)

بانی پی ٹی آئی کی سیاست سے پاکستان کو پاک کرنا ہوگا، بلاول

آج پاکستان کا نوجوان مایوس ہے تو اس میں بانی پی ٹی آئی کا کردار ہے، ہمیں یہ فیصلہ کرنا ہوگا کہ ملک کیسے چلانا ہے

مقاصد کے حصول کے لیے سیاسی و معاشی استحکام و دیگر مسائل پر غور کی ضرورت ہے: چیئرمین پیپلز پارٹی کا بیان

میونخ (مانیٹرنگ ڈیسک) چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ آج پاکستان کا نوجوان مایوس ہے تو اس میں بانی پی ٹی آئی کا کردار ہے، بانی پی ٹی آئی کی سیاست سے پاکستان کو پاک کرنا ہوگا۔ میونخ میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی سے جمہوری کردار کی امید نہیں، ہمیں یہ فیصلہ کرنا ہوگا کہ ملک کیسے چلانا ہے۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ مقاصد کے حصول کے لیے سیاسی و معاشی استحکام و دیگر مسائل پر غور (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 28)

پاکستان میں پانی کے غیر زرعی استعمال میں نمایاں اضافہ متوقع ہے، عالمی بینک

اسلام آباد (این این آئی) عالمی بینک نے کہا ہے موسمیاتی تبدیلیوں کی وجہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 29)

سرکاری اداروں میں سوشل میڈیا کے غیر ضروری استعمال پر پابندی عائد

سرکاری افسران اور ملازمین دوران ڈیوٹی موبائل ویڈیو نہیں بنا سکتے، احکامات جاری

کراچی (این این آئی) کراچی سمیت سندھ بھر کے سرکاری اداروں میں سوشل میڈیا کے غیر ضروری استعمال پر پابندی عائد کر دی گئی۔ سرکاری افسران اور ملازمین دوران ڈیوٹی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 30)



اسلام آباد: ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد محمد جواد ہومی سائیڈ یانٹ کے افسران کیساتھ میٹنگ کر رہے ہیں

ملک بھر میں یوم للکار 27 فروری کو منایا جائے گا

مکوآنہ (این این آئی) ملک بھر میں یوم للکار 27 فروری کو منایا جائے گا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 31)

مصطفیٰ عامر قتل کیس، پولیس کا ہتھیاروں کی محکمہ داخلہ سے تصدیق کرانے کا فیصلہ

کراچی (این این آئی) پولیس نے مصطفیٰ عامر قتل کیس میں برآمد شدہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 32)

ڈی آئی جی اسلام آباد کا دفتر میں اردل روم کا انعقاد

پولیس افسران کے سرکاری و ذاتی نوعیت کے مسائل سن کر حل کیلئے احکامات جاری کئے

اسلام آباد (این این آئی) ڈی آئی جی اسلام آباد نے پولیس افسران کے مسائل کے بروقت حل، دادرسی کیلئے اپنے دفتر میں اردل روم کا انعقاد کیا اور پولیس افسران کے سرکاری و ذاتی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 20)

آئی ایس پی آر انٹرن شپ شرکاء کا لاہور گیریژن شوٹنگ گیلری کا دورہ

طلبا نے مختلف ہتھیار چلانا سیکھے، تیراندازی اور اسکیٹ شوٹنگ سے بھی خوب لطف اٹھایا، ترجمان

لاہور (این این آئی) پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 22)



لاہور: جیلانی پارک میں ایک خاتون ہارس اینڈ کیٹل شو میں اپنے کتے کے ہمراہ شریک ہیں

ٹرمپ کی ڈیڈ لائن ختم، غزہ معاہدے سے متعلق اسرائیل نئی شرائط عائد کرے گا

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے حماس کے لیے دی گئی ڈیڈ لائن ختم ہونے کے بعد اور (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 25)

آئی ایم ایف کی ایما پر کسانوں پر لگنے والے ٹیکس باعث تشویش ہیں، اسد قیصر

اگلے ہفتے وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سے اس حوالے سے ملاقات اور قومی اسمبلی میں بھی کاشتکاروں کے مسائل کو اجاگر کروں گا

اگر چھوٹے زمیندار کو ٹیکس نیٹ میں لیا گیا تو اس کے بہت بُرے اثرات ہوں گے، امید ہے صوبائی حکومت اس فیصلے پر نظر ثانی کرے گی

پشاور (این این آئی) مرکزی رہنما تحریک انصاف اسد قیصر نے کہا ہے کہ آئی ایم ایف کی ایما پر کسانوں پر لگنے والے ٹیکس باعث تشویش ہیں۔ اسد قیصر سے خیبر پختونخوا کے کاشتکاروں کے وفد نے ملاقات کی، ملاقات میں صوبے بھر کے کاشتکاروں پر مرکزی اور صوبائی حکومتوں کی جانب لگائے جانے والے انکم ٹیکس پر تشویش کا اظہار کیا گیا۔ وفد سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ آئی ایم ایف کی ایما پر جو ٹیکسز لگ رہے ہیں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 33)



لاہور: جماعت اہلحدیث پاکستان کے مرکزی امیر سینیٹر پروفیسر ساجد میر تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

سندھ حکومت کا مزید 5 لاکھ گھروں کو سولر سسٹم دینے کا فیصلہ

2 لاکھ سولر سسٹم بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کے تحت تقسیم کیے جائیں گے، مراد علی شاہ

سکھر (این این آئی) وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ نے کہا ہے کہ اس سال مزید 5 لاکھ سولر سسٹم تقسیم کریں گے۔ سکھر میں گفتگو کرتے ہوئے مراد علی شاہ نے کہا کہ اس سال 2 لاکھ سولر سسٹم (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 26)

افواج پاکستان قوم کے ماتھے کا جھومر ہے، صاحبزادہ نعمان شاکر

پاک فوج پاکستان کی ریڈ لائن، ملکی سلامتی، یکجہتی، ترقی و خوشحالی، دفاع اور تحفظ کی ضامن ہے

لاہور (این این آئی) پاکستان سنی تحریک ضلع لاہور کے جنرل سیکرٹری صاحبزادہ نعمان شاکر، جوائنٹ سیکرٹری ضلع لاہور محمد سلیم قادری نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 27)

لاہور پولو کلب کے زیر اہتمام دیپال 96 پنجاب کپ کا فائنل ٹیم ایچ این نے جیت لیا

مہمان خصوصی سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان نے سپانسرز چنگان ماسٹر گروپ کے سی ای او دانیال ملک، ڈائریکٹر سامر ملک کے ہمراہ انعامات تقسیم کیے

لاہور (خبر نگار) لاہور پولو کلب کے زیر اہتمام دیپال 96 پنجاب کپ کا فائنل ٹیم ایچ این نے جیت لیا۔ فائنل میں زبردست مقابلے کے بعد ٹیم ڈی ایس پولو کو 10-6 سے ہرا دیا۔ تفصیلات کے مطابق لاہور پولو کلب میں پولو کلب کے فائنل کے موقع پر تماشائیوں کی ایک بہت بڑی تعداد موجود تھی۔ اس موقع پر مہمان خصوصی سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان، سی ای او چنگان دانیال ملک، ڈائریکٹر چنگان سامر ملک، سابق وزیر داخلہ اعتزاز احسن (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 18)



لاہور: پولو کلب کے زیر اہتمام دیپال 96 پنجاب کاپ کا فائنل جیتنے والی ٹیم ایچ این کا مہمان ملک محمد احمد خان، دانیال ملک، سامر ملک اور دیگر کے ہمراہ گروپ فوٹو

روزنامہ قوت لاہور

سٹی نیوز

نمازوں کے اوقات



صبح صادق	5:15
فجر	6:00
ظہر	1:30
عصر	4:30
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	7:15

فقہ جعفریہ

فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل ظہرین 1:30 بجکہ مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایت سیل	8787
ریلوے انکوائری	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال	111-809-809
سروسز ہسپتال لاہور	99203407-25
میو ہسپتال لاہور	9921110-6
جنرل ہسپتال لاہور	99284092-8
پی آئی سی لاہور	111-786-786



لاہور: سپریم الخدمت فاؤنڈیشن لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ بنوقابل لاہور اسٹیٹیو ڈیٹمنٹ 2025ء کی تقریب میں طلباء طالبات سے خطاب کر رہے ہیں

الخدمت کا بنوقابل پروگرام، مفت آئی ٹی کورسز انقلابی قدم ہے

لاہور شہر میں 15 کمپیوٹر زلیب کے ذریعہ مفت آئی کورسز طلبہ کو کروائے جائیں گے

25 ہزار طلبہ نے اسٹیٹیو ڈیٹمنٹ دیا ہے جبکہ ایک لاکھ طلبہ وطالبات نے اب تک رجسٹریشن کروائی ہے

اہل لاہور کے نوجوانوں لڑکے اور لڑکوں کو جدید ٹیکنالوجی کی تربیت دے کر انہیں خودمختار اور کامیاب بنائیں گے

ہمارا عزم ہے کہ آنے والے سال میں لاہور بھر سے لاکھوں طلبہ کو رجسٹر کرکے انہیں اس انقلابی پروگرام کا حصہ بنایا جائے

سرپرست الخدمت فاؤنڈیشن لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ، صدر الخدمت لاہور انجینئر احمد حماد رشید سمیت دیگر رہنماؤں کا خطاب

لاہور (خبرنگار) الخدمت فاؤنڈیشن لاہور کے زیر اہتمام بنو قابل لاہور مفت آئی ٹی کورسز کیلئے اسٹیٹیو ڈیٹمنٹ کا انعقاد کیا گیا جس میں 25 ہزار طلبہ نے بنوقابل مفت آئی ٹی کورسز کیلئے اسٹیٹیو ڈیٹمنٹ دیا۔ اسٹیٹیو ڈیٹمنٹ کا انعقاد ولڈ پنجاب یونیورسٹی گراؤنڈ میں کیا گیا، طلبہ نے ایک گھنٹے کا تحریری اسٹیٹیو ڈیٹمنٹ طلبہ کی تعلیمات جانچنے کیلئے کیا گیا۔ تقریب میں سرپرست الخدمت فاؤنڈیشن لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ الخدمت کا بنوقابل پروگرام، مفت آئی ٹی کورسز انقلابی قدم ہے۔ 25 ہزار کے قریب بچوں نے اسٹیٹیو ڈیٹمنٹ دیا ہے جبکہ ایک لاکھ طلبہ و طالبات نے بنوقابل پروگرام میں ایک رجسٹریشن کروائی ہے۔ زرلے الدین انصاری ایڈووکیٹ نے مزید کہا کہ الخدمت کا بنوقابل پروگرام میں 15 کمپوٹر زلیب کے ذریعے مفت آئی کورسز طلبہ کو کروائے جائیں گے۔ اہل لاہور کے نوجوانوں کو جدید ٹیکنالوجی کی تربیت دے کر انہیں خودمختار اور کامیاب بنائیں گے۔ ہمارا عزم ہے کہ آنے والے سال میں لاہور بھر سے لاکھوں طلبہ کو رجسٹر کرکے انہیں اس انقلابی پروگرام کا حصہ بنایا جائے۔ تقریب میں نائب امراء جماعت اسلامی لاہور انجینئر اخلاق احمد، خالد احمد بھٹہ، چوہدری محمد شوکت، سیکرٹری اطلاعات عبدالعزیز عابد، صدر الخدمت فاؤنڈیشن لاہور انجینئر احمد حماد رشید، ڈائریکٹر بنوقابل لاہور پروفیسر عثمان فضل اور ایگزیکٹو ڈائریکٹر مفیض قریشی سمیت الخدمت لاہور کے عہدیداران و ذمہ داران اور ہزاروں طلبہ وطالبات موجود تھے۔

پنجاب یونیورسٹی فیکلٹی آف کمپیوٹنگ اینڈ انفارمیشن ٹیکنالوجی کے ایلومنائی نے سائبر سیکیورٹی میں کلٹنن بیڈ ووگی انعام جیت لیا



لاہور (خبرنگار) پنجاب یونیورسٹی فیکلٹی آف کمپیوٹنگ اینڈ انفارمیشن ٹیکنالوجی کے ایلومنائی ڈاکٹر رضوان اصغر کو سائبر سیکیورٹی کے شعبے میں شاندار خدمات پر ''کلنٹن بیڈ ووگی'' پرائز سے نوازا گیا۔ یہ ایوارڈ ایک نیوزی لینڈر کو دیا جاتا ہے جس نے پچھلے دو سالوں میں سائبر سیکیورٹی میں سب سے زیادہ اثر ڈالا ہو۔ پرائیویٹ، ڈیجیٹل سیکیورٹی اور تعلیماتی نظام کے شعبے میں ڈاکٹر رضوان کی نمایاں کامیابیاں ہیں یو ایف سی آئی ٹی کے ساتھ طلباء کے بین الاقوامی میدان میں خدمات کو سراہا اور بلند کرتی ہیں۔ ڈاکٹر رضوان کی کامیابی ادارے کی لگن اور جدت کا ثبوت ہے۔ پنجاب یونیورسٹی ایف سی آئی ٹی کے اساتذہ نے اس شاندار کامیابی پر ڈاکٹر رضوان اصغر کو مبارکباد پیش کی اور سائبر سیکیورٹی کے مستقبل کی تشکیل میں ان کی مسلسل کامیابی کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

پنجاب یونیورسٹی نے کل پاکستان انٹر یونیورسٹی جوڈو چیمپین شپ جیت لی

5 سونے کے تمغے جیتے، کیپٹن سحر وائیں کا نیا ریکارڈ

لاہور (خبرنگار) پنجاب یونیورسٹی نے 14 ویں کل پاکستان انٹر ای ای انٹر یونیورسٹی ویمن جوڈو چیمپین شپ میں پہلی پوزیشن حاصل کی ہے۔ پانچ طلائی تمغے جیتے۔ پی یو انٹر کالجیٹ اسپورٹس ڈائریکٹر شعیر سرور کے جاری میڈیا بیان کے مطابق یہ مقابلے سندھ زرعی یونیورسٹی ٹنڈو جام میں ہوئے۔ اور پی یو جوڈو کپتان سحر وائیں نے دو طلائی تمغے جیتے، جبکہ سویٹا فاروق، عیشا اور جویریہ قمر نے ایک ایک سونے کا تمغہ جیتا۔ انٹر ای ای سی کے ڈائریکٹر اسپورٹس نے اعلان کیا ہے کہ PMYP-HEC XX ایلیٹ جنٹ پروگرام کے ذریعے منتخب ہونیوالی پی یو جوڈو ٹیم کی کپتان سحر وائیں واحد کھلاڑی بن گئی ہیں جس نے یہ ریکارڈ قائم کیا ہے۔ ڈائریکٹر اسپورٹس ڈاکٹر شعیر سرور، ٹیم منیجر واسٹاف اور ٹیم کوچ کو مبارکباد پیش کی ہے۔



لاہور: پنجاب یونیورسٹی کی ٹیم کا 14 ویں کل پاکستان انٹر ای ای انٹر یونیورسٹی ویمن جوڈو چیمپین شپ میں پہلی پوزیشن حاصل کرنے بعد گروپ فوٹو

پنجاب یونیورسٹی سوسائٹی پنجاب کا بلڈ ڈونیشن کیمپ اور آگاہی مہم

تھیلیسیمیا کے مریضوں کے لیے خون جمع کیا گیا اور عوام کو پی آر سی ایس کی خدمات سے آگاہ کیا گیا



لاہور (شیر وزمیاں سے) پاکستان ریڈ کریسنٹ سوسائٹی (پی آر سی ایس) پنجاب نے فین فیسٹ 2025 میں بلڈ ڈونیشن کیمپ اور آگاہی مہم کا انعقاد کیا، جس میں تھیلیسیمیا کے مریضوں کے لیے خون جمع کیا گیا اور عوام کو پی آر سی ایس کی خدمات سے آگاہ کیا گیا۔ پروفیسر ڈاکٹر شوکت علی اور ڈینشن کیمپ کی گہرائی ڈاکٹر فوزیہ سعید، ڈپٹی ڈائریکٹر ہیلتھ نے کی، جبکہ راؤ ذکا الرحمان، اسسٹنٹ ڈائریکٹر پوتھ ایڈ والنٹیئر نے پی آر سی ایس کی خدمات پر بریفنگ دی۔ اس کے علاوہ، آفتاب اسلام آغا، ممبران مینجنگ کمیٹی، نے سال کا دورہ کیا اور رضا کاروں کی کاوشوں کو سراہا۔ بلڈ ڈونیشن کیمپ میں یونیورسٹی کے مختلف شعبہ جات کے طلباء و طالبات نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اس موقع پر ڈینشن اشفاق، اسسٹنٹ رجسٹرار (فرسٹ ایڈ) نے فرسٹ ایڈ کا عملی مظاہرہ پیش کیا۔ شرکاء نے بڑی تعداد میں خون کا عطیہ دیا، جبکہ مفت بلڈ گروپ ٹیسٹنگ کی سہولت بھی فراہم کی گئی۔ اس مہم کے ذریعے عوام میں صحت اور انسانی خدمت کے جذبے کو مزید فروغ دیا گیا۔







پاکستان ریڈ کریسنٹ سوسائٹی پنجاب کا بلڈ ڈونیشن کیمپ اور آگاہی مہم

تھیلیسیمیا کے مریضوں کے لیے خون جمع کیا گیا اور عوام کو پی آر سی ایس کی خدمات سے آگاہ کیا گیا

لاہور (شیر وزمیاں سے) پاکستان ریڈ کریسنٹ سوسائٹی (پی آر سی ایس) پنجاب نے فین فیسٹ 2025 میں بلڈ ڈونیشن کیمپ اور آگاہی مہم کا انعقاد کیا، جس میں تھیلیسیمیا کے مریضوں کے لیے خون جمع کیا گیا اور عوام کو پی آر سی ایس کی خدمات سے آگاہ کیا گیا۔ پروفیسر ڈاکٹر شوکت علی اور ڈینشن کیمپ کی گہرائی ڈاکٹر فوزیہ سعید، ڈپٹی ڈائریکٹر ہیلتھ نے کی، جبکہ راؤ ذکا الرحمان، اسسٹنٹ ڈائریکٹر پوتھ ایڈ والنٹیئر نے پی آر سی ایس کی خدمات پر بریفنگ دی۔ اس کے علاوہ، آفتاب اسلام آغا، ممبران مینجنگ کمیٹی، نے سال کا دورہ کیا اور رضا کاروں کی کاوشوں کو سراہا۔ بلڈ ڈونیشن کیمپ میں یونیورسٹی کے مختلف شعبہ جات کے طلباء و طالبات نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اس موقع پر ڈینشن اشفاق، اسسٹنٹ رجسٹرار (فرسٹ ایڈ) نے فرسٹ ایڈ کا عملی مظاہرہ پیش کیا۔ شرکاء نے بڑی تعداد میں خون کا عطیہ دیا، جبکہ مفت بلڈ گروپ ٹیسٹنگ کی سہولت بھی فراہم کی گئی۔ اس مہم کے ذریعے عوام میں صحت اور انسانی خدمت کے جذبے کو مزید فروغ دیا گیا۔

کیا آپ یقینی اور باعزت روزگار حاصل کرنا چاہتے ہیں....؟

تو آپ کے لیے صرف چھ ماہ میں ہنر سیکھ کر گورنمنٹ آف پنجاب کی طرف سے ڈپلومہ حاصل کرنے کا سنہری موقع ہے۔ جس سے آپ اندرون و بیرون ملک باعزت جاب یا اپنا روزگار حاصل کرسکتے۔

روزنامہ قوت تجارت، دی بزنس کے ایڈیٹر انچیف جمیل الطاہر قاضی کی پوتی اور عرفان الطاہر قاضی کی صاحبزادی ڈاکٹر فاطمین الطاہر کی شادی ڈاکٹر محمد نعیم طارق کے صاحبزادے ڈاکٹر محمد نعیم کے ساتھ انجام پائی تقریب میں پنجاب اسمبلی ملک احمد خان، مجیب الرحمن شامی، سید مرتضیٰ سلیم گیلانی، ایم این اے چیئرمین میجر امرز اللہ سلیم بیگ، ایم پی اے ملک شہباز کھوکھر، عثمان مجیب شامی اور دیگر شریک ہیں

الواعظ ویلفیئر سوسائٹی کے زیر اہتمام یتیم بچوں کے اعزاز میں ظہرانہ

ظہرانہ میں لاہور بھر سے سیاسی و سماجی شخصیات، سینئر صحافی، اور بیوروکریٹس نے بڑی تعداد میں شرکت کی

لاہور (خبرنگار) الواعظ ویلفیئر سوسائٹی کے زیر اہتمام لاہور کے ایک نجی ہوٹل میں یتیم بچوں کے اعزاز میں ظہرانے کا اہتمام کیا گیا، جس میں لاہور بھر سے سیاسی و سماجی شخصیات، سینئر صحافی، اور بیوروکریٹس نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اس باعظمت تقریب میں معزز مہمانوں نے بچوں کے ساتھ وقت گزارا اور ان کی حوصلہ افزائی کی۔ تقریب میں الواعظ ویلفیئر سوسائٹی کے چیئرمین قمر رحمان، ایڈیٹر ظہیر، ملک شیزاد اعظم، میاں محمد بلال، ممبر صوبائی اسمبلی رشدہ لودھی، کاشف رحمن، ڈاکٹر مزمل اقبال باجی سمیت دیگر معاشرے کے معزز افراد نے شرکت کی۔ مقررین نے اپنے خطابات میں یتیم اور بے سہارا بچوں کی کفالت و سرپرستی کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ معاشرے میں ان بچوں کو بہتر مواقع فراہم کرنا ہم سب کی اجتماعی ذمہ داری ہے۔ اس موقع پر قمر رحمان نے کہا: ''الواعظ ویلفیئر سوسائٹی ملک بھر میں ہر اس بچے کا سہارا بننے کی جو بے یار و مددگار ہے۔ ہم کسی بھی یتیم اور ضرورت مند بچے کو بے سہارا نہیں چھوڑیں گے بلکہ اسے اپنے سایہ عاطفت میں لے کر ایک روشن مستقبل فراہم کریں گے۔ ملک کا ہر بچہ ہمارا اثاثہ ہے، اور ہم اس کے بہتر مستقبل کے لیے ہر ممکن اقدامات کریں گے۔'' تقریب میں شریک معزز شخصیات نے الواعظ ویلفیئر سوسائٹی کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ معاشرے کے پسے ہوئے طبقات کی مدد کے لیے ہر ممکن تعاون جاری رکھیں گے۔



عہدیداران نے شرکت پر اپنے خطابات میں یتیم اور بے سہارا بچوں کی کفالت و سرپرستی کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ ایسے بچوں کو بہتر مواقع فراہم کرنا ہم سب کی اجتماعی ذمہ داری ہے۔ اس موقع پر قمر رحمان نے کہا: ''الواعظ ویلفیئر سوسائٹی ملک بھر میں ہر اس بچے کا سہارا بننے کی جو بے یار و مددگار ہے۔ ہم کسی بھی یتیم اور ضرورت مند بچے کو بے سہارا نہیں چھوڑیں گے بلکہ اسے اپنے سایہ عاطفت میں لے کر ایک روشن مستقبل فراہم کریں گے۔ ملک کا ہر بچہ ہمارا اثاثہ ہے، اور ہم اس کے بہتر مستقبل کے لیے ہر ممکن اقدامات کریں گے۔'' تقریب میں شریک معزز شخصیات نے الواعظ ویلفیئر سوسائٹی کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ معاشرے کے پسے ہوئے طبقات کی مدد کے لیے ہر ممکن تعاون جاری رکھیں گے۔

پی ایچ اے کے زیر اہتمام جیلانی پارک میں آل بریڈ انٹرنیشنل ڈاگ شو کا انعقاد

ڈاگ شو مقابلہ میں تمام نسلوں کے خوبصورت سینکڑوں پالتو ڈاگ نے حصہ لیا

لاہور (خبرنگار) بارس اینڈ کیٹل شو 2025ء کی مناسبت سے پی ایچ اے کے زیر اہتمام جیلانی پارک میں آل بریڈ انٹرنیشنل ڈاگ شو کا انعقاد کیا گیا۔ ڈاگ شو مقابلہ میں تمام نسلوں کے خوبصورت سینکڑوں پالتو ڈاگ نے حصہ لیا۔ مقابلے میں جرمن شیفرڈ، آسٹریلین شیفرڈ، امریکی بلڈ ہاؤنڈ، لیبرا ڈور ایڈی ریڈیل، بیجر، ڈاشنڈ، ایکیتا، الانو، سپانیوی، ایلیا نٹ ڈاگ سریک، بورڈر کولی، بلڈ ڈاگ، ہاتیانوں ڈاگ، ایگلیس سمیت دیگر اقسام کے پالتو ڈاگ موجود تھے۔ ڈاگ شو مقابلے میں 280 ڈاگ، 35 مختلف اقسام کے پالتو پریڈ نے حصہ لیا۔ غیر ملکی انٹرنیشنل جج جیف بارن ویل اور پیٹر فریڈ جج نے ایسے ایسے عزم کا اظہار کیا کہ وہ معاشرے کے پسے ہوئے طبقات کی مدد کے لیے ہر ممکن تعاون جاری رکھیں گے۔





LOVER ممالک میں پالتو ڈاگ سے محبت بہتر ہوتا ہے۔ ڈاگ شو میں غیر ملکی افراد سمیت بڑی تعداد میں خواتین، بچوں اور نوجوانوں نے شرکت کی۔ جیتنے والوں میں ڈاگ میں میڈلز، کپس اور گفٹ تقسیم کیے گئے۔

ڈی سی لاہور سید موسیٰ رضا کی قیادت میں ضلع بھر میں انتظامی اقدامات مزید سخت

لاہور: اسسٹنٹ کمشنرواگھہ کی زیر نگرانی سبزی منڈی اور گرد و نواح میں تجاوزات کے خلاف کارروائی

لاہور (خبرنگار) ڈی سی لاہور سید موسیٰ رضا کی قیادت میں ضلع بھر میں انتظامی اقدامات مزید سخت کر دیے گئے ہیں، اسسٹنٹ کمشنر واگھہ کی زیر نگرانی سبزی منڈی اور گرد و نواح میں تجاوزات کے خلاف کارروائی کی گئی ہے۔ واگھہ میں بھی سبزی منڈی کے فٹاورہ بیکری سے بھی تجاوزات کے خاتمے کیلئے ماربل چپ آپریشن کیا اور سرکہ، خلاف ورزی پر سخت ایکشن لیا گیا اور تجاوزات کے خاتمے کیلئے ماربل چپ آپریشن کیا اور غلط تعینات کر دیا گیا ہے۔ یکسل بازار میں تجاوزات کا خاتمہ کرتے ہوئے بھاری مشینری کے ساتھ آپریشن کیا گیا۔ اسسٹنٹ کمشنر واگھہ نے کہا کہ واگھہ میں اہم شاہراہوں سے تجاوزات کا خاتمہ کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ واگھہ میں اہم شاہراہوں سے تجاوزات ہٹانے کی مہم جاری ہے۔







پہلے آیئے پہلے پایئے کی بنیاد پر داخلہ جاری ہے

گورنمنٹ ٹیکنیکل ٹریننگ سینٹر ناروال میں شارٹ کورسز آٹو موبائل مکینیکل ٹیکنالوجی (ویلڈر) ۱۱ ڈومیسٹک الیکٹریشن میں داخلہ شروع کر دیا جنکی کلاس ٹائم 8 بجے سے 2 بجے تک۔

چین کے شنگھائی گرینڈ تھیٹر میں ''کلاسک سوان لیک'' پیش کرنے کے بعد شنگھائی بیلے رقاص سامعین کا شکریہ ادا کر رہے ہیں۔ شہباز۔

ہارس اینڈ کیٹل شو 2025ء: مزنگ سے لبرٹی چوک تک ''سائیکلوتھون'' ایونٹ کا انعقاد

فیملی سائیکلوتھون میں 500 کے قریب فیملیز کے مرد و خواتین اور بچوں نے حصہ لیا



لاہور: بارس اینڈ کیٹل شو 2025ء کی مناسبت سے پی ایچ اے کے زیر اہتمام مزنگ سے لبرٹی چوک تک ''سائیکلوتھون'' ریس میں پہلی پوزیشن حاصل کرنے والے وایڈیشن ڈائریکٹر جنرل پی اے ڈیشن راجا نجما 2 لاکھ روپے کا کیش پرائز اور میڈل دے رہے ہیں

بارس اینڈ کیٹل شو 2025ء کی مناسبت سے پی ایچ اے کے زیر اہتمام مزنگ سے لبرٹی چوک تک ×× سائیکلوتھون ×× ایونٹ کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں مرد و خواتین اور بچوں نے بڑی تعداد میں حصہ لیا۔ سائیکلوتھون مقابلے میں حصہ لینے والے شہریوں نے سائیکلنگ ایونٹس کو خوب سراہا۔ فیملی سائیکلوتھون میں 500 کے قریب فیملیز سے مرد و خواتین اور بچوں نے حصہ لیا۔ پہلی پوزیشن حاصل کرنے والے 2 لاکھ، دوسرے پوزیشن حاصل کرنے والے 1 لاکھ روپے جبکہ تیسری پوزیشن حاصل کرنے والے کو 50 ہزار روپے انعام دیا گیا۔ اے سی پی ایچ اے کے زیر اہتمام مزنگ سے لبرٹی چوک تک ×× سائیکلوتھون ×× ایونٹ کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں مرد و خواتین اور بچوں نے بڑی تعداد میں حصہ لیا۔ سائیکلوتھون مقابلے میں حصہ لینے والے شہریوں نے سائیکلنگ ایونٹس کو خوب سراہا۔ فیملی سائیکلوتھون میں 500 کے قریب فیملیز سے مرد و خواتین اور بچوں نے حصہ لیا۔ پہلی پوزیشن حاصل کرنے والے 2 لاکھ، دوسرے پوزیشن حاصل کرنے والے 1 لاکھ روپے جبکہ تیسری پوزیشن حاصل کرنے والے کو 50 ہزار روپے انعام دیا گیا۔ اے ڈی جی ایچ اے سپورٹس عامر ابراہیم نے وزیر مین کیش پرائز، میڈل اور کپ تقسیم کیے۔ اے ڈی جی ایچ اے ڈیشن راجا نجما نے کہا کہ پی ایچ اے بارس اینڈ کیٹل شو کی مناسبت سے شہریوں کیلئے مختلف سرگرمیوں کا انعقاد کر رہا ہے۔ سائیکلنگ صحت اور ماحول دونوں کیلئے مفید ہے۔ سائیکلنگ کے گیئر کو فروغ دے کر صحتمند معاشرے کی بنیاد رکھی جاسکتی ہے۔ شہری سائیکلنگ کو اپنی زندگی کا باقاعدہ حصہ بنا کر صحتمند معاشرے کی تشکیل میں اپنا کردار ادا کریں۔ پی ایچ اے نے حصہ لینے والے زیر تربیت کیڈٹس کو سرٹیفکیٹ اور کیش پرائز دیئے۔ ڈائریکٹر سپورٹس پی ایچ اے ڈی جی ایچ اے ڈیشن راجا نجما اور ڈائریکٹر سپورٹس عامر ابراہیم نے کہا کہ سائیکلنگ فٹنس اور صحت کیلئے بہترین تفریح، ورزش اور کھیل بھی ہے۔ سائیکل چلانا جسمانی صحت کے ساتھ ساتھ ذہنی صحت کیلئے بھی بہت اچھا ہے۔ اہل لاہور بارس اینڈ کیٹل شو کی تقریبات میں اپنے اہل خانہ کے ساتھ شرکت کریں اور اپنی خوشیاں کو دوبالا کرنے کیلئے پارکوں اور تفریحی گاہوں کا رخ کریں۔ پی ایچ اے شہریوں کیلئے زیبرا کراسز، پارک، باغ بنانا، فوڈ سٹریٹ اسٹیڈیم میں شہریوں کیلئے زیبرا کراسز کا قیام ممکن ہے۔ ڈائریکٹر سپورٹس پی ایچ اے عامر ابراہیم نے کہا کہ سائیکلنگ فٹنس اور صحت کیلئے بہترین

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
''روزنامہ قوت لاہور'' (3) 17 فروری 2025ء

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ریونیو کی زیر صدارت ایمرجنسی بورڈ ڈیزاسٹر مینجمنٹ کا اجلاس

ڈسٹرکٹ سیالکوٹ ایمرجنسی کے متعلقہ اسٹیک ہولڈرز کی شرکت، ریسکیو 1122 کے زیر نگرانی فائر فائٹنگ کی آزمائشی مشقوں پر بریفنگ



سیالکوٹ (بیورو خواجہ عامر جاوید) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو محمد اقبال سنگھیڑا نے کہا ہے کہ جنگلات میں لگنے والے آگ پر قابو پانے اور پیدا ہونے والی ممکنہ ہنگامی صورتحال سے موثر طور پر نمٹنے کیلئے ضلع سیالکوٹ کے جنگلات میں ریسکیو 1122 کے زیر نگرانی فائر فائٹنگ کی آزمائشی مشقیں کی جارہی ہیں جس کا مقصد جنگلات میں لگنے والی آگ کو بروقت کنٹرول کرنے کیلئے ایمرجنسی اداروں کی صلاحیت اور استعداد کار کا جائزہ لیکر کمی کوتاہیوں کو دور کرنا ہے۔ یہ بات انہوں نے ڈسٹرکٹ ایمرجنسی بورڈ/ ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی کے مشترکہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس مین ریسکیو 1122، سول ڈیفنس، پولیس، زراعت، پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ، اسپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر، سوشل ویلفیئر، ٹرانسپورٹ اتھارٹی اور محکمہ جنگلات کے مقامی حکام اور فلاحی تنظیموں کے نمائندگان نے شرکت کی۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو محمد اقبال سنگھیڑا کہا کہ ضلع سیالکوٹ میں روڈ ٹریفک حادثات کو روکنے کیلئے روڈ انجینئرنگ کو بہتر کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت پنجاب نے پنجاب روڈ سیفٹی اتھارٹی قائم کردی ہے جس کا مقصد سفر کو محفوظ بنانے اور ٹریفک حادثات کی روک تھام ہے۔ اتھارٹی کی جانب سے موٹر بائیکس کی حد رفتار 60 کلو میٹر فی گھنٹہ مقرر کی گئی ہے جس سے حادثات کی شرح میں بڑی کمی آئیگی۔ انہوں نے کہا کہ موٹر سائیکل کی حد رفتار پر عملدرآمد کیلئے پنجاب روڈ سیفٹی اتھارٹی کے ساتھ مکمر بھرپور آگاہی مہم بھی چلائی جائے گی جس میں ہیلمٹ کے استعمال اور حد رفتار پر انفورسمنٹ کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ آر ٹی اے ڈیپارٹمنٹ ایکسل لوڈ مینجمنٹ پر عملدرآمد کو یقینی بنائے اور اوورلوڈنگ کے خلاف ورزی پر بھرپور کریک ڈاؤن کریں۔

اسٹنٹ کمشنر میر رومان خلیل کی جانب سرکاری دکانوں کی نیلامی کے انتظامات کا جائزہ

سرکاری دوکانوں کی نیلامی کے سلسلہ میں تاجر برادری آج دن 2 بجے جناح چوک میں دھرنا دے گی



عارف والا (امیر احمد خان سے) گورنمنٹ اف پنجاب اور ڈپٹی کمشنر پاکپتن ماریہ طارق اور اسسٹنٹ کمشنر میر رومان خلیل کی جانب سرکاری دکانوں کی نیلامی کے تمام انتظامات مکمل اور تاجر برادری کی طرف سے دھرنے کا اعلان سرکاری دوکانوں کی نیلامی کے سلسلہ میں تاجر برادری آج دن 2 بجے جناح چوک میں دھرنا دے گی مطالبات کی منظوری تک دھرنا جاری رہنے کے امکانات دھرنا محمد حسین حسینی اور شیخ ساجد محمود کی قیادت میں دیا جائے گا تاجر برادری نے انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ دیگر شہروں کی طرح ان کے کرایہ جات میں بھی مناسب اضافہ کیا جائے جبکہ سیکورٹی کی مد میں بھی تاجروں سے لاکھوں روپے کا ڈاکہ ڈالا جارہا ہے دوکانداروں کا مطالبہ ہے کہ دیگر شہروں میں دوکانوں کی پیمائش ڈبل ہے جبکہ عارف والا میں چھوٹی چھوٹی دوکانوں کے کرایہ میں بہت زیادہ اضافہ کیا جارہا ہے جو کہ غریب اور متوسط طبقے کے ساتھ سراسر ظلم اور ناانصافی ہے۔

عظیم الشان تاجدار ختم نبوت کانفرنس کا انعقاد

راجہ فہیم سیالوی کی والدہ کے ایصال ثواب کیلئے محفل کا انعقاد کیا گیا



چکوال (ایم ایوب سلطانی) عظیم الشان تاجدار ختم نبوت کانفرنس بسلسلہ ایصال ثواب والدہ ماجدہ راجہ فہیم سیالوی بمقام جامع مسجد غوثیہ ملوث کلر کہار چکوال میں منعقد ہوئی جس میں تحریک لبیک پاکستان سٹی باڈی چوآ سیدن شاہ کے وفد نے زیر سرپرستی سید طلحہ فاروق شرکت کی جس میں عقیل احمد ناظم خدمت خلق پی پی 21، ناظم اعلیٰ پی پی 21 محمد اسد عطاری، ناظم دفتر محمد ایوب سلطانی شامل تھے تاجدار ختم نبوت کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے عظیم مذہبی سکالر پروفیسر عرفان محمود برق نے کہا کہ ہر چیز پر معافی دی جاسکتی ہے لیکن سرکار دوعالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شان میں گستاخ رسول کو کسی بھی صورت معافی نہیں دی جاسکتی آقائے نامدار صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ناموس پر پہرہ دینا ہر مسلمان پر فرض ہے کوئی بھی مسلمان قادیانی مرتد سے یہ دین تو کیا سلام دعا بھی نہیں کرسکتا کیونکہ وہ بدبخت جہنم کا ایندھن ہیں آخر میں عالم اسلام کے مظلوم فلسطینی اور کشمیر کے مسلمانوں اور ملک پاکستان میں نفاذ شریعت محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لئے خصوصی دعائیں مانگی گئیں۔ ختم نبوت کانفرنس میں تحریک لبیک پاکستان کے ضلعی عہدیداران نے بھی بھاری تعداد میں شرکت کی۔

گوجرانوالہ یوم کاشتکاران فصل گندم کے سلسلہ میں پروگرام کا اہتمام

ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت توسیع ڈاکٹر جاوید اختر، امجد علی بخاری، ریجنل ہیڈ این آر ایس پی، حافظ عنایت اللہ و دیگر مقامی زرعی ماہرین سمیت علاقہ بھر کے ترقی پسند کاشتکاروں کی بھرپور شرکت کی

گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال/ نوید بخاری سے) ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت توسیع ڈاکٹر جاوید اختر اور پرنسپل ایگریکلچر آفیسر/ اسسٹنٹ ڈائریکٹر زراعت (توسیع) گوجرانوالہ محمد اعظم مغل کی زیر صدارت بمقام خوشی مارکی نوشہر ہروڈ فتح والا مرکز قلعہ دیدار سنگھ تحصیل وضلع گوجرانوالہ میں یوم کاشتکاران فصل گندم کے سلسلہ میں پروگرام کا اہتمام کیا گیا جس میں ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت توسیع ڈاکٹر جاوید اختر، امجد علی بخاری، ریجنل ہیڈ این آر ایس پی، حافظ عنایت اللہ و دیگر مقامی زرعی ماہرین سمیت علاقہ بھر کے ترقی پسند کاشتکاروں نے بھرپور شرکت کی پروگرام کے شرکاء ڈاکٹر جاوید اختر محمد اعظم مغل و دیگر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کسانوں کی فلاح و بہبود کے لئے بھرپور کوشاں ہیں اور اس سلسلہ میں متعدد اقدامات کررہی ہیں جن میں کسان کارڈ ٭ گرین ٹریکٹر سکیم ٭ سولر ائریشن اور گندم کے پیداواری مقابلوں کا انعقاد وغیرہ شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ زراعت (توسیع) کی طرف سے جاری کردہ سفارشات پر عمل کرکے ہی کاشت کار اچھی پیداوار حاصل کرسکتے ہیں۔ احمد علی بخاری نے کاشتکاروں سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ محکمہ زراعت (توسیع) کی طرف سے اس طرح کے پروگرام بہت اہمیت کے حامل ہوتے ہیں جن میں اچھی پیداوار حاصل کرنے کے سنہری اصول بتائے جاتے ہیں جن پر عمل کرکے کسان اچھی پیداوار حاصل کرسکتے ہیں۔ انہوں نے کاشتکاروں کو NRSP کی جانب سے ان کی فلاح و بہبود کیلئے شروع کئے گئے مختلف پروگراموں کے متعلق تفصیل سے بات کی۔



پیکا آرڈیننس کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں: شہیر سیالوی

صحافیوں کے ساتھ پچھلے کچھ عرصہ اور ماضی میں ہوا وہ مزمت کے قابل ہے



مصطفیٰ آباد/ للیانی (نمائندہ قوت فیصل خاں) پیکا آرڈیننس کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں، یہ آرڈیننس سچائی اور صحافت کا گلہ گھوٹنے کے مترادف ہے۔ شہیر سیالوی تفصیلات کے مطابق پیپلز پارٹی پاکستان نظریاتی پارٹی کے سربراہ شہیر حیدر سیالوی نے للیانی پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ پیکا آرڈیننس کی شدید الفاظ میں مزمت کرتے ہیں۔ یہ صحافی اور سچائی کا گلہ گھوٹنے کے مترادف ہے۔ ہم صحافتی تنظیموں کو بھی کہتے ہیں کہ وہ سپریم کورٹ جائیں اور یہ سوال اٹھائیں کہ اگر جعلی خبروں کے خلاف لوگوں کو پکڑنے کا آرڈیننس لائے ہیں تو سب سے بڑی جعلی حکومت فارم 47 کی حکومت ہے۔ سب سے پہلے اسی آرڈیننس کے تحت اس حکومت کے خلاف ایکشن لینا چاہیے۔ ہم اب مزید صحافیوں کے خلاف اس قسم کی پابندیاں برداشت نہیں کرسکتے جس طرح کا سلوک پاکستان کے صحافیوں کے ساتھ پچھلے کچھ عرصہ اور ماضی میں ہوا وہ مزمت کے قابل ہے۔ انہوں نے کہا کہ کسی بھی ریاست کا ایک مضبوط ستون ہوتا ہے اس کا آزاد میڈیا۔ میڈیا کی آزادی کے بغیر کوئی ملک بھی ترقی نہیں کرسکتا ہے کیونکہ کسی بھی ملک کی پالیسیز کا تعمیری اور تنقیدی جائزہ لینے کیلئے آزاد میڈیا بنیادی حیثیت رکھتا ہے۔ ہم خلفائے راشدین کا دور دیکھیں تو کسی نے بھی ان کی کسی بات پر یا اقدام پر اعتراض کیا تو انہوں نے خندہ پیشانی کے ساتھ بات کی وضاحت کی۔ جب اسلامی ریاست کی ان جلیل القدر ہستیوں سے سوال ہوسکتا ہے تو آج کے حکمرانوں سے کیوں نہیں ہوسکتا؟ اگر کسی بھی حکمران نے اندرون و بیرون ملک اثاثے بنائے ہیں تو اس سے سوال پوچھا جاسکتا ہے کہ اس نے یہ سب کس طرح بنایا؟ عوام کے ٹیکسز پر آپ حکومت کررہے ہیں تو یہ سوال پوچھنے کا حق پاکستان کی عوام کو حاصل ہے۔

کمشنر گوجرانوالہ کی زیر نگرانی تجاوزات کیخلاف آپریشن

متعدد تجاوزات کنندہ کو 80 ہزار روپے جرمانہ 1 افراد پکڑ کر متعلقہ تھانے میں پرچہ درج کروادیا



گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) کمشنر سید نوید حیدر شیرازی۔ ڈپٹی کمشنر نوید احمد کی ہدایت پر چیف آفیسر حیدر علی چٹھہ کی زیر نگرانی۔ اپریشن اسکواڈ انکروچمنٹ سپرانٹینڈنٹ رحمت علی انصاری۔ انسپکٹر عرفان نسیم بٹ۔ نے سیٹلائیٹ ٹاؤن سمیت دیگر مقامات پر تجاوزات مافیا کے خلاف کاروائی کرتے ہوئے 100 کے قریب عارضی و پختہ تجاوزات کا موقع پر صفایا کردیا جبکہ متعدد تجاوزات کنندہ کو 80 ہزار روپے جرمانہ 1 افراد پکڑ کر متعلقہ تھانے میں پرچہ درج کروادیا۔ چیف آفیسر حیدر علی چٹھہ نے کہا کہ جی ٹی روڈ پر آپریشن کمپیعد ملبہ اٹھانے کا کام مزید تیز کردیا گیا ہے کیونکہ ہمارا مشن شہر کو خوبصورت اور کشادہ بنانا ہے جس کے لیے ہر جگہ سے تجاوزات کا خاتمہ ضروری ہے لہذا جی ٹی روڈ سمیت تمام بازار کو کشادہ خوبصورت بنانے کے لئے انتظامیہ کا بھرپور ساتھ دیں۔

پاکستان کرکٹ بورڈ اور بلائنڈ کرکٹ آکیڈمی کی زیر سرپرستی ہونے والے ٹورنامنٹ کا فائنل گوجرانوالہ نے جیت لیا

جناح اسٹیڈیم میں چار روزہ بلائینڈ کرکٹ ٹونامینٹ جس میں پاکستان کے چار شہروں ملتان۔ سرگودھا۔ ایبٹ آباد اور گوجرانوالا کی بلائینڈ کرکٹ ٹیموں نے حصہ لیا



گوجرانوالا (نویدہ بخاری قوت بیورو) پاکستان کرکٹ بورڈ اور بلائنڈ کرکٹ آکیڈمی کی زیر سرپرستی ہونے والا بلائینڈ کرکٹ ٹورنامنٹ کا فائنل گوجرانوالا اور ایبٹ آباد کے درمیان کھیلا گیا۔ کانٹے دار مقابلے کے بعد گوجرانوالا نے دس وکٹوں سے جیت لیا۔ ایبٹ آباد نے ٹاس جیت کر پہلے کھیلنے کا فیصلہ کیا اور دو وکٹوں کے نقصان پر 225 سکور کیا۔ گوجرانوالا نے بغیر نقصان کے یہ ٹارگٹ 2.17 آوورز میں با آسانی چیز کرلیا۔ کپتان گوجرانوالا اسرار الحسن نے شاندار بیٹنگ کا مظاہرہ کرتے ہوئے 73 بالوں پر 146 سکور کرکے ناقابل شکست رہے اور مین آف دی میچ قرار پائے۔ اور حسنین نے بھی بہترین کھیلتے ہوئے 35 بالوں پر 50 رنز بنائے۔ پلیئر آف دی ٹورنامینٹ ریاست خان۔ زین اشرف اور محمد صفدر رہے۔ اس ٹورنامینٹ کے انتظامات فرخ حبیب علی میر آرٹسٹ۔ ACG گوجرانوالا۔ سید سلطان شاہ صدر آف ورلڈ بلائینڈ کرکٹ کونسل محمد مزمل ریاض صدر جی سی سی۔ بی۔ اور عدنان محمود جنرل سیکرٹری جی سی سی۔ بی فیصل امین خاں ڈویژنل اسپورٹس آفیسر و دیگر شامل تھے۔ آخر میں اے۔ ڈی سی۔ جی فرخ حبیب۔ شیخ فضل جج۔ صدر کلاتھ بورڈ مارکیٹ۔ میاں فضل الرحمن نے کھیلاڑیوں میں انعامات تقسیم کی۔

گوجرانوالہ یوم کاشتکاران فصل گندم کے سلسلہ میں پروگرام کا اہتمام

ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت توسیع ڈاکٹر جاوید اختر، امجد علی بخاری، ریجنل ہیڈ این آر ایس پی، حافظ عنایت اللہ و دیگر مقامی زرعی ماہرین سمیت علاقہ بھر کے ترقی پسند کاشتکاروں کی بھرپور شرکت کی

گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال/ نوید بخاری سے) ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت توسیع ڈاکٹر جاوید اختر اور پرنسپل ایگریکلچر آفیسر/ اسسٹنٹ ڈائریکٹر زراعت (توسیع) گوجرانوالہ محمد اعظم مغل کی زیر صدارت بمقام خوشی مارکی نوشہر ہروڈ فتح والا مرکز قلعہ دیدار سنگھ تحصیل وضلع گوجرانوالہ میں یوم کاشتکاران فصل گندم کے سلسلہ میں پروگرام کا اہتمام کیا گیا جس میں ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت توسیع ڈاکٹر جاوید اختر، امجد علی بخاری، ریجنل ہیڈ این آر ایس پی، حافظ عنایت اللہ و دیگر مقامی زرعی ماہرین سمیت علاقہ بھر کے ترقی پسند کاشتکاروں نے بھرپور شرکت کی پروگرام کے شرکاء ڈاکٹر جاوید اختر محمد اعظم مغل و دیگر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کسانوں کی فلاح و بہبود کے لئے بھرپور کوشاں ہیں اور اس سلسلہ میں متعدد اقدامات کررہی ہیں جن میں کسان کارڈ ٭ گرین ٹریکٹر سکیم ٭ سولر ائریشن اور گندم کے پیداواری مقابلوں کا انعقاد وغیرہ شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ زراعت (توسیع) کی طرف سے جاری کردہ سفارشات پر عمل کرکے ہی کاشت کار اچھی پیداوار حاصل کرسکتے ہیں۔ احمد علی بخاری نے کاشتکاروں سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ محکمہ زراعت (توسیع) کی طرف سے اس طرح کے پروگرام بہت اہمیت کے حامل ہوتے ہیں جن میں اچھی پیداوار حاصل کرنے کے سنہری اصول بتائے جاتے ہیں جن پر عمل کرکے کسان اچھی پیداوار حاصل کرسکتے ہیں۔ انہوں نے کاشتکاروں کو NRSP کی جانب سے ان کی فلاح و بہبود کیلئے شروع کئے گئے مختلف پروگراموں کے متعلق تفصیل سے بات کی۔

بابا گورونانک یونیورسٹی میں انٹرنیشنل پنجابی کانفرنس کا شاندار انعقاد

تقریب کی صدارت وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر محمد افضل نے کی، جبکہ رجسٹرار مبشر طارق بھی اس موقع پر موجود تھے



ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) بابا گورو نانک یونیورسٹی میں انٹرنیشنل پنجابی کانفرنس کا شاندار انعقاد تفصیلات کے مطابق بابا گورو نانک یونیورسٹی ننکانہ صاحب کے شعبہ پنجابی کے زیر اہتمام انٹرنیشنل پنجابی کانفرنس کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب کی صدارت وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر محمد افضل نے کی، جبکہ رجسٹرار مبشر طارق بھی اس موقع پر موجود تھے۔ کانفرس کے دوران صدر شعبہ پنجابی ڈاکٹر سید غضنفر حسین بخاری کے پنجابی ناول "خطاں وچ قید محبت" کی رونمائی کی گئی۔ اس موقع پر معروف ماہرین لسانیات اور ادبی شخصیات نے مقالے پیش کیے، جن میں پروفیسر ڈاکٹر نبیلہ رحمان، پروفیسر ڈاکٹر مجاہد بٹ، کینیڈا سے ڈاکٹر عجائب سنگھ چٹھہ، برطانیہ سے ڈاکٹر مہندر سنگھ دگیر، ڈاکٹر چرن جیت سنگھ گمٹالا، مشہور پنجابی فلمی اداکار رانا جنگ بہادر اور واس جاسکر کیالیہ یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر یاسر نواب شامل تھے۔ مقررین نے ڈاکٹر غضنفر بخاری کو ان کے ناول کی اشاعت پر مبارکباد دی۔ کینیڈا سے آئے پنجابی زبان کے فروغ کے لیے سرگرم ڈاکٹر عجائب سنگھ چٹھہ نے اس موقع پر کہا، "ہم پنجابی زبان کو مرنے نہیں دیں گے، یہ بابا فرید، بابا نانک اور شاہ حسین کی زبان ہے۔"

گیمبر محکمہ ماحولیات فضائی آلودگی پھیلانے والے اداروں کے خلاف کاروائی

قادر آباد اور اس کے گرد ونواح میں فضائی الودگی کا راج وزیر اعلیٰ پنجاب سے نوٹس کا مطالبہ

گیمبر اوکاڑہ چھاؤنی (نامہ نگار) گیمبر محکمہ ماحولیات فضائی آلودگی پھیلانے والے اداروں کے خلاف کاروائی کرنے میں ناکام جس کی وجہ سے گیمبر قادر آباد اور اس کے گرد ونوا میں فضائی الودگی کا راج وزیر اعلیٰ پنجاب سے نوٹس کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق ساہیوال ضلع انتظامیہ اور محکمہ ماحولیات ساہیوال شہریوں کو صاف ستھرا ماحول فراہم کرنے میں مکمل طور پر ناکام گیمبر قادر آباد نور شاہ یوسف والا بگڑی پل اور اس کے گرد ونواح میں اینٹوں والے بھٹوں کی بھرمار جو کہ زہریلا دھواں چھوڑ کر فضا کو زہر الودہ کررہے ہیں جس کی وجہ سے شہری سانس اور مختلف بیماریوں میں مبتلا ہونے لگے لیکن بدقسمتی سے محکمہ ماحولیات کے افسران اپنے اپنے دفاتر میں بیٹھ کر فوٹو سیشن کرنے کے بعد سب اوکے کی رپورٹ پیش کرنے لگے زہریلا دھواں چھوڑنے والے اداروں کے خلاف کاروائی کرنے والا کوئی نہیں گیمبر قادر آباد کی عوام کا وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز۔ چیف سیکرٹری پنجاب کمشنر ساہیوال اور ڈپٹی کمشنر ساہیوال سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ زہریلا دھواں چھوڑنے والے اداروں کے خلاف قانونی کاروائی کرکے کیفر کردار تک پہنچایا جائے۔

مرکزی انجمن تاجراں کوٹ رادھا کشن کا تاجر کنونشن، تقریب حلف برداری کا انعقاد

نومنتخب عہدیداران سے چیئرمین آل پاکستان انجمن تاجراں محمد نعیم میر نے حلف لیا

کوٹ رادھا کشن (کھسیل رپورٹر محمد رمضان) مرکزی انجمن تاجراں کوٹ رادھا کشن کا تاجر کنونشن اور نومنتخب عہدیداران کی تقریب حلف برداری مہمان خصوصی محمد نعیم میر چیئرمین آل پاکستان انجمن تاجران و ملک رشید احمد خان MNA تھے تفصیلات کے مطابق گزشتہ رات نجی شادی حال میں مرکزی انجمن تاجراں کوٹ رادھا کشن کی جانب سے تاجر کنونشن کا اہتمام کیا گیا جسمیں نومنتخب عہدیداران سے چیئرمین آل پاکستان انجمن تاجران محمد نعیم میر نے حلف لیا اس موقع پر تاجر کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے محمد نعیم میر نے پنجاب گورنمنٹ کی جانب سے انکروچمنٹ کے خاتمے کی مہم کا خیر مقدم کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کی کابینہ کو سراہا اور اپنے تاجر بھائیوں کے ہر جائز حقوق کی دہلیز پر فراہمی کی یقین دہانی کروائی جبکہ حافظ عارف گجر صدر کریانہ مرچنٹ لاہور و پنجاب نے حکومتی انکروچمنٹ کے اقدامات کو تاجر دشمنی قرار دیتے ہوئے اسے غریبوں اور چھوٹے تاجروں کے ساتھ ظلم قرار دیا اسی موقع پر ملک رشید احمد خان MNA نے تاجروں سے خطاب کے دوران سرکاری دوکانات پر ظالمانہ ٹیکسز اور سود فیصد اضافے کے خاتمے اور قصبہ کوٹ رادھا کشن کی محرومیاں دور کرنے کی یقین دہانی کروائی جبکہ صدر انجمن تاجراں ملک غلام محی الدین اجمل نے ملک بھر آئے تاجر نمائندوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے انکی آمد پر شکریہ ادا کیا جبکہ جنرل سیکرٹری مرکزی انجمن تاجراں چوہدری رضا محمد نے سپاسنامہ پیش کیا تقریب سے شیخ ریاض احمد جنرل سیکرٹری کریانہ مرچنٹ لاہور، رانا ممتاز احمد خاں صدر انجمن تاجران ضلع قصور محمد آصف کھوکھر جنرل سیکرٹری انجمن تاجران ضلع قصور، میاں شہزاد ساجد چیئرمین انجمن تاجران ضلع قصور محمد اکرم مغل صدر انجمن تاجران قصور اور غلام رسول صدر انجمن تاجران مصطفیٰ آباد نے بھی خطاب کیا جبکہ محمد نعیم میر چیئرمین آل پاکستان انجمن تاجران نے ملک رشید احمد خاں MNA کے ہمراہ نومنتخب عہدیداران سے حلف لیا۔

جامعہ تعلیم القران محلہ چاہ ٹبیا نوالہ والا چنیوٹ میں جلسہ دستار فضیلت منعقد ہوا

قرآن پاک کی تعلیم دنیا اور آخرت میں ذریعہ نجات ہے: علامہ عبدالمجید چشتی



چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) جامعہ تعلیم القران محلہ چاہ ٹبیا نوالہ والا چنیوٹ میں جلسہ دستار فضیلت منعقد ہوا جس میں کثیر تعداد میں علماء کرام اور معززین شہریوں نے شرکت کی تقریب کے دوران معروف عالم دین علامہ عبدالحمید چشتی آف خانیوال، علامہ قمر ظہور ترابی آف سرگودھا نے خطاب کیا اور اپنے خیالات اظہار کرتے ہوئے کہا کہ قرآن پاک کی تعلیم دنیا اور آخرت میں ذریعہ نجات ہے طلبہ اپنی دینی تعلیم مکمل کرکے دعوت وتبلیغ کو عام کریں آج ہمیں ان اسلامی تعلیمات پر عمل پیرا ہونے کی اشد ضرورت ہے جبکہ علامہ ڈاکٹر پروفیسر مفتی محمد امتیاز احمد حقانی نے بھی خطاب کیا اور جامعہ تعلیم القران کی کاوشوں کو سراہا اور تقریب میں علامہ ڈاکٹر مفتی محمد امتیاز احمد حقانی نے طلباء کرام کی دستار فضیلت کی یہ جلسہ قبلہ پیر ڈاکٹر کامران محمود کمال کی زیر صدارت میں ہوا تقریب کے اختتام پر علما کرام نے عالم اسلام اور ملکی ترقی و خوشحالی کیلئے خصوصی دعا کروائیں

انصار موومنٹ پاکستان پنجاب کے عہدیداران کی تقریب حلف برداری 19 فروری کو منعقد ہوگی

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) انصار موومنٹ پاکستان پنجاب کے عہدیداران کی تقریب حلف برداری 19 فروری کو منعقد ہوگی۔ احسان اللہ قادری میڈیا ایڈوائزر انصار موومنٹ حافظ آباد کی جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق انصار موومنٹ پاکستان کے پنجاب کے عہدیداران کی تقریب حلف برداری بروز بدھ 19 فروری سہ پہر 3 بجے زینل ہائٹس جلالپور روڈ پر منعقد ہوگی۔ جس میں انصار موومنٹ پاکستان کے بانی و چیئرمین میاں نور حیدر انصاری، صوبائی صدر محبوب عالم انصاری سمیت پنجاب بھر سے انصار موومنٹ کے عہدیداران اور قائدین شرکت کریں گے۔ انصار موومنٹ حافظ آباد کے عہدیداران پروگرام کو آرگنائز کریں گے اور میزبانی کے فرائض سر انجام دیں گے۔ پروگرام کی تیاریوں اور انتظامات کو حتمی شکل دینے کے سلسلے میں انصار سیکرٹریٹ میں میٹنگز کا سلسلہ جاری ہے۔

جہلم پریس کلب کے نومنتخب عہدیداران کے اعزاز میں مقامی ہوٹل پر ڈنر کا اہتمام

جہلم (بیورو رپورٹ) برطانیہ میں مقیم جہلم کے معروف سینئر صحافی چیف ایگزیکٹو ایم ایم فائیو نیوز مرتضیٰ کیانی نے گزشتہ روز جہلم پریس کلب کے نومنتخب عہدیداران کے اعزاز میں مقامی ہوٹل پر پرتکلف ڈنر کا اہتمام کیا صحافیوں کے ہوٹل پہنچنے پر میزبان مرتضیٰ کیانی نے صحافیوں کا استقبال کیا اس موقع پر جہلم پریس کلب کے نومنتخب جنرل سیکرٹری الیاس صادق وٹو نے فرد فرد عہدیداران و سینئر صحافیوں کا تعارف کروایا جہلم پریس کلب کے ممبران سے گفتگو کرتے ہوئے مرتضیٰ کیانی نے کہا کہ پاک فوج اور پولیس دو ایسے ادارے ہیں جنکی وجہ سے ہم گھروں میں سکون سے آرام کرتے ہیں اور وہ ہماری سرحدوں شہر ضلع کے داخلی وخارجی راستوں پر جاگ کر ہماری جان ومال کی حفاظت کرتے ہیں دونوں اداروں کی خدمات پر انہیں خراج تحسین پیش کرتا ہوں مرتضیٰ کیانی نے کہا کہ جہلم پریس کلب کی نومنتخب ایگزیکٹو باڈی کو بلا مقابلہ کامیابی پر مبارکباد پیش کرتا ہوں۔

پروین زکریا فاؤنڈیشن کیجانب سے رمضان سرگرمیوں کے حوالے سے میٹنگ منعقد ہوئی

امسال مستحقین کیلئے راشن کی تقسیم کیساتھ روزہ افطاری کا اہتمام ہوگا۔ حافظ شاف علی کھانڈ



سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید) پروین زکریا فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام اہم میٹنگ کا انعقاد زیر صدارت حافظ شاف علی کھانڈ ہوا جس میں تمام عہدیداران ومعززممبران نے شرکت کی۔ تلاوت کلام پاک کی بعد اجنڈا میٹنگ کے مطابق میٹنگ کاروائی آگے بڑھاتے ہوئے یہ عندیہ دیا گیا کہ اس سال بھی انشاءاللہ پروین زکریا فاؤنڈیشن ماہ صیام میں مستحق افراد میں راشن کی تقسیم اور مختلف مقامات پر افطار کے اہتمام کا ارادہ رکھتی ہے۔ معزز کرم فرماؤں سے اپیل کی گئی نیکی کے اس اہم مذہبی فریضہ کی ادائیگی میں ہمیں آپکا بھرپور تعاون درکار ہے۔ آپ کے زکوٰۃ و عطیات پروین زکریا فاؤنڈیشن کو دیکھنے اور اس نیک عمل میں ہمارا سہارا بنیں۔ آخر میں دعائے خیر کی گئی اللہ تعالیٰ نیک عمل کی توفیق عطا فرمائے۔

ناجائز منافع خوری کے خلاف سخت اقدامات کیے جائیں گے: ڈپٹی کمشنر

گرانفروشی کرنے والوں کے خلاف ضلع بھر میں سخت کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی



ساہیوال (مہرائے ڈی کیم سپراسے) ڈپٹی کمشنر شاہد محمود نے کہا ہے کہ عوام کو مہنگائی سے بچانے کیلئے ناجائز منافع خوری کے خلاف سخت اقدامات کیے جائیں گے اور گرانفروشی کرنے والوں کے خلاف ضلع بھر میں سخت کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔ وہ یہاں منٹگمری ہال میں ضلع بھر کے پیشل پرائس مجسٹریٹس کی کارکردگی کے جائزہ اجلاس سے خطاب کر رہے تھے، جس میں اشیائے خوردونوش کی قیمتوں، ذخیرہ اندوزی کی روک تھام اور عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل نیاز احمد مغل بھی موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر شاہد محمود نے ہدایت کی کہ تمام پرائس مجسٹریٹس روزانہ کی بنیاد پر مارکیٹوں کا دورہ کریں اور روٹی و بریڈ سمیت دیگر اشیائے صرف کی مقررہ نرخوں پر فروخت یقینی بنائیں۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ گزشتہ پندرہ دن میں ضلع بھر میں درجنوں دکانوں پر چھاپے مارے گئے جس کے نتیجے میں گرانفروشی، ذخیرہ اندوزی اور نرخنامے کی خلاف ورزی پر متعدد دکانداروں کے خلاف کارروائی کی گئی۔ کئی دکانداروں کو جرمانے کیے گئے جبکہ بعض کے خلاف مقدمات درج کر کے قانونی کارروائی عمل میں لائی گئی۔ ڈپٹی کمشنر شاہد محمود نے انسپکشن ٹارگٹ پورا نہ کرنے والے پیشل پرائس مجسٹریٹس کی کارکردگی پر عدم اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے انہیں متنبہ کیا کہ وہ اپنی نگرانی مزید مؤثر بنائیں بصورت دیگر ان کے خلاف بھی تادیبی کارروائی بھی عمل میں لائی جائے گی۔

سینئر صحافی سید ناصر محمود کی نانی اماں قضائے الٰہی سے وفات پاگئیں

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم پریس کلب کے سیکرٹری اطلاعات معروف سینئر صحافی سید ناصر محمود کی نانی اماں قضائے الٰہی سے وفات پاگئیں مرحومہ کی نماز جنازہ انکے آبائی علاقہ چھنی میں ادا کردی گئی تفصیلات کے مطابق جہلم پریس کلب کے سیکرٹری اطلاعات سید ناصر محمود کی نانی اماں مختصر علالت کے باعث گزشتہ روز انتقال کرگئے تھیں مرحومہ کی نماز جنازہ انکے آبائی گاؤں چھنی میں ادا کی گئی نماز جنازہ میں علاقہ کی سماجی رفاہی شہری سیاسی صحافتی تنظیموں کے عمائدین سمیت تمام مکاتب فکر سے تعلق ر

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com
نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

ترقیاتی ممالک کلائمیٹ فنانسنگ کا وعدہ پورا کریں

وزیراعظم شہباز شریف سے پاکستان میں اقوام متحدہ کے ریزیڈنٹ کوآرڈینیٹر محمد سلیمی نے ملاقات کے دوران اس امید کا اظہار کیا کہ ترقی یافتہ ممالک کلائمیٹ فنانسنگ کا وعدہ پورا کریں گے۔ ملاقات میں وزیراعظم نے اقوام متحدہ کی کنٹری ٹیم کی جانب سے پاکستان میں جاری کام کو سراہا اور پائیدار ترقی اور موسمیاتی تبدیلی کے شعبوں میں اقوام متحدہ کے ساتھ تعاون کو مزید مضبوط بنانے پر زور دیا۔ وزیراعظم نے 2022 کے سیلاب میں عالمی حمایت اکٹھا کرنے میں اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوٹیرس کے کردار کو سراہا اور موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے کے مقصد کو آگے بڑھانے کیلئے پاکستان کے مضبوط سیاسی عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ موسمیاتی تبدیلی کے اثرات سے نمٹنے کیلئے کلائمیٹ فنانسنگ ایک اہم جزو ہے، امید ہے ترقی یافتہ ممالک اس سلسلے میں اپنے وعدوں کو پورا کریں گے۔ نومبر 2024 میں آذربائیجان کے دارالحکومت باکو میں ہونیوالی 29ویں کانفرنس آف دی پارٹیز) کوپ (میں پاکستان عالمی برادری کو باور کرا چکا ہے کہ اگر موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے کیلئے بروقت اقدامات نہ کئے گئے تو مستقبل میں اس کرہ ارض کو بہت زیادہ نقصان اٹھانا پڑیگا بالخصوص پاکستان جیسے ترقی پذیر ممالک زیادہ متاثر ہو سکتے ہیں۔ موسمیاتی تبدیلیوں کے نقصانات کا بیشتر ترقی پذیر ممالک کو ہی سامنا ہے لیکن پاکستان سب سے زیادہ متاثر ہونے والے ان 10 ترقی پذیر ممالک میں شامل ہے جہاں بے موسمی بارش اور سیلاب کی تباہ کاریاں سب سے زیادہ ہیں۔ 2022 کے تباہ کن سیلاب سے پاکستان کو 30 ارب ڈالر سے زائد کا نقصان ہوا جس میں ہزاروں عمارتیں تباہ ہوئیں لاکھوں افراد بے گھر ہوئے انسانی جانیں ضائع ہوئیں مویشی ہلاک ہوئے اور ہزاروں ایکڑ پر کھڑی فصلیں تباہ ہوئیں۔ پاکستان تو اپنے وسائل کے مطابق موسمیاتی تبدیلیوں کے بداثرات سے بچنے کیلئے تمام ممکنہ اقدامات کر رہا ہے اسکے باوجود اسے عالمی برادری کی امداد کی اشد ضرورت ہے۔ اسی تناظر میں وزیراعظم شہباز شریف نے اقوام متحدہ کے پلیٹ فارم اور کوپ کانفرنس کے موقع پر پاکستان کے ساتھ کمٹمنٹ کرنے والے ممالک سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ اپنا وعدہ پورا کریں۔ اس حوالے سے پاکستان سمیت کمزور ممالک کی ضروریات کو موثر طریقے سے پورا کرنے کیلئے عالمی موسمیاتی مالیاتی فریم ورک کو ازسرنو تشکیل دینے کی ضرورت ہے۔

معاشی اصلاحات سے معاشی استحکام کا سفر

معاشی ترقی کا خواب اس وقت تک پورا نہیں ہو سکتا جب تک سیاسی استحکام، امن و امان کی بہتر صورتحال اور کاروبار دوست پالیسیوں ہر مشتمل مربوط نظام قائم نہ ہو موجودہ حکومت کے معاشی استحکام کے لیے اٹھائے گئے اقدامات کے نتائج سامنے انا شروع ہیں۔ کرنٹ اکاونٹ سرپلس میں ہے افراط زر کی شرح بھی نیچے ا چکی ہے حکومتی پالیسیاں اور بین الاقوامی ایجنسیوں کی مثبت رینکنگ پاکستان کی معیشت میں بہتری کی گواہی دے رہی ہے شاک مارکیٹ مستحکم پرفارم کر رہی ہے غیر ملکی زرمبادلہ کے ذخائر تین بلین ڈالر سے بڑھ کر 12 بلین ڈالر ہو گئے ہیں ان تمام پالیسیوں کی وجہ سے غیر ملکی سرمایہ کاروں کا پاکستان پر اعتماد بڑھ رہا ہے حکومت کے تمام مثبت اقدامات کی مزید تصدیق بین الاقوامی کریڈٹ رینکنگ ایجنسی فچ نے اپنی حالیہ رپورٹ میں کی ہے فچ رینکنگز نے معاشی استحکام کی بحالی اور غیر ملکی زرمبادلہ ذخائر کو مضبوط رکھنے کے لیے پاکستان کی پیش رفت کا اعتراف کیا ہے، لیکن ساتھ ہی خبردار کیا ہے کہ ڈھانچہ جاتی اصلاحات اور بیرونی فنانسنگ اہم چیلنجز ہیں۔ انہی چیلنجز سے نمٹنے کے لیے حکومت نے اصلاحات رپورٹ جاری کی ہے۔ یہ اپنی نوعیت کی پہلی رپورٹ شمار کی جاتی ہے۔ جس میں جنوری 2024 سے جنوری 2025 کے آخر تک کے دورانیے کا جامع تجزیہ گیا ہے اور پالیسی و گورننس میں ہونے والی تبدیلیوں کو ڈیٹا پر مبنی تفصیلات کے ساتھ پیش کی گئی ہیں۔ یہ پہلا موقع ہے جب پاکستان میں حکومت کی اصلاحاتی ایجنڈے کو منظم انداز میں دستاویزی شکل دی گئی ہے۔ گزشتہ 11 مہینوں میں، 120 سے زائد اصلاحات مختلف شعبوں میں نافذ کی گئیں، جن میں گورننس، اقتصادی پالیسی، قانونی فریم ورک، اور ادارہ جاتی کارکردگی شامل ہیں۔ یہ اقدام پالیسی تبدیلیوں کا درست اور شفاف ریکارڈ فراہم کرنے میں مددگار ثابت ہوگا تاکہ پالیسی ساز ادارے، کاروباری برادری اور بین الاقوامی ادارے پاکستان کے بدلتے ہوئے گورننس ماڈل کے ساتھ موثر انداز میں جڑ سکیں اور ان کا تجزیہ کر سکیں۔ یہ رپورٹ بین الاقوامی رپورٹس کے برعکس، جن میں صرف جنوری سے مئی تک کا ڈیٹا شامل ہوتا ہے، پورے سال کا تجزیہ پیش کرتی ہے تاکہ گورننس، احتساب اور شمولیت پر ایک مکمل اور حقیقت پر مبنی جائزہ فراہم کیا جا سکے۔ رپورٹ کے اہم نکات میں حکومت کی جانب سے کی گئی 120 اصلاحات کا تفصیلی جائزہ شامل ہے، جن میں گورننس، معاشی استحکام، اور سماجی شمولیت شامل ہیں۔ گورننس، احتساب اور شفافیت کے حوالے سے ایک مکمل جائزہ فراہم کیا گیا ہے۔ درست اور مکمل نمائندگی کے حوالے سے پالیسی میں ہونے والی تبدیلیوں کے حقیقی اثرات کو سامنے لایا گیا ہے تاکہ پاکستان کی ترقی کو بہتر انداز میں سمجھا جا سکے۔ کلیدی چیلنجز کا احاطہ اس رپورٹ میں کیا گیا ہے حکومت کی جانب سے معاشی عدم استحکام، بلند افراط زر، کم ہوتے زرمبادلہ کے ذخائر، قرضوں کے دباو، سیاسی پولرائزیشن، اور بیوروکریسی کی غیر موثر کارکردگی جیسے مسائل سے نمٹنے کے لیے کیے گئے اقدامات کی تفصیلات شامل ہیں۔ چند نمایاں



اصطلاحات میں گورننس اور عوامی شعبے کی اصلاحات کی تفصیلات درج ہیں 150000 ?وفاقی ملازمتوں میں کمی کر کے اخراجات کم کیے گئے۔ حکومتی بورڈز میں 33% خواتین کی نمائندگی کو لازمی قرار دیا گیا معاشی و مالیاتی اصلاحات افراطِ زر میں 38% سے کم ہو کر دسمبر 2024 میں 4.1% تک آ گئی۔ جی ڈی پی کی شرح نمو 0.29% سے بڑھ کر 2.38% ہو گئی، اور 2025 میں 3.5% تک پہنچنے کی توقع ہے۔ تجارتی خسارہ $27.47 بلین سے کم ہو کر $17.54 بلین رہ گیا۔ پنشن ریفارمز سے آئندہ 10 سالوں میں 1.7 ٹریلین روپے کی بچت متوقع۔ سرمایہ کاروں کے اعتماد میں بحالی، غیر ملکی سرمایہ کاری میں اضافہ۔ اسمگلنگ اور غیر قانونی تجارتی سرگرمیوں کے خلاف سخت کارروائیاں کی مثبت نتائج سامنے ائے ہیں۔ گرین پاکستان پروگرام کے تحت 67.5 ملین درخت لگائے گئے۔ تعلیم و مہارت کی ترقی 100 (مراکز ای سی ای) ابتدائی بچپن کی تعلیم قائم کیے گئے۔ قومی ڈیجیٹل لرننگ پلیٹ فارم کا آغاز کیا گیا ہے سماجی و انسانی حقوق کی اصلاحات کے حوالے سے خواتین اور بچیوں کے خلاف تشدد کے خاتمے کے لیے قومی پالیسی منظور منظور کی گئی ہے۔ اس وقت ملک کو بیک وقت بہت سے چیلنجز کا سامنا ہے جس میں دہشت گردی، معاشی صورتحال سرفہرست ہیں۔ ان تمام درپیش مشکلات سے اس وقت تک مقابلہ نہیں کیا جا سکتا جب تک معاشرے میں موجود تقسیم کو ختم نہ کیا جا سکے۔ حکومت پر بالخصوص اس کی بھاری ذمہ داری ہوتی ہے کہ ملک میں اتفاق و اتحاد کی فضا پیدا کرنے میں اپنا بھرپور کردار ادا کرے۔ اپوزیشن جماعتوں کا مثبت کردار درپیش چیلنجز نکلنے کے لیے انتہائی اہم ہے۔ معاشی ترقی کا خواب اس وقت تک پورا نہیں ہو سکتا جب تک سیاسی استحکام، امن و امان کی بہتر صورتحال اور کاروبار دوست پالیسیوں ہر مشتمل مربوط نظام قائم نہ ہو موجودہ حکومت کے معاشی استحکام کے لیے اٹھائے گئے اقدامات کے نتائج سامنے انا شروع ہو چکے حکومت کی پالیسیوں کی وجہ سے تمام معاشی عشاریے مثبت پر فارم کر رہے ہیں۔ کرنٹ اکاونٹ سرپلس میں ہے افراط زر کی شرح بھی نیچے ا چکی ہے حکومتی پالیسیاں اور بین الاقوامی ایجنسیوں کی مثبت رینکنگ پاکستان کی معیشت میں بہتری کی گواہی دے رہی ہے شاک مارکیٹ مستحکم پرفارم کر رہی ہے غیر ملکی زرمبادلہ کے ذخائر تین بلین ڈالر سے بڑھ کر 12 بلین ڈالر ہو گئے ہیں ان تمام پالیسیوں کی وجہ سے غیر ملکی سرمایہ کاروں کا پاکستان پر اعتماد بڑھ رہا ہے حکومت کے تمام مثبت اقدامات کی مزید تصدیق بین الاقوامی کریڈٹ رینکنگ ایجنسی فچ نے اپنی حالیہ رپورٹ میں کی ہے فچ رینکنگز نے معاشی استحکام کی بحالی اور غیر ملکی زرمبادلہ ذخائر کو مضبوط رکھنے کے لیے پاکستان کی پیش رفت کا اعتراف کیا ہے، لیکن ساتھ ہی خبردار کیا ہے کہ ڈھانچہ جاتی اصلاحات اور بیرونی فنانسنگ اہم چیلنجز ہیں۔ انہی چیلنجز سے نمٹنے کے لیے حکومت نے اصلاحات رپورٹ جاری کی ہے۔ یہ اپنی نوعیت کی پہلی رپورٹ شمار کی جاتی ہے۔ جس میں جنوری 2024 سے جنوری 2025 کے آخر تک کے دورانیے کا جامع تجزیہ گیا ہے اور پالیسی و گورننس میں ہونے والی تبدیلیوں کو ڈیٹا پر مبنی تفصیلات کے ساتھ پیش کی گئی ہیں۔ یہ پہلا موقع ہے جب پاکستان میں حکومت کی اصلاحاتی ایجنڈے کو منظم انداز میں دستاویزی شکل دی گئی ہے۔ گزشتہ 11 مہینوں میں، 120 سے زائد اصلاحات مختلف شعبوں میں نافذ کی گئیں، جن میں گورننس، اقتصادی پالیسی، قانونی فریم ورک، اور ادارہ جاتی کارکردگی شامل ہیں۔ یہ اقدام پالیسی تبدیلیوں کا درست اور شفاف ریکارڈ فراہم کرنے میں مددگار ثابت ہوگا تاکہ پالیسی ساز ادارے، کاروباری برادری اور بین الاقوامی ادارے پاکستان کے بدلتے ہوئے گورننس ماڈل کے ساتھ موثر انداز میں جڑ سکیں اور ان کا تجزیہ کر سکیں۔ یہ رپورٹ بین الاقوامی رپورٹس کے برعکس، جن میں صرف جنوری سے مئی تک کا ڈیٹا شامل ہوتا ہے، پورے سال کا تجزیہ پیش کرتی ہے تاکہ گورننس، احتساب اور شمولیت پر ایک مکمل اور حقیقت پر مبنی جائزہ فراہم کیا جا سکے۔ رپورٹ کے اہم نکات میں حکومت کی جانب سے کی گئی 120 اصلاحات کا تفصیلی جائزہ شامل ہے، جن میں گورننس، معاشی استحکام، اور سماجی شمولیت شامل ہیں۔ گورننس، احتساب اور شفافیت کے حوالے سے ایک مکمل جائزہ فراہم کیا گیا ہے۔ درست اور مکمل نمائندگی کے حوالے سے پالیسی میں ہونے والی تبدیلیوں کے حقیقی اثرات کو سامنے لایا گیا ہے تاکہ پاکستان کی ترقی کو بہتر انداز میں سمجھا جا سکے۔ کلیدی چیلنجز کا احاطہ اس رپورٹ میں کیا گیا ہے حکومت کی جانب سے معاشی عدم استحکام، بلند افراط زر، کم ہوتے زرمبادلہ کے ذخائر، قرضوں کے دباو، سیاسی پولرائزیشن، اور بیوروکریسی کی غیر موثر کارکردگی جیسے مسائل سے نمٹنے کے لیے کیے گئے اقدامات کی تفصیلات شامل ہیں۔ چند نمایاں اصطلاحات میں گورننس اور عوامی شعبے کی اصلاحات کی تفصیلات درج ہیں 150000 ?وفاقی ملازمتوں میں کمی کر کے اخراجات کم کیے گئے۔ حکومتی بورڈز میں 33% خواتین کی نمائندگی کو لازمی قرار دیا گیا معاشی و مالیاتی اصلاحات افراطِ زر میں 38% سے کم ہو کر دسمبر 2024 میں 4.1% تک آ گئی۔ جی ڈی پی کی شرح نمو 0.29% سے بڑھ کر 2.38% ہو گئی، اور 2025 میں 3.5% تک پہنچنے کی توقع ہے۔ تجارتی خسارہ $27.47 بلین سے کم ہو کر $17.54 بلین رہ گیا۔ پنشن ریفارمز سے آئندہ 10 سالوں میں 1.7 ٹریلین روپے کی بچت متوقع۔ سرمایہ کاروں کے اعتماد میں بحالی، غیر ملکی سرمایہ کاری میں اضافہ۔ اسمگلنگ اور غیر قانونی تجارتی سرگرمیوں کے خلاف سخت کارروائیاں کی مثبت نتائج سامنے ائے ہیں۔ گرین پاکستان پروگرام کے تحت 67.5 ملین درخت لگائے گئے۔ تعلیم و مہارت کی ترقی 100 (مراکز ای سی ای) ابتدائی بچپن کی تعلیم (مراکز قائم کیے گئے۔

اپگریڈ "وژن کی تشکیل: دوطرفہ فائدے کیلئے مشترکہ مستقبل کی نوید

2025، چین کے صدر شی جن پنگ کے 2015 میں پاکستان کے تاریخی دورے اور چین-پاکستان اقتصادی کوریڈور کی "4+1"تعاون کی منصوبہ بندی کے آغاز کی دسویں سالگرہ ہے۔ اس اہم موقع پر پاکستان کے صدر آصف علی زرداری کا چین کا سرکاری دورہ دونوں ممالک کے درمیان تمام شعبوں میں تعاون کو مزید گہرا کرنے اور روایتی دوستی کو مستحکم کرنے کا ایک اہم موقع ثابت ہو رہا ہے۔ دونوں ممالک کے رہنماوں کے اجلاس کے بعد جاری ہونے والے مشترکہ اعلامیہ کے مطابق، دونوں نے چین-پاکستان اقتصادی کوریڈور کے "اپگریڈ "وژن کو آگے بڑھانے اور اس میں "بیلٹ اینڈ روڈ "کے تحت اعلی معیار کے مشترکہ اقدامات کی آٹھ منصوبوں کو پاکستان میں نافذ کرنے پر اتفاق کیا۔ اس کے ساتھ ہی پاکستانی فریم ورک "5Es"کے مطابق " گروتھ کوریڈور"، "یونگ کوریڈور"، "انوینڈو کوریڈور"، " گرین کوریڈور "اور "اوپن کوریڈور " کی تعمیر کی جائے گی، جس سے چین-پاکستان اقتصادی کوریڈور کی تعمیر کو مزید مضبوط بنانے اور اس منصوبے کو نئے مرحلے تک پہنچانے کے لیے کئی اہم اقدامات پر اتفاق کیا گیا۔ چین-پاکستان اقتصادی کوریڈور کی تعمیر 2013 میں شروع ہونے کے بعد سے نہ صرف دونوں ممالک کے عوام کے لیے خوشحالی اور ترقی کے مشترکہ خواب کو حقیقت کا روپ دے رہی ہے بلکہ یہ جنوبی ایشیا کے پورے علاقے کی اقتصادی ترقی کے لیے بھی ایک اہم سنگ میل بن چکا ہے۔ آج، چین-پاکستان اقتصادی کوریڈور "اپگریڈ "وژن کی تعمیر نئی تاریخی ذمہ داریوں اور اسٹریٹجک اہمیت سے بھرپور ہے۔ مستقبل میں، چین اور پاکستان کو مشترکہ طور پر "مشترکہ مشاورت، مشترکہ تعمیر اور مشترکہ استفادہ "کے اصول پر عمل پیرا ہو کر اس دوطرفہ تعاون کے نئے دور کو شروع کرنا چاہیے، اور چین-پاکستان تعلقات کے ایک نئے باب کو رقم کرنا چاہیے۔



اقتصادی کوریڈور دونوں ممالک کے درمیان تعاون کا ایک اہم منصوبہ بن چکا ہے۔ صدر زرداری کے دورہ چین نے اقتصادی کوریڈور کی "اپگریڈ "وژن کی تعمیر کے لیے ایک نیا باب کھولا ہے۔ دونوں ممالک کے تیز رفتار بڑھوتری، "انوینڈو کوریڈور " کی مشترکہ تعمیر، دنیا بھر میں سائنسی اور صنعتی انقلاب کی لہر کے ساتھ، پاکستان کے صدر کے چین کے دورے نے چین-پاکستان کے "انوینڈو کوریڈور " کی مشترکہ تعمیر کے لیے سنگ میل ثابت کیا۔ دورے کے دوران دونوں ممالک نے سائنس و ٹیکنالوجی میں مشترکہ ترقی کے منصوبے پر بات چیت کی اور ٹیکنالوجی کے شعبے میں مزید تعاون کو فروغ دینے کا عہد کیا۔ "انوینڈو کوریڈور "چین-پاکستان اقتصادی کوریڈور کے "اپگریڈ "وژن کی تعمیر نئی تاریخی ذمہ داریوں اور اسٹریٹجک اہمیت سے بھرپور ہے۔ مستقبل میں، چین اور پاکستان کو مشترکہ طور پر "مشترکہ مشاورت، مشترکہ تعمیر اور مشترکہ استفادہ "کے اصول پر عمل پیرا ہو کر اس دوطرفہ تعاون کے نئے دور کو شروع کرنا چاہیے، اور چین-پاکستان تعلقات کے ایک نئے باب کو رقم کرنا چاہیے۔ چین اور پاکستان کے درمیان توانائی کی پیداوار اور الیکٹرک گاڑیوں کے شعبے میں تعاون مزید گہرا ہو رہا ہے۔ صدر زرداری کے دورہ چین کے بعد، " گرین کوریڈور " کی مشترکہ تعمیر دونوں ممالک کے درمیان تعاون کی نئی مثال بنے گی۔ تجارت کی آزادی میں اضافہ، "اوپن کوریڈور " کی مشترکہ تعمیر نئی تاریخی ذمہ داریوں اور اسٹریٹجک اہمیت سے بھرپور ہے۔ مستقبل میں، چین اور پاکستان کو مشترکہ طور پر "مشترکہ مشاورت، مشترکہ تعمیر اور مشترکہ استفادہ "کے اصول پر عمل پیرا ہو کر اس دوطرفہ تعاون کے نئے دور کو شروع کرنا چاہیے، اور چین-پاکستان تعلقات کے ایک نئے باب کو رقم کرنا چاہیے۔

"یونگ کوریڈور " کی مشترکہ تعمیر کے سلسلہ میں پاکستانی چین کی سرمایہ کاری کی ایسوسی ایشن نے اسلام آباد میں جاری کی گئی رپورٹ "شاندار 11 سال -چین کی سرمایہ کاری سے پاکستان کے توانائی کے شعبے کی تعمیر نو "میں بتایا کہ 2013 سے چین-پاکستان اقتصادی کوریڈور کی مشترکہ تعمیر سے اب تک 182,000 ملازمتیں پیدا ہو چکی ہیں اور 46,100 پاکستانیوں کو فنی اور انتظامی تعلیم دی گئی ہے۔ یہ روزگار کی تخلیق پاکستان میں بے روزگاری کے دباو کو کم کرنے اور سماجی استحکام کو فروغ دینے میں اہم کردار ادا کر رہی ہے۔ اب جب کہ چین-پاکستان اقتصادی کوریڈور اعلی معیار کی ترقی کے نئے مرحلے میں داخل ہو چکا ہے، "یونگ کوریڈور " کی تعمیر دونوں ممالک کے تعلیم، صحت اور زراعت کے شعبوں میں نئے تعاون کے ذریعے مزید مضبوط ہو گی۔ سائنس و ٹیکنالوجی میں تعاون کی تیز رفتار بڑھوتری، "انوینڈو کوریڈور " کی مشترکہ تعمیر، دنیا بھر میں سائنسی اور صنعتی انقلاب کی لہر کے ساتھ، پاکستان کے صدر کے چین کے دورے نے چین-پاکستان کے "انوینڈو کوریڈور " کی مشترکہ تعمیر کے لیے سنگ میل ثابت کیا۔ دورے کے دوران دونوں ممالک نے سائنس و ٹیکنالوجی میں مشترکہ ترقی کے منصوبے پر بات چیت کی اور ٹیکنالوجی کے شعبے میں مزید تعاون کو فروغ دینے کا عہد کیا۔ "انوینڈو کوریڈور "چین-پاکستان اقتصادی کوریڈور کے "اپگریڈ "وژن کی تعمیر نئی تاریخی ذمہ داریوں اور اسٹریٹجک اہمیت سے بھرپور ہے۔ مستقبل میں، چین اور پاکستان کو مشترکہ طور پر "مشترکہ مشاورت، مشترکہ تعمیر اور مشترکہ استفادہ "کے اصول پر عمل پیرا ہو کر اس دوطرفہ تعاون کے نئے دور کو شروع کرنا چاہیے، اور چین-پاکستان تعلقات کے ایک نئے باب کو رقم کرنا چاہیے۔

موسمی تبدیلیوں سے مقابلہ کرنے کی صلاحیت؟ (1)

گلوبل کلائمیٹ رسک انڈیکس 2020 کے مطابق پاکستان کو شدید ماحولیاتی چیلنجز کا سامنا ہے، جو کہ موسمیاتی تبدیلیوں کے لیے سب سے زیادہ خطرے سے دوچار ممالک میں پانچویں نمبر پر ہے۔ ملک نے 1999 سے 2018 کے درمیان 152 انتہائی موسمی واقعات کا مشاہدہ کیا، جس کے نتیجے میں 3.8 بلین امریکی ڈالر کا نقصان ہوا۔ پانی کی کمی: پاکستان کے دس بڑے شہروں میں صرف 65.2% گھرانوں کو پائپ کے ذریعے پانی تک رسائی حاصل ہے، جو پانی کی کمی کے مسئلے کو اجاگر کرتا ہے۔ پاکستان نے شدید گرمی کی لہروں کا سامنا کیا ہے، درجہ حرارت 120 F سے زیادہ ہے، جس کے نتیجے میں بڑے پیمانے پر سیلاب اور بنیادی ڈھانچے کو نقصان پہنچا ہے۔ لاہور کی سموگ اور کراچی کی ہیٹ ویوز کے صحت اور معاشی اثرات سنگین ہیں۔ جنگلات کی کمی اور زراعت میں پانی کا غیر پائیدار استعمال ماحولیاتی چیلنجوں کو بڑھا رہا ہے۔ پاکستان نے ماحولیاتی چیلنجوں سے نمٹنے کے لیے کئی اقدامات شروع کیے ہیں، جن میں شامل ہیں: بلین ٹری سونامی تحفظ علاقوں کی پہل ریچارج پاکستان ان اقدامات کا مقصد ماحول کو بہتر بنانا اور بدلتی ہوئی آب و ہوا کا انتظام کرنا ہے۔ تاہم، پاکستان کے ماحولیاتی چیلنجوں کے پیمانے اور پیچیدگیوں سے نمٹنے کے لیے حکومت، نجی شعبے اور افراد کو مل کر کام کرنا چاہیے۔ پاکستان کے ماحولیاتی چیلنجز ملک اور اس کی آبادی کے لیے اہم خطرات ہیں۔ کچھ ممکنہ خطرات میں شامل ہیں: پانی کی ناکافی فراہمی خوراک کی کمی، معاشی نقصانات اور سماجی بدامنی کا باعث بن سکتی ہے۔ گرمی کی لہروں، سیلابوں اور خشک سالی کی بڑھتی ہوئی تعداد اور شدت بڑے پیمانے پر تباہی، نقل مکانی اور جانوں کے ضیاع کا سبب بن ہوا اور پانی کا خراب معیار سانس کی بیماریوں، کینسر



اور دیگر صحت کے مسائل کا باعث بن سکتا ہے۔ جنگلات کی کٹائی، رہائش گاہ کی تباہی اور آب و ہوا میں تبدیلی مقامی انواع کے معدومیت کا باعث بن سکتی ہے، جس سے ماحولیاتی نظام کی خدمات کو نقصان پہنچ سکتا ہے۔ موسمیاتی تبدیلی اور پانی کی کمی زرعی پیداوار کو متاثر کر سکتی ہے، جس سے خوراک کی قلت اور قیمتوں میں اضافہ ہوتا ہے۔ نمایاں معاشی نقصانات کا باعث بن سکتا ہے، جس سے زراعت، سیاحت اور بنیادی ڈھانچہ جیسی صنعتیں متاثر ہوتی ہیں۔ ماحولیاتی تناو سماجی تناو کو بڑھا سکتا ہے، جس سے وسائل، نقل مکانی اور نقل مکانی پر تنازعات پیدا ہوتے ہیں۔ موسمیاتی تبدیلی اور ماحولیاتی انحطاط لوگوں کو ہجرت یا بے گھر ہونے پر مجبور کر سکتا ہے، جس سے مقامی وسائل اور سماجی خدمات پر دباو پڑتا ہے۔ درجہ حرارت میں اضافہ ہیٹ سٹروک، گرمی کی تھکن اور گرمی سے متعلق دیگر بیماریوں کا باعث بن سکتا ہے۔ آلودہ پانی کے ذرائع سے ہیضہ، ٹائیفائیڈ اور اسہال جیسی بیماریاں پھیل سکتی ہیں۔ ہوا کا خراب معیار سانس کی حالتوں کو بڑھا سکتا ہے جیسے دمہ، دائمی رکاوٹ پلمونری بیماری (COPD) اور پھیپھڑوں کا کینسر اضطراب، ڈپریشن اور پوسٹ ٹرامیٹک اسٹریس ڈس آرڈر (PTSD) کا باعث بن سکتا ہے۔ ان ماحولیاتی چیلنجوں سے نمٹنے کے لیے حکومت، نجی شعبے، سول سوسائٹی اور افراد کی جانب سے ان خطرات کو کم کرنے اور پاکستان کے لیے ایک پائیدار مستقبل کو یقینی بنانے کے لیے مشترکہ کوششوں کی ضرورت ہے۔ پاکستان کے آبی وسائل واقعی مشکلات کا شکار ہیں۔ ملک کو پانی کے شدید بحران کا سامنا ہے، 2025 تک مطالبات سپلائی سے زیادہ ہونے کا امکان ہے۔ اس بحران کی وجہ مختلف عوامل ہیں، بارش کے انداز میں تبدیلی اور شدید موسمی واقعات کی بڑھتی ہوئی تعداد نے پاکستان کے آبی وسائل کو نمایاں طور پر متاثر کیا ہے۔ ملک کی تیزی سے بڑھتی ہوئی آبادی نے پانی کی طلب میں اضافہ کیا ہے، جس سے پہلے سے ہی کم وسائل پر دباو پڑ رہا ہے آبپاشی کے غیر موثر نظام اور غیر پائیدار زرعی طریقوں نے پانی کے ضیاع اور کمی میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ پاکستان کے پانی کے بنیادی ڈھانچے بشمول ڈیموں اور نہروں کو مرمت اور اپ گریڈ کرنے کی ضرورت ہے، جس کی وجہ سے پانی کا نمایاں نقصان ہوتا ہے۔ ان چیلنجوں سے نمٹنے کے لیے پاکستان کو کثیر جہتی نقطہ نظر اپنانے کی ضرورت ہے پانی کی بچت کی ٹیکنالوجی اور طریقوں کو نافذ کرنا، خاص طور پر زراعت میں نقصانات کو کم کرنے اور کارکردگی بڑھانے کے لیے پانی کے بنیادی ڈھانچے کو اپ گریڈ کرنا اور پھیلا گرین ہاوس گیسوں کے اخراج کو کم کرنے اور موسمیاتی تبدیلی کے اثرات کے مطابق ڈھالنے کے لیے اقدامات کو نافذ کرنا ہے پانی کے وسائل کو موثر طریقے سے منظم کرنے اور منصفانہ تقسیم کو یقینی بنانے کے لیے اداروں اور پالیسیوں کو مضبوط بنانا پاکستان اپنے ماحولیاتی چیلنجوں سے نمٹنے کے لیے کچھ اقدامات کر رہا ہے، خاص طور پر پانی کے تحفظ کے شعبے میں حکومت نے کلین اینڈ گرین پاکستان "پروگرام جیسے اقدامات شروع کیے ہیں جس کا مقصد ملک بھر میں کچرے کے انتظام، صفائی اور حفظان صحت کے طریقوں کو بہتر بنانا ہے۔ مزید برآں، پاکستان نے اپنے پانی کی کمی کے مسئلے سے نمٹنے کے لیے بھی اقدامات کیے ہیں۔ مثال کے طور پر ملک میں پانی ذخیرہ کرنے کی صلاحیت کو بڑھانے کے لیے دیامر بھاشا ڈیم اور مہمند ڈیم جیسے ڈیموں کی تعمیر جاری ہے۔ تاہم ان کوششوں کے باوجود پاکستان کو اب بھی اہم ماحولیاتی چیلنجز کا سامنا ہے۔ ملک کے پانی کے بحران کی جڑیں آبپاشی کے غیر موثر نظام، غیر پائیدار زرعی طریقوں اور پانی کی موثر حکمرانی کی کمی جیسے مسائل میں گہری ہیں۔ ان چیلنجوں سے موثر طریقے سے نمٹنے کے لیے پاکستان کو مزید جامع انداز اپنانے کی ضرورت ہے جس میں نہ صرف بنیادی ڈھانچے کی ترقی بلکہ پالیسی اصلاحات، عوامی آگاہی مہم اور کمیونٹی کی شمولیت بھی شامل ہو۔) جاری ہے(

پارٹنرشپ یا دوستی کیلئے اہم ترین تحریر

قارئین کرام اکثر و بیشتر زندگی کے تلخ ترین اسباق ہمیں اپنے انتہائی قریبی دوست یا کاروباری شراکت دار یعنی پارٹنرز اور قریبی رشتہ دار دیتے ہیں۔ اپکی کامیابی سے جلنے والے اور اپکو ترقی کی منازل طے کرتا دیکھ کر آپ کے قریب ترین حلقہ کے رشتہ دار یا احباب جب آپ کے ساتھ رقابت حسد و بغض رکھتے اپکو ہرانے یا گرانے کیلئے خطرناک حد تک عملی تدابیر اختیار کرنا شروع کر دیتے ہیں آپ اندازہ بھی نہیں کر پاتے۔ میدان عمل میں مقابلہ نہ کر سکنے والے آپکی خوامخواہ کی مخالفت شروع کر دیتے ہیں۔ تو کیا ہی اچھا ہو کہ ہم ایسے منافقین و حاسدین سے شروع میں ہی بچپنا چھڑا کر ترقی کے سفر میں مخلص احباب کے ہمرقاب ہو جائیں اس کیلئے کچھ آزمودہ سبق درج ذیل ہیں۔ دوستو اگر کوئی آپ کے عشق و محبت میں مبتلا دکھائی دیتے آپ کے ساتھ تعلق بڑھانے کیلئے مشترکہ کاروبار کرنا چاہے تو اس کا مطلب ہے کہ وہ کاروبار میں تم سے زیادہ لینے کی کوشش کریگا اور اپنا روپیہ بچانے گا آسان تر یہ کہ اپنی گاڑی ہو یا پبلک ٹرانسپورٹ اگر کوئی آپ سے دوستی کرنا چاہے تو اسکے ساتھ اپنی گاڑی میں یا ایک پبلک ٹرانسپورٹ میں سفر کریں اگر پیٹرول بھی ہے یا پھر دوران سفر اپنی جیب کو دو اور آپکی پاکٹ پر زیادہ انحصار کرتا ہے۔ اگر کھانے کا آغاز آپ سے کرے اور ادائیگی میں پہل کرے تو پھر شراکتی کاروبار کرو مگر دستاویزی صورت میں لکھ پڑھ کر۔ اگر آپکا پارٹنر



کھانے سے لیکر چھوٹے موٹے خرچ ادائیگیوں پر آپ پر انحصار کرے تو اس کا مطلب ہے کہ وہ کاروبار میں تم سے زیادہ لینے کی کوشش کریگا اور اپنا روپیہ بچائے گا آسان تر یہ کہ اپنی گاڑی ہو یا پبلک ٹرانسپورٹ اگر کوئی آپ سے دوستی کرنا چاہے تو اسکے ساتھ اپنی گاڑی میں یا ایک پبلک ٹرانسپورٹ میں سفر کریں اگر پیٹرول بھی آپ نے خود سے ڈلوایا اور پارٹنر نے اپنے کو کرایہ سے بچایا کسی بھی طریقے سے تو اس کا مطلب ہے کہ وہ آپ سے فائدہ لینا چاہتا ہے دوستی کے قابل نہیں۔ اگر کوئی آپ سے رشتہ جوڑنا چاہے تو اسکی کسی چیز کو معمولی نقصان پہنچا کر اسے غصہ دلاؤ مثلاً اسکے جوتے پر سالن گرانا یا موبائل فون کو میز کے انتہائی کنارے پر رکھنا یا اس کے عینک کو چھیڑنا اگر اس نے اپنی چیز کی قیمتی ہونے کا چرچا کیا تو رشتہ مت جوڑنا کیوں کہ اس کو رشتے سے زیادہ پیسہ پسند ہے۔ اگر آپ کاروبار کرتے ہیں اور کوئی آپ سے اُدھار مانگتا ہے تو اسکو قیمت بہت زیادہ بتانا اگر اسنے قیمت کم کرنے کی کوئی کوشش نہ کی تو ادھار نہ دینا کیونکہ اس کو ادائیگی نہیں کرنی ہے اسلیے قیمت سے دلچسپی نہیں اگر کوئی اپنی ہر دوسری تیسری بات پر قسم اٹھاتا ہو





سرفراز احمد نے چیمپئنز ٹرافی کی سیمی فائنلسٹ ٹیموں کی پیشگوئی کردی

پاکستان، بھارت، آسٹریلیا اور افغانستان کو ممکنہ سیمی فائنلسٹ ٹیمیں قرار دیدیا



کراچی (این این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان سرفراز احمد نے چیمپئنز ٹرافی 2025 کی سیمی فائنلسٹ ٹیموں کی پیشگوئی کر دی۔آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی 19 فروری سے پاکستان میں شروع ہورہی ہے۔ اینوٹ میں بھارت اپنے میچز دبئی میں کھیلے گا۔اینوٹ کیلئے ٹیموں کی جانب سے بھرپور تیاریاں کی جارہی ہیں۔سرفراز احمد نے انگلینڈ، جنوبی افریقا اور نیوزی لینڈ کو سیمی فائنل کی دوڑ سے باہر کرتے ہوئے پاکستان، بھارت، آسٹریلیا اور افغانستان کو ممکنہ سیمی فائنلسٹ ٹیمیں قرار دیا۔سابق کپتان سرفراز احمد کا کہنا ہے کہ اگر مجھے چار سیمی فائنلسٹ چننے ہوں، تو میں اس وقت پاکستان، بھارت، آسٹریلیا اور افغانستان کو منتخب کروں گا لیکن میں کسی بھی ٹیم کو نظر انداز نہیں کروں گا۔سرفراز احمد نے اعتراف کیا کہ پاکستان پر اپنے ہوم گراؤنڈ پر کھیلنے کا دباؤ ہوگا،

بابر برانڈ بن چکے، شاید وہ اسی چیز کا پریشر لیتے ہیں، محمد رضوان

بلرز کی کارکردگی یقینی طور پر تشویشناک ہے، ہمیں فیلڈنگ اور ڈیتھ اوورز میں بولنگ کو بہتر کرنا ہوگا، گفتگو



کراچی (شوبز رپورٹر) قومی وائٹ بال ٹیم کے کپتان محمد رضوان کا کہنا ہے بابر اعظم ایک برانڈ بن چکے ہیں اور شاید وہ اسی چیز کا پریشر لیتے ہیں۔آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی کا افتتاحی میچ 19 فروری کو پاکستان اور نیوزی لینڈ کے درمیان کراچی میں کھیلا جائے گا۔ ٹورنامنٹ جیت کر پاکستانی ٹیم نہ صرف دنیا پر دھاک بٹھا سکتی ہے بلکہ اعتماد کے ساتھ ہوم گراؤنڈ پر میگا ایونٹ کی مہم شروع کر سکتی ہے۔ قومی ٹیم محمد رضوان نے کہا کہ ہمارے بلرز کی کارکردگی یقینی طور پر تشویشناک ہے، ہمیں فیلڈنگ اور ڈیتھ اوورز میں بولنگ کو بہتر کرنا ہوگا، تاہم جیت کیلئے پوری کوشش کرتے ہیں۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ عدم تسلسل تو ہمارے کلچر کا حصہ ہے، ہم زمبابوے کے خلاف بھی ویسا کھیلتے ہیں جیسا آسٹریلیا سے کھیلتے ہیں۔ محمد رضوان نے کہا کہ جنوبی افریقا کے خلاف پانچ پانچ اوور کا پلان لے کر چلے

پاکستانی لڑکوں نے مجھے رلا دیا، راکھی ساونت

مفتی قوی نے بھی شادی کی پیشکش کی، کوئی اپنی بات پر قائم نہیں رہا، بہت پریشان ہوں، اداکارہ



ممبئی (نیٹ نیوز) پاکستانی لڑکوں نے بھارتی رقاصہ اور اداکارہ راکھی ساونت کو رلا دیا۔ایک انٹرویو میں میزبان متعیرا سے گفتگو کرتے ہوئے راکھی نے انکشاف کیا کہ پاکستانی لڑکوں نے انہیں رلا دیا ہے۔انہوں نے کہا کہ پہلے دودی خان نے شادی کا وعدہ کیا تھا، لیکن پھر وہ پیچھے ہٹ گئے اور اپنے بھائیوں سے شادی کی تجویز دینے لگے، اب ایک بار پھر وہ پھولوں اور انگوٹھی کے ساتھ میرے قریب آنے کا دعوی کر رہے ہیں۔ بھارتی اداکارہ نے کہا کہ مفتی قوی کی طرف سے بھی شادی کی پیشکش ہو چکی ہے، لیکن کوئی بھی اپنی بات پر قائم نہیں رہا

بھارتی گلوکار دلجیت دوسانجھ کا پاکستان آنے کا عندیہ

دلجیت دوسانجھ نے انسٹاگرام پر ایک مداح کے سوال کا جواب دیتے ہوئے عندیہ دیا



ممبئی (این این آئی) شائقین گلوکاروں میں ہوتا ہے جو بھارت اور پاکستان دونوں ممالک میں یکساں مقبولیت رکھتے ہیں۔دلجیت دوسانجھ کے دنیا کے مختلف ممالک میں ہونے والے کنسرٹس میں پاکستانی بھی شرکت کرتے اور ان سے اپنی عقیدت کا اظہار کرتے ہیں۔ بھارتی گلوکار کے اس بیان پر پاکستانیوں نے مسرت کا اظہار کیا اور ان سے جلد آنے کی فرمائش بھی کردی۔

ایشا ٹپیل اور غدر 2 کے ڈائریکٹر انیل شرما کے درمیان تنازعہ شدت اختیار کر گیا



ممبئی (نیٹ نیوز) اداکارہ ایشا ٹپیل اور غدر 2 کے ڈائریکٹر انیل شرما کے درمیان تنازعہ شدت اختیار کر گیا۔ ایشا نے سوشل میڈیا پر ویڈیو ثبوت پیش کرتے ہوئے انیل شرما کے اس دعوے کو جھوٹا قرار دیا ہے کہ فلم کے کلائمکس میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی تھی۔اداکارہ نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر کئی ویڈیوز شیئر کیں، جن میں انیل شرما انہیں فلم کے کلائمکس کی تفصیلات بتاتے نظر آ رہے ہیں۔ویڈیو میں واضح طور پر دکھایا گیا کہ فلم کے اصل اسکرپٹ کے مطابق، ایشا کا کردار سکینہ ہی فلم کے ولن کو اس وقت مارتی ہے

انگلینڈ کی شرمناک شکست، میک کولم نے پیٹرسن اور شاستری کا دعویٰ مسترد کر دیا



لندن (این این آئی) انگلش کرکٹ ٹیم کے ہیڈ کوچ برینڈن میک کولم نے انگلینڈ کی شکست کے بعد کیون پیٹرسن اور روی شاستری کے دعویٰ کو مسترد کر دیا ہے۔ میچ کے بعد انگلینڈ کے ہیڈ کوچ میک کولم نے کہا کہ یہ بات کہ انگلینڈ کی ٹیم نے پریکٹس سیشن نہیں کیا یہ حقیقت سے غلط ہے، یہ پورا بیان کہ ہم پریکٹس نہیں کر رہے تھے درست نہیں، ہم پوری طرح سے کافی ٹریننگ کرتے رہے ہیں جبکہ پلیئرز کافی کرکٹ بھی کھیل کر آئے ہیں۔

محمد عامر نے پاکستانی فاسٹ بولرز کو اہم مشورہ دے دیا

پاکستانی بولرز کو اس کا توڑ نکالنا ہوگا کہ اگر پاکستانی وکٹوں پر گیند سوئنگ نہیں ہوگا تو کیسے بولنگ کرنی ہے



کراچی (شوبز رپورٹر) نجی ٹی وی کے چینل پر میزبان نے کہا کہ محمد عامر آپ بہترین فاسٹ بولر رہے، ڈیتھ اوورز میں آپ نے شاندار بولنگ کر کے پاکستان کی کامیابی میں اہم کردار ادا کیا، جنوبی افریقا کے خلاف آخری 10 اوورز میں 110 رنز دیے سلمان علی آغا کے علاوہ رضوان نے سارے بولرز آزما لیے نہ کلاسن کا بلا رکا نہ دیگر جنوبی افریقی بیٹر کا لاٹھی چارج رک سکا اس کا کیا توڑ ہونا چاہیے؟ محمد عامر نے کہا کہ آپ نے اچھا سوال کیا ہے کہ ہمارا ٹورنامنٹ میں جانے سے پہلے یہ مقصد ہوتا ہے کہ پاکستان کی فاسٹ بولنگ فارم میں ہے لیکن اس مرتبہ لگ رہا ہے بولنگ فارم میں نہیں ہے۔انہوں نے کہا کہ شاہین شاہ آفریدی شروع کے پانچ اوورز اچھا کر رہے ہیں لیکن ان کے ساتھ دیگر بولرز نسیم شاہ وغیرہ اچھا نہیں کر رہے۔سابق فاسٹ بولر نے کہا کہ پاکستانی بولرز کو اس کا توڑ نکالنا ہوگا کہ اگر پاکستانی وکٹوں پر گیند سوئنگ نہیں ہوگا تو کیسے بولنگ کرنی ہے،

چیمپئنز ٹرافی سے باہر ہونے کے بعد جسپریت بمراہ کی پوسٹ وائرل



نئی دہلی (این این آئی) بھارتی ٹیم کے مایہ ناز فاسٹ بولر جسپریت بمراہ نے چیمپئنز ٹرافی سے باہر ہونے کے بعد سوشل میڈیا پر پہلی پوسٹ شیئر کر دی۔ پارٹ گوا سکرٹرافی کے دوران جسپریت بمراہ فاسٹ بولر کمر کی انجری کا شکار ہوئے اور گزشتہ دنوں چیمپئنز ٹرافی 2025 سے بھی باہر ہوگئے ہیں۔انگلینڈ کی وائٹ بال سیریز سے باہر ہونے کے باوجود بمراہ کو چیمپئنز ٹرافی کے ابتدائی اسکواڈ میں شامل کیا گیا تھا

بابر اعظم نے ون ڈے کرکٹ میں ایک اور سنگ میل عبور کر لیا

تیز ترین 6 ہزار رنز مکمل، ویرات کوہلی کو پیچھے چھوڑ دیا، فہرست میں پہلے نمبر پر ہاشم آملہ موجود تھے



کراچی (سپورٹس ڈیسک) قومی کرکٹ ٹیم کے مایہ ناز بلے باز بابر اعظم نے ون ڈے کرکٹ میں ایک اور سنگ میل عبور کر لیا۔بابر اعظم نے ون ڈے کرکٹ میں تیز ترین 6 ہزار رنز مکمل کرکے بھارتی بلے باز ویرات کوہلی کو پیچھے چھوڑ دیا۔اس فہرست میں پہلے نمبر پر جنوبی افریقا کے ہاشم آملہ موجود تھے جنہوں نے صرف 123 اننگز میں یہ سنگ میل عبور کیا تھا، دوسرے نمبر پر ویرات کوہلی تھے جنہوں نے 136 اننگز میں یہ کارنامہ سرانجام دیا تھا۔اب بابر اعظم نے 123 اننگز میں 6000 رنز بنا کر ہاشم آملہ سے یہ ریکارڈ چھین لیا ہے، بابر اعظم ون ڈے انٹرنیشنلز میں 6 ہزار رنز مکمل کرنے 11 ویں پاکستانی ہیں۔پاکستان کی جانب سے سعید انور نے 162، محمد یوسف نے 168، جاوید میانداد نے 175، انضمام الحق نے 176، محمد حفیظ نے 196، یونس خان اور شعیب ملک نے 205، اعجاز احمد نے 210 اور سلیم ملک نے 212 میچز میں یہ سنگ میل عبور کیا ہے

رضوان اچھے کپتان، باؤلر منصوبہ بندی سے کھیلیں، سلمان بٹ

محمد حسنین نے وکٹیں ضرور لی ہیں ڈومیسٹک میں مگر ردھم ان کا کہیں پر بھی نظر نہیں آیا، انٹرویو



کراچی (این این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان سلمان بٹ نے اپنے تجزیے میں اس بات پر روشنی ڈالی ہے کہ قومی ٹیم کی بولنگ کیوں فلاپ ہو رہی ہے۔نجی چینل پر پاکستان ٹیم کی پرفارمنس کے حوالے سے اظہار خیال کرتے ہوئے سلمان بٹ نے کہا کہ محمد رضوان اچھی کپتانی کرتا ہے لیکن اگر بولر منصوبہ بندی کے مطابق بولنگ نہ کرے تو کوئی بھی کپتان کچھ نہیں کر سکتا، اگر آپ کی بولنگ سے ڈیلیوریز وکٹیں ضرور لی ہیں ڈومیسٹک میں مگر ردھم ان کا کہیں پر بھی نظر نہیں آیا، انٹرویو ہو یا رہا تو پھر کپتان بھی کچھ نہیں کر سکتا۔سلمان بٹ نے کہا کہ پانچویں بولر کے طور پر آغا سلمان اور خوشدل شاہ کو استعمال کیا جا رہا ہے اور وہ دونوں فل فلیش بولر نہیں ہیں، تو ایسے میں کپتان وہاں پر بھی چانس لیتا ہے اور آپ کو اپنی ریسورس کے مطابق ہی چلنا ہوتا ہے۔انھوں نے کہا کہ محمد حسنین نے

انگلش پریمیئر لیگ میں فٹبال

فیلڈ اکھاڑا بن گئی، کھلاڑی گتھم گتھا

گوڈیسن (این این آئی) انگلش پریمیئر لیگ میں فٹبال فیلڈ اکھاڑا بن گئی، کھلاڑی گتھم گتھا ہو گئے۔گوڈیسن پارک میں کھیلے گئے انگلش پریمیئر لیگ کے آخری میچ میں ایورٹن نے لیورپول کے خلاف انجری ٹائم میں دوسرا گول سکور برابر کرتے ہوئے میچ 2-2 سے ڈرا کر دیا۔مقررہ 90 منٹ کے کھیل کے بعد پانچ منٹ کا ایکسٹرا ٹائم دیا گیا لیکن آن فیلڈ انجری کی وجہ سے اضافی وقت کو بڑھا دیا گیا جس کے نتیجے میں ایورٹن کے جیمز ٹارکوسکی نے 98 ویں منٹ میں برتری کو برابر کیا۔گول کے بعد ایورٹن کے مداح میدان پر امڈ آئے اور کھلاڑیوں کے ساتھ جشن منانے لگے

پاکستانی ٹیم چیمپئنز ٹرافی ایک بار پھر جیتے گی، محسن نقوی

نیدرلینڈ سفارتخانے کی جانب سے ڈچ اور جرمن ہاکی کلبز کی ٹیموں کے اعزاز میں استقبالیہ



لاہور (میاں شہروز سے) چیئرمین پی سی بی محسن نقوی نے کہا کہ پاکستانی ٹیم چیمپئنز ٹرافی ایک بار پھر جیتے گی۔نیدرلینڈ سفارتخانے کی جانب سے ڈچ ہاکی کلب اور جرمن ہاکی کلب کی ٹیموں کے اعزاز میں استقبالیہ تقریب کا انعقاد کیا گیا۔۔نیدرلینڈ کی سفیر ہنی ڈی وریز نے چیئرمین پی سی بی محسن نقوی کا استقبال کیا۔محسن نقوی کا ڈچ اور جرمن ہاکی کلب کے کھلاڑیوں سے تعارف کرایا گیا۔

کرسٹیانو رونالڈو 2024 سب سے زیادہ کمانیوالے کھلاڑیوں میں سرِ فہرست

لزبن (آئی این پی) پرتگالی اسٹار فٹ بالر کرسٹیانو رونالڈو 2024 سب سے زیادہ کمانے والے کھلاڑیوں میں سرِ فہرست ہیں۔ڈیجیٹل پلیٹ فارم اسپورٹیکو نے 2024 میں سب سے زیادہ کمانے والے ٹاپ 100 ایتھلیٹس کی فہرست جاری کردی جس میں کرسٹیانو رونالڈو پہلے نمبر پر ہیں، ان کی آمدن 26 کروڑ امریکی ڈالرز ہے۔ ان کی آمدنی کا بڑا حصہ سعودی عرب کے کلب النصر اور پرتگال کی قومی ٹیم کے ساتھ کھیلنے سے حاصل ہوا، جبکہ 45 ملین ڈالرز انہوں نے مختلف برانڈز کے ساتھ اشتہارات سے کمائے۔

رام چرن اور الوارجن کے درمیان دراڑیں پڑنے لگیں

رام چرن نے الوارجن کو انسٹاگرام پر ان فالو کر دیا جس کے بعد سے اس معاملے پر مزید چہ مگوئیاں شروع



ممبئی (نیٹ نیوز) جنوبی بھارت کے نامور اداکاروں رام چرن اور الو ارجن کے درمیان دراڑیں پڑنے لگی ہیں۔ رام چرن نے اپنے کزن الوارجن کو انسٹاگرام پر ان فالو کر دیا جس کے بعد سے اس معاملے پر مزید چہ مگوئیاں شروع ہو گئیں۔ آندھرا پردیش کے انتخابات سے قبل جب الوارجن نے اپنے چچا پون کلیان کے سیاسی مخالف شلپا روی چندرا کشور ریڈی کی حمایت میں ٹویٹ کیا، تب سے کنڈیلا اور الو خاندانوں کے درمیان کشیدگی کی افواہیں گردش کر رہی ہیں۔اس تنازعے کو مزید ہوا تب ملی جب حال ہی میں رام چرن نے الو ارجن کو انسٹاگرام پر ان فالو کیا، جس کے بعد مداحوں نے قیاس آرائیاں شروع کر دیں کہ دونوں کزنز کے تعلقات میں دراڑ آ چکی ہے۔مداحوں نے یہ نوٹ کیا کہ رام چرن نے انسٹاگرام پر الوارجن کو ان فالو کر دیا۔

وینا ملک کی نئی تصاویر نے مداحوں میں کھلبلی مچا دی

وینا ملک نے گزشتہ سال دلہن کے لباس میں تصاویر شیئر کر کے سب کو حیران کر دیا تھا



کراچی (شوبز رپورٹر) پاکستانی باصلاحیت اداکارہ، میزبان و ماڈل وینا ملک کی نئی تصاویر نے مداحوں میں کھلبلی مچا دی ہے۔اداکارہ، گلوکارہ، ماڈل و کامیڈین وینا ملک نے صبح صبح انسٹاگرام پر اپنی نئی تصاویر شیئر کی ہیں جن میں انہیں ایک لڑکے کے ساتھ بے باک انداز میں بیٹھے دیکھا جا سکتا ہے۔اس نامعلوم لڑکے کے ساتھ وینا ملک کے بیٹھنے کا انداز بتا رہا ہے کہ یہ کوئی غیر نہیں بلکہ اداکارہ کے قریبی دوستوں میں سے ہے۔اداکارہ نے اس پوسٹ کے کمنٹ باکس میں کو بو لکھا ہے۔دوسری جانب ان کے مداحوں و صارفین نے کمنٹ باکس میں سوالوں اور دعوں کا انبار لگا دیا ہے۔متعدد صارفین کی جانب سے دعوی کیا جا رہا ہے کہ یہ لڑکا شہریار ہو سکتا ہے صارفین اپنی پسندیدہ اداکارہ سے سوال کرتے نظر آ رہے ہیں کہ یہ شخص کون ہے؟

مہوش حیات کی ڈرامہ انڈسٹری میں گرینڈ واپسی

مہوش حیات آخری بار 2016 میں ڈرامہ سیریل دل لگی میں نظر آئی تھیں



کراچی (این این آئی) پاکستان شوبز انڈسٹری کی نامور اور خوبرو اداکارہ مہوش حیات ایک بار پھر ٹی وی اسکرینز پر گرینڈ واپسی ہو رہی ہے، ان کے نئے ڈرامے کا ٹیزر منظرِ عام پر آ گیا ہے جس نے آتے ہی سوشل میڈیا پر دھوم مچا دی ہے۔سیون اسکائی انٹرٹینمنٹ کے یوٹیوب چینل پر ریلیز ٹیزر کو کئی گھنٹوں میں ہی لاکھوں افراد دیکھ چکے ہیں۔ سنسنی خیز اور تجسس سے بھرپور ڈرامے میں مہوش حیات کے کم بیک کو مداح خوب پسند کر رہے ہیں جو جلد جیو انٹرٹینمنٹ پر نشر کیا جائے گا۔ڈرامے کی کہانی محبت، معمے اور گہرے رازوں پر مبنی ہوگی

ہانیہ عامر اپنے بولڈ فوٹو شوٹ کے باعث شدید تنقید کی زد میں آ گئیں



لاہور (این این آئی) معروف اداکارہ ہانیہ عامر اپنے بولڈ فوٹو شوٹ کے باعث شدید تنقید کی زد میں آ گئیں۔ جس میں وہ ایک مرمیڈ کی طرح پانی میں ادائیں دکھاتی نظر آ رہی ہیں، ہانیہ پہلی بار انسٹاگرام پر اپنے جرات مندانہ انداز کو دکھانے آئی تھیں لیکن مداحوں کو یہ بالکل پسند نہ آیا اور انہوں نے اداکارہ کو آڑے ہاتھوں لے لیا۔بہت سے لوگوں نے اسے اخلاقیات کے خلاف قرار دیتے ہوئے تبصرے کیے اور کہا کہ اداکارہ کو انسٹاگرام پر سے یہ پوسٹ ہٹا دینا چاہیے،

گوہر رشید اور کبری خان رشتہ ازدواج میں منسلک، عمرہ ادا کیا



لاہور (این این آئی) پاکستان شوبز کے معروف اداکار مرزا گوہر رشید اور اداکارہ کبری خان رشتہ ازدواج میں منسلک ہو گئے۔گوہر رشید اور کبری خان نے انسٹاگرام پر نکاح کے بعد عمرے کی ادائیگی کی تصاویر شیئر کی ہیں۔تصویر میں گوہر اور کبری خان کو خانہ کعبہ کے خلاف کو ہاتھ لگاتے اور خانہ کعبہ کے سامنے ایک دوسرے کو مسکراتے ہوئے دیکھ کر تصویر بنواتے دیکھا جا سکتا ہے۔

شاہ رخ، زہان کپور کا نیا اشتہار سوشل میڈیا پر ہلچل مچانے میں کامیاب

یہ اشتہار مشروب کمپنی کے لیے تیار کیا گیا ہے اور ہیش ٹیگ دم ہے تو دکھا کے ساتھ شیئر کیا جا رہا ہے



ممبئی (این این آئی) لیجنڈ اداکار شاہ رخ خان اور ششی کپور کے پوتے زہان کپور نے ایک نئے اشتہار میں اکٹھا کام کیا ہے جو سوشل میڈیا پر تیزی سے وائرل ہو رہا ہے۔اس اشتہار میں دونوں اداکاروں کو طاقتور اداتار میں دکھایا گیا ہے، جو مداحوں کو ان کی اسکرین کیمسٹری سے متاثر کر رہا ہے۔ اشتہار میں زہان کپور سرفنگ کے لیے تیار ہیں، تاہم، موسم کے خراب حالات اور بپھرا ہوا سمندر ان کے راستے میں رکاوٹ ہیں۔

ماورا اور امیر کی پہلی ڈھولکی کی ان دیکھی تصاویر



لاہور (این این آئی) حال ہی میں شادی کے بندھن میں بندھنے والی شوبز جوڑی اداکارہ ماورا حسین اور اداکار امیر گیلانی نے پہلی ڈھولکی کی ان دیکھی تصاویر شیئر کر دیں۔ انسٹاگرام پر اداکارہ نے اپنے شوہر اور اداکار امیر گیلانی کو ٹیگ کرتے ہوئے پہلی ڈھولکی کی خوبصورت تصاویر شیئر کی ہیں۔تصاویر میں اداکارہ ویلویٹ کی سرخ فراک میں انتہائی خوبصورتی نظر آ رہی ہیں



کم وقت میں اچھی اور گہری نیند کے نسخے

اقصی ناز ایڈووکیٹ

ہم اکثر کم سونے پر فخر کرتے ہیں اور کم سونے کو اپنے زیادہ مصروف ہونے کا پیمانہ قرار دیتے ہیں۔تھامس ایڈیسن، مارگریٹ تھیچر، مارتھا سٹیورٹ اور ڈونلڈ ٹرمپ سب کا دعویٰ ہے کہ وہ رات کو صرف چار سے پانچ گھنٹے سوتے ہیں۔ماہرین کی عمومی رائے یہ ہے کہ بالغ افراد کو روزانہ سات سے نو گھنٹے سونا چاہیے لیکن ایک تہائی امریکی بالغ افراد کو باقاعدگی سے مناسب نیند نہیں آتی ہے۔کم سونے کے صحت پر بہت مضر اثرات ہیں جن میں یادداشت کی کمی، فیصلے کرنے کی صلاحیت میں کمی، انفیکشن اور موٹاپے میں اضافہ وغیرہ شامل ہیں۔ عام طور پر لوگ ان خطرات کو جانتے ہیں، لیکن ان کو نظر انداز کرتے ہیں۔جب بھی ہمیں کسی کام کے لیے اضافی وقت درکار ہوتا ہے تو پہلی قربانی نیند کی ہوتی ہے۔کیا ہوگا کہ اگر ہم کم وقت میں گہری نیند کے زیادہ فوائد حاصل کر سکیں؟ نیند کی نئی آپٹائزیشن ٹیکنالوجی کے سبب اب ایسا ہونا ممکن نظر آ رہا ہے۔دنیا بھر کے تجربات سے یہ بات ثابت ہوئی ہے کہ رات کو گہری نیند میں جانے اور دماغ کی استعداد دونوں میں اضافہ کیا جا سکتا ہے۔عام راتوں میں دماغ نیند کے کئی مراحل سے گزرتا ہے۔ ہر مرحلے میں دماغ کی لہروں کا ایک خاص پیٹرن ہوتا ہے جس میں نیوران ایک ساتھ ایک لے پر متحرک ہوتے ہیں بالکل ویسے ہی جیسے کوئی ہجوم اکٹھے گانا گا رہا ہو یا ایک ساتھ ڈھول بجا رہا ہو۔آنکھوں کی تیز رفتار حرکت (آر ای ایم) کے دوران یہ لے کافی تیز ہوتی ہے۔ اس وقت خواب دیکھنے کے امکانات سب سے زیادہ ہوتے ہیں۔ایک موقع پر ہماری آنکھوں کی پتلیوں کی رفتار رک جاتی ہے، خواب غائب ہو جاتے ہیں اور دماغ کی لہروں کی لے ایک بیٹ فی سیکنڈ میں کم ہو جاتی ہے۔ یہی وہ وقت ہے جب ہم گہری نیند میں چلے جاتے ہیں۔اس لاشعوری حالت کو 'سلو ویوز' یا سست رفتار لہر والی نیند کہتے ہیں۔ یہ وہ مرحلہ ہے جس میں سائنسدان نیند کے بہترین استعمال کے لیے دلچسپی رکھتے ہیں۔ سنہ 1980 کی دہائی سے جاری تحقیق سے ثابت ہوا ہے کہ دماغ کی بحالی کے لیے سلو ویو والی نیند ضروری ہے۔اسی وقت دماغ قلیل مدتی یادوں کو طویل المیعاد ذخائر میں بھیجتا ہے تاکہ ہم نے جو کچھ سیکھا ہے اسے فراموش نہ کریں۔جرمنی کی ٹیوبنگن یونیورسٹی میں میڈیکل سائیکالوجی اینڈ نیورو بیالوجی ڈیپارٹمنٹ کے ڈائریکٹر جان بورن کا کہنا ہے کہ معلومات کی ترسیل سست لہریں کرتی ہیں۔یہ لہریں دماغ میں خون اور دماغی شریانوں کے بہاؤ کو متحرک کر سکتی ہیں اور اس سے اعصاب کے لیے نقصان دہ ملبے کو باہر کیا جاتا ہے۔ یہ لہریں تناؤ پیدا کرنے والے کورٹیسول ہارمون کو کم کرتی ہیں اور مدافعتی نظام کو مضبوط بنانے میں مددگار ثابت ہوتی ہیں۔اس طرح کے نتائج نے سائنس دانوں کو یہ سوچنے پر مجبور کیا ہے کہ آیا ہم ان چھوٹی موٹی لہروں کی پیداوار میں اضافہ کر کے نیند کے فوائد میں اضافہ کر سکتے ہیں؟ ایسا کرنے کی سب سے معتبر تکنیک دماغ کی صحیح لے کو شمار کرنے والے میٹرنوم کی طرح کام کرتی ہے۔ تجربے کے شرکا ایک ہیڈ سیٹ پہنتے ہیں جو ان کے دماغ کی حرکت کو ریکارڈ کرتا ہے اور پتا چلتا ہے کہ سست لہریں کب بننا شروع ہوئیں۔ پھر یہ آلہ دماغ کی قدرتی طور پر سست رفتار لہروں کے ساتھ وقفے وقفے سے اسی سے ملتے جلتے میٹھے سُر بجاتا ہے۔ یہ آوازیں اتنی آہستہ ہیں کہ ان سے نیند متاثر نہیں ہوتی لیکن یہ اتنی تیز ضرور ہوتی ہیں کہ دماغ انھیں لاشعوری حالت میں بھی ریکارڈ کر لیتا ہے۔ بورن نے اس طرح کے کئی تجربات کیے ہیں۔ انھیں معلوم ہوا کہ یہ میٹھی آوازیں دماغ کی لے کو تقویت دینے کے لیے کافی ہیں۔ یہ آوازیں سلو ویو نیند کو مزید گہرا کرتی ہیں۔ ہیڈ سیٹ پہننے والے شرکا نے میموری ٹیسٹ میں بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔ انھیں ایک دن پہلے سنی ہوئی باتیں بھی یاد رہیں۔ان کے ہارمون کا توازن بھی بہتر ہوا، کورٹیسول کی سطح میں کمی آئی اور مدافعتی ردعمل میں بہتری آئی۔ ابھی تک ہونے والے تجربے میں شرکا نے کسی ناپسندیدہ ردعمل کی اطلاع نہیں دی ہے۔ بورن کا کہنا ہے کہ 'ہم پوری طرح مطمئن نہیں لیکن ابھی تک کوئی واضح مضر اثرات نظر نہیں آئے۔' گہری نیند کو فروغ دینے والے زیادہ تر تجربات نوجوانوں اور صحتمند افراد کے ایک چھوٹے سے گروپ پر کیے گئے ہیں۔ اس کے فوائد کے بارے میں مستند رائے دیے جانے سے پہلے مختلف گروہوں پر بڑے پیمانے پر تجربے کی ضرورت ہے۔موجودہ شواہد کی بنیاد پر اس تکنیک کا استعمال کرتے ہوئے رات کو پہننے والے کچھ ہیڈ بینڈز بنائے گئے ہیں۔فرانسیسی سٹارٹ اپ کمپنی ڈریم کے ہیڈ بینڈ کی قیمت تقریباً 330 پاؤنڈ ہے۔اس میں آواز کے محرک استعمال سے گہری نیند میں اضافہ کیا جاتا ہے۔ یہ ہیڈ بینڈ ایک ایسی ایپ سے بھی جڑتا ہے جو نیند کے نمونوں کا تجزیہ کرتا ہے اور اچھی نیند کے لیے عملی مشورے فراہم کرتا ہے۔اس میں توجہ اور سانس لینے کی مشقیں شامل ہیں تاکہ آپ رات کو جلد سو جائیں اور رات میں نیند کم متاثر ہو تاکہ پوری رات اچھی نیند آئے۔ فلپس کمپنی نے نیند کی کمی کے مضر اثرات کو کم کرنے کے لیے سمارٹ نیند یا گہری نیند کا ہیڈ بینڈ تیار کیا ہے۔فلپس کے چیف سائنٹفک افسر ڈیوڈ وائٹ کے مطابق ان کا ہیڈ بینڈ ان لوگوں کے لیے ہے جو کسی بھی وجہ سے کافی نیند نہیں لے رہے ہیں۔ ڈریم کے ہیڈ بینڈ کی طرح فلپس نے بھی سنہ 2018 میں اپنا پہلا ہیڈ بینڈ لانچ کیا۔ یہ دماغ کی برقی حرکتوں کا احساس کرتا ہے اور باقاعدہ وقفوں سے کچھ میٹھی آوازوں کا اخراج کرتا ہے جو ایسی ہی لہریں پیدا کرتا ہے جو گہری نیند کی خصوصیت ہے۔ یہ ایک ایسے سمارٹ سافٹ ویئر پر مبنی ہے جو مختلف لوگوں کے لیے آواز کی شدت کو کنٹرول کرتا ہے۔ یہ ہیڈ بینڈ امریکہ میں 399 ڈالر میں دستیاب ہے۔ وائٹ نے اعتراف کیا ہے کہ یہ آلات رات کی نیند کا مکمل متبادل نہیں، لیکن نیند سے محروم لوگوں کی مدد ضرور کر رہے ہیں۔نیند کی کمی کے شکار افراد میں یہ مشینیں یادداشت کی کمی جیسے ذیلی اثرات کو بھی کم کرتا ہے۔ مونٹریال کی کونکورڈیا یونیورسٹی کی آرور پیرالٹ نے ایک راکنگ بستر کا تجربہ کیا ہے جو ہر چار سیکنڈ میں آہستہ آہستہ آگے پیچھے جھولتا ہے۔ یہ تکنیک ان کے ایک ساتھی کے نومولود بچے کو سلانے سے لی گئی ہے۔ان کی ٹیم سوچ رہی تھی کہ کیا بالغ افراد بھی جھولوں سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔انھوں نے پایا کہ شرکا جلد ہی گہری نیند میں چلے گئے اور زیادہ دیر اسی حالت میں رہے کیونکہ دماغ کی لہریں بیرونی رفتار کے ساتھ مطابقت پذیر تھیں۔ رات بھر سونے کے بعد وہ تناؤ سے پاک محسوس کر رہے تھے۔اس سے ان کی یاد اور سیکھنے کی صلاحیت پر بھی اچھے اثرات پڑے۔اگر اس قسم کی چارپائی مارکیٹ میں آ جاتی ہے تو پھر یہ آواز کو متحرک کرنے والے ہیڈ بینڈ جیسے مقصد کو پورا کرے گی۔ پیرالٹ یہ جاننا چاہتے ہیں کہ آیا یہ بوڑھے لوگوں کے لیے مددگار ثابت ہو سکتا ہے۔ بڑھتی عمر کے ساتھ گہری نیند کی مقدار کم ہوتی جاتی ہے جو یادداشت کو بھی متاثر کرتی ہے۔ پیرالٹ کو امید ہے کہ جھولنے والی چارپائی اس سے نمٹنے کا ایک طریقہ ہو سکتی ہے۔ یہ شعبہ ابھی ابتدائی مراحل میں ہے لیکن ان سٹڈیز سے پتا چلتا ہے کہ ہماری نیند کو بڑھانے کے لیے بہت کچھ کیا جا سکتا ہے۔ پیرالٹ اور بورن دونوں صوتی محرک کا استعمال کرتے ہوئے سست لہریں پیدا کرنے والی اشیا کے متعلق پر امید ہیں۔ پیرالٹ کا خیال ہے کہ تجربہ گاہ سے باہر کے حالات میں مزید جانچ کی ضرورت ہے۔ مستقبل میں یہ دیکھنا دلچسپ ہوگا کہ کیا ایسی نیند بھی طویل مدتی فوائد فراہم کر سکتی ہے؟ طویل عرصے تک نیند کی کمی سے ذیابیطس اور الزائمر جیسی بیماریوں کے خطرات بڑھ جاتے ہیں، لیکن یہ ابھی تک واضح نہیں ہے کہ آیا نئی ٹیکنالوجی ان خطرات کو کم کرنے میں مددگار ثابت ہوگی یا نہیں۔اب تک طویل مدتی اور قلیل مدتی یعنی ہر طرح کے فوائد حاصل کرنے کا صرف ایک ہی گارنٹی والا راستہ ہے اور وہ ہے پوری نیند لینا۔ چاہے آپ یہ ڈیوائسز خریدیں یا نہ خریدیں، آپ کو رات کے وقت جلدی سونے کی کوشش کرنی چاہیے، شراب، کیفین کی مقدار کم کرنا چ

روزنامہ قوت لاہور
بانی چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

طلبا صرف قرآن کے قاری یا حافظ نہیں بلکہ قرآن کے عالم بنیں: پروفیسر یاسین ظفر

قرآن علوم وفنون کا سمندر ہے اور کائنات کی تمام زبانوں، ثقافت وروایات اور فلسفہ وحکمت کا خلاصہ ہے: پرویز خالد شیخ، مولانا ندیم شہباز، مولانا نجیب اللہ طارق



فیصل آباد (ملک بشیر احمد) جامعہ سلفیہ کے زیر اہتمام جامع مسجد غفور کریم عبد اللہ گارڈن میں تکمیل حفظ القرآن کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے پروفیسر یاسین ظفر، پرویز خالد شیخ، مولانا ندیم شہباز، مولانا نجیب اللہ طارق، ڈاکٹر عتیق الرحمن نے کہا قرآن مجید اگرچہ عربی زبان میں ہے مگر اللہ رب العزت نے تمام زبانوں کے رنگ اور حسن قرآن مجید میں سمو دیے ہیں اس لیے کوشش کی جائے کہ مختلف زبانوں پر بھی دسترس حاصل ہو طلبا صرف قرآن کے قاری یا حافظ نہیں بلکہ قرآن کا عالم بنیں قرآن کو اس کے تمام علوم وفنون کے ساتھ سمجھا اور سیکھا جائے قرآن مجید میں اللہ نے آسمانی وزمینی تخلیق کی نشانیوں کو بیان فرمایا ہے قرآن علوم وفنون کا سمندر ہے اور کائنات کی تمام زبانوں، ثقافت وروایات اور فلسفہ وحکمت کا خلاصہ ہے قرآن کا یہ اعجاز ہے کہ اس کا کائنات کے کسی بھی حصہ میں آباد کوئی قاری تلاوت کرے تو اسے اس کے الفاظ اور تعلیمات اجنبی نہیں لگیں گے قرآن وسعت نظر پیدا کرتا ہے۔ انھوں نے مزید کہا اگر کسی قاری، عالم، یا حافظ کے قلب ونظر میں وسعت پیدا نہ ہو تو اس کا مطلب ہے کہ قرآن ابھی اس کے دل میں نہیں اترا، طلباء کو تدریس قرآن کے حوالے سے کہا کہ فہم، اور قرات میں مہارت حاصل کرنی چاہیے یہ بھی قرآن سے محبت کی ایک نشانی ہے قرآن پاک ہی مکمل تعلیم ہے اسلام جبر کا نہیں امن محبت، سلامتی اور اخلاق وکردار کی بہترین حالت کا نام ہے انہوں نے کہا کہ نبی آخر الزماں پوری انسانیت کیلئے امن اور رحمت کا پیغام بن کر آئے اسلام کا پیغام امن وسلامتی اور محبت عام کرنا ہے نظریہ اور انسانیت کے لئے جینے والے مرنے کے بعد بھی زندہ رہتے ہیں انہوں نے نظامت تربیت اور تحفیظ القرآن کے اساتذہ کی محنت کو بھی سراہا اور تمام طلبہ، اساتذہ اور والدین کو مبارک باد پیش کی تقریب میں حاجی بشیر احمد، قاری عنایت اللہ، قاری فرحان رمضان، حاجی ارشد پاشا، مولانا عبد الصمد، حکیم عزیز الرحمن، حافظ جہانگیر، مولانا محمد ارشد، زبیر بٹ ودیگر نے شرکت کی تقریب کے آخر میں فارغ التحصیل طلباء کو اسناد اور انعامات دئے گئے اور ملکی ترقی سلامتی، استحکام اور ملکی معاشی مشکلات کے جلد حل کیلئے خصوصی دعا کی گئی۔

گورنمنٹ ہائی سکول نارنگ میں 1995 کے میٹرک فیلوز کی تقریب

دوستانہ کرکٹ میچ کھیلا گیا، اساتذہ کی مار کو یاد کر کے خوب ہلہ گلہ، اساتذہ کی آنکھیں نم، کھانے کا بھی اہتمام



نارنگ منڈی (میاں معظم سے) گورنمنٹ ہائی سکول نارنگ میں 1995 میں میٹرک کرنے والے کلاس فیلوز نے سکول میں سالانہ گیٹ ٹوگیدر تقریب کا انعقاد کیا جس میں کلاس فیلوز اور اساتذہ نے شرکت کی تقریب کا مقصد اپنے بچپن کی یادوں کو تازہ کرنا اور بچھڑ جانے والے کلاس فیلوز کیلئے دعائیہ تقریب کا انعقاد کرنا ہے پاکستان کے اعلی عہدوں پر براجمان ہونے کے باوجود میٹرک فیلوز اس دن اپنی تمام تر مصروفیات ترک کر کے تقریب میں پہنچتے ہیں اپنی کلاس روم میں بیٹھ کر تیس سال پرانی یادوں اور اساتذہ کرام کی مار کو یاد کر کے خوب قہقہے لگاتے رہے دوستانہ کرکٹ میچ کا انعقاد کیا گیا جس میں چوکوں اور چھکوں کی بھرمار کے ساتھ خوب ہلا گلہ کیا گیا تیس سال بعد بھی اپنے شاگردوں کو پھلتا پھولتا دیکھ کر اساتذہ کرام کی آنکھیں پرنم ہوگئیں کلاس فیلوز اپنے اساتذہ کے تکیہ کلام اور مشہور جملوں کو یاد کر کے ماحول میں کھو گئے کلاس روم کا دورہ کر کے اپنے اپنے ڈیسکوں میں بیٹھ کر گزرے ہوئے لمحات کو خوب یاد کیا گیا اختتام پر پرتکلف کھانے کا اہتمام کیا گیا یوں میٹرک فیلوز کی یہ حسین تقریب خوشگوار یادوں کے ساتھ اختتام پذیر ہوگئی۔

ہر گنہگار بندہ اپنے رب سے بخشش کا طلبگار ہے: سید شفاعت رسول

محفل میں سید حمایت رسول، صاحبزادہ عثمان صدیقی، سید سعادت رسول، عاصم جماعتی، مصطفےٰ کمال ودیگر نے شرکت کی



فیصل آباد (مسعود احمد بھٹہ) دارالعلوم نوریہ رضویہ و بغدادی جامع مسجد گلبرگ اے میں شب رات کے موقع پر سید شفاعت رسول شاہ نے خطاب کرتے ہوئے کہا شب کے معنی رات اور رات کے معنی چھٹکارے ہیں یہ رات اللہ رب العزت کی رحمتوں اور مغفرت کا خاص موقع ہے آج کی رات ایسی رات ہے۔ کہ ہر گنہگار بندہ اپنے رب سے بخشش کا طلبگار ہے آج کی رات اپنی ذات کی نفی کرتے ہوئے اپنے رب سے مانگتے چلیں جائیں آج وہ دیتا چلا جائے گا شب برت کی اصل روح توبہ، استغفار اور اللہ کی رضا حاصل کرنے میں ہے، شب برت گناہوں سے معافی مانگنے اور نیک اعمال کا تجدید عہد کرنے کا بہترین موقع ہے انھوں نے مزید کہا اس رات میں اللہ تعالی اپنی رحمت کے دروازے کھول دیتا ہے اور بندوں کی دعائیں قبول فرماتا ہے۔ شب برات، ماہِ شعبان کی چودھویں رات، اسلامی روایت میں بے حد اہمیت کی حامل ہے۔ یہ مقدس رات الٰہی رحمت اور آسمانی برکتوں میں لپٹی ہوئی ہے اور اسے وہ موقع قرار دیا جاتا ہے جب تقدیریں لکھی جاتی ہیں، گناہ معاف کیے جاتے ہیں، اور دعائیں آسمانوں کی طرف بلند ہوتی ہیں۔ یہ روحانی تجدید کی رات ہے، جس میں مومن اپنے خالق کے حضور گڑگڑاتے ہیں، توبہ کرتے ہیں اور گہرے غور وفکر میں مشغول ہو کر بخشش اور الٰہی عنایت کے طلبگار ہوتے ہیں شب برات کی عظمت کا اشارہ قرآن مجید میں بالواسطہ طور پر ملتا ہے اسی رات میں ہر حکمت والے کام کا فیصلہ کیا جاتا ہے محفل میں سید حمایت رسول، صاحبزادہ عثمان صدیقی، سید سعادت رسول، عاصم جماعتی، مصطفےٰ کمال ودیگر نے شرکت کی۔

ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق کا ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت شہر کے مختلف علاقوں کا دورہ

ڈپٹی کمشنر نے ان علاقوں میں کوڑے کے ڈھیر فوری طور پر اُٹھانے کی ہدایت کی



حافظ آباد (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق نے ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت شہر کے مختلف علاقوں کا دورہ کرتے ہوئے صفائی ستھرائی کے کاموں کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے ڈی ایچ کیو ہسپتال، ٹراما سنٹر، ماڈل ریڑھی بازار کا بھی دورہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق نے ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت صفائی کے کاموں کے جائزہ کیلئے بجلی محلہ، ریلوے لائن اور شیر پورہ سمیت مختلف علاقوں کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے میونسپل کمیٹی اور سالڈ ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کی جانب سے صفائی ستھرائی کے کاموں کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے ان علاقوں میں کوڑے کے ڈھیر فوری طور پر اُٹھانے کی ہدایت کی۔ ڈپٹی کمشنر نے جناح چوک اور گوجرانوالہ روڈ پر گرین بیلٹس میں کارپٹ گھاس اور پودے لگانے کے کاموں اور تجاوزات کے خاتمے کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے ڈی ایچ کیو ہسپتال اور ٹراما سنٹر کا رات گئے اچانک دورہ کیا۔ جہاں انہوں نے جنرل ایمرجنسی، چلڈرن ایمرجنسی سمیت مختلف شعبہ جات کا دورہ کرتے ہوئے وہاں مریضوں کو دستیاب علاج معالجہ کی سہولیات، ادویات کی فراہمی اور دیگر انتظامات کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے ہسپتال میں زیر علاج مریضوں کی تیمارداری بھی کی اور ان سے طبی سہولیات کی فراہمی بارے فیڈ بیک لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے جنرل بس اسٹینڈ پر مسافروں کے لیے تعمیر کیے جانے والے بیچز اور بیٹھنے کے لیے نصب کیے جانے والے بینچز کا بھی دورہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر نے ایمرجنسی افسران کو مسافروں کے شیڈ کے اس منصوبے کو جلد مکمل کرنے کی ہدایت کی۔ بعد ازاں ڈپٹی کمشنر نے گوجرانوالہ روڈ پر قائم ماڈل ریڑھی بازار کا بھی دورہ کیا جہاں انہوں نے مختلف اشیائے خورد ونوش کی قیمتوں اور کوالٹی سمیت ریڑھی بازار کے دیگر انتظامات کا جائزہ لیا۔

جہلم: سرکاری نرخ ناموں پر عملدرآمد نہ ہو سکا، شہری پریشان

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم تین درجن پر اُس کنٹرول مجسٹریٹس سرکاری نرخناموں پر عملدرآمد کروانے میں بری طرح ناکام، مرغی کا گوشت فروخت کرنے والے دکاندار مہنگا گوشت فروخت کرنے کے ساتھ ساتھ کم تول پر مرغی کا گوشت فروخت کرنے میں مصروف گوشت فروخت کرنے والے دکانداروں نے غریب سفید پوش طبقے کا بھرکس نکال دیا، شہریوں کا وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف سے نوٹس لینے کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق شہر اسمیت ضلع بھر میں مرغی کا گوشت فروخت کرنے والے دکانداروں نے لوٹ مار کی تمام حدیں پار کر دی ہیں، مرغی کا گوشت فروخت کرنے والے دکانداروں نے من مرضی کے نرخ مقرر کرنے کے ساتھ ساتھ 1 کلو گوشت دینے کی بجائے ساڑھے سات سے آٹھ سو گرام گوشت دینا شروع کر رکھا ہے اس طرح دکاندار، دیدہ دلیری کے ساتھ گاہکوں کا استحصال کرنے میں مصروف ہیں صارفین کا کہنا ہے کہ انتظامیہ سب کچھ جاننے کے باجود خاموش تماشائی کا کردار ادا کر رہی ہے جو کہ پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کی کارکردگی پر گہرا سوالیہ نشان ہے۔

استقبالِ رمضان پروگرام کا انعقاد حلقہ خواتین جماعت اسلامی دیپالپور

اس بابرکت محفل میں ضلعی ناظمہ نفیسہ عامر اور رابعہ بی بی سمیت خواتین کی بڑی تعداد نے شرکت کی



دیپالپور (تحصیل رپورٹر) حلقہ خواتین جماعت اسلامی کے زیر اہتمام استقبالِ رمضان پروگرام دیپالپور پریس کلب اور انجمن صحافیاں رجسٹرڈ میں منعقد ہوا۔ اس بابرکت محفل میں ضلعی ناظمہ نفیسہ عامر، ضلعی معاونین بلقیس، تنا بیگم اور تحصیل ناظمہ فرح اشفاق تحصیل معاونین فاطمہ بی بی، اور رابعہ بی بی سمیت خواتین کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ مقررین نے رمضان المبارک کی فضیلت، روحانی برکات اور تیاری کے موضوع پر سیر حاصل گفتگو کی۔ پروگرام میں خصوصی خطاب ضلعی ناظمہ محترمہ نفیسہ عامر نے کرتے ہوئے کہا کہ رمضان صبر، تقویٰ اور قرب الٰہی کا مہینہ ہے، ہمیں اس کی تیاری دل و جان سے کرنی چاہیے۔ مقررین نے اس ماہ مقدس میں عبادات، صدقہ وخیرات اور محتاجوں کی مدد پر زور دیا۔

سابق ممبر کونسل ضلع شیخوپورہ ملک نوید محمود چوہان کے اعزاز میں ظہرانہ

ظہرانہ میں سابقہ چیئرمین ملک خالد ڈھڈی ملک ندیم محمود چوہان۔ میاں عمران علی اشرف ودیگر کی شرکت



شرفپور شریف (نامہ نگار محمد خضر حیات راجپوت) سابق ممبر کونسل ضلع شیخوپورہ ملک نوید محمود چوہان۔ عطا زیب ڈھڈی کی جانب سے وفاقی وزیر صنعت و پیداوار رانا تنویر حسین ایم این اے رانا احمد علیق انور ایم پی اے رانا طاہر اقبال کے اعزاز میں ظہرانہ دیا گیا ظہرانہ میں سابقہ چیئرمین ملک خالد ڈھڈی ملک ندیم محمود چوہان۔ میاں عمران علی اشرف۔ قاضی علیق عبداللہ۔ چوہدری نصر اللہ وڑائچ چوہدری کاشف چٹھہ سمیت ضلع بھر سے سابقہ ناظمین چیئرمین علاقہ کی سماجی سیاسی مذہبی شخصیات کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر رانا تنویر حسین کا کہنا تھا کہ برادر ملک ترکی کے صدر کا دورہ پاکستان بہت اہمیت کا حامل ہے ترکی اور پاکستان کے مابین اہم ترین معاہدوں سے آنے والے وقت میں ملکی معیشت مزید مضبوط ہونے کے ساتھ ترکی سے تعلقات نئی بلندیوں کی طرف گامزن ہونگے رانا تنویر کا کہنا تھا کہ ملک درست معاشی سمت کی طرف گامزن ہو چکا ہے۔ لاڈیالہ جیل کے باہر تحریک انصاف کے رہنماؤں کے حکم تھا ہونے کے واضح پر تبصرہ کرتے ہوئے وفاقی وزیر کا کہنا تھا کہ پی ٹی آئی کے تمام لوگ آپس میں دست و گریباں ہو چکے ہیں اور چھوٹے چھوٹے گروپ بن گئے ہوئے ہیں۔ جس پارٹی کی بنیاد ملک دشمنی پر ہو اس میں اسی طرح کے گروپ ہوتے ہیں۔ پیکا ایکٹ کے متعلق رانا تنویر حسین کا کہنا تھا کہ یہ ایکٹ اظہار اور آزادی رائے کے خلاف نہیں ہے۔ جو سوشل میڈیا پر گالم گلوچ کرتا ہے پیکا ایکٹ ان کے خلاف ہے۔ جو ہتک یا پیکا ایکٹ کے خلاف احتجاج کر رہے ہیں ان کو کئی دفعہ کہا ہے کہ بیٹھ کر بات کی جا سکتی ہے۔ وفاقی وزیر کا کہنا تھا کہ پیکا ایکٹ عمران خان کے دور میں ڈرافٹ ہوا تھا۔

دیپالپور اوکاڑہ مرکزی جمعیت اہل حدیث پاکستان کے مرکزی انتخابات آج ہونگے

اجلاس کی صدارت پروفیسر ساجد میر کرینگے ملک بھر سے اراکین شوریٰ شریک ہونگے



دیپالپور (زاہد عمران جنجوعہ) دیپالپور اوکاڑہ مرکزی جمعیت اہل حدیث پاکستان کے مرکزی انتخابات آج ہونگے اجلاس کی صدارت پروفیسر ساجد میر کرینگے ملک بھر سے اراکین شوریٰ شریک ہونگے۔ مرکزی جمعیت اہل حدیث پاکستان کی مرکزی مجلس شوریٰ کے ممبر حافظ محمد عبداللہ ظہیر کی طرف سے جاری پریس ریلیز کے مطابق مرکزی مجلس شوریٰ کا آئندہ مدت پانچ سال کیلئے امیر ناظم۔ ناظم مالیات کا انتخاب ہوگا چاروں صوبوں آزاد کشمیر گلگت بلتستان سے چھ سو سے زائد ارکان شوریٰ اجلاس میں شریک ہونگے اجلاس آج بروز اتوار 11 بجے مرکزی سیکرٹریٹ 106 راوی روڈ لاہور میں مرکزی امیر سینئر پروفیسر ساجد میر کی زیر صدارت منعقد ہوگا ضلع اوکاڑہ سے ارکان شوریٰ ضلعی امیر میاں محمد اسلم صدیقی کی قیادت میں شریک ہونگے اجلاس کے انتظامات مرکزی ناظم اعلی ڈاکٹر حافظ عبدالکریم کی نگرانی میں مرکزی انتخابی بورڈ کے چیئرمین ڈاکٹر عبدالغفور راشد ممبران مولانا عبدالرشید حجازی حافظ محمد یونس آزاد نے مکمل کر لئے۔

جشن بہاراں میلہ: مرتضیٰ انجم ملک، راجہ محمد سلیم کی طرف سے سکندر جٹ کو شہنشاہ ثقافت کا سرٹیفکیٹ پیش

میجر طاہر اقبال نے عوامی ثقافت کے آئینہ دار عوامی میلہ جشن بہاراں کے انعقاد پر سکندر جٹ کو بھرپور انداز میں خراج تحسین پیش کی



چکوال (ایم ایوب سلطانی) عوامی میلہ جشن بہاراں ریلوے گراؤنڈ چکوال میں سابق وفاقی وزیر ممبر قومی اسمبلی میجر (ر) طاہر اقبال ملک نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی، سینئر نائب صدر مسلم لیگ (ن) چکوال و سابق چیئرمین یونین کونسل ہرچار ڈھاب چوہدری محمد خمیر خان، انچارج پبلک سیکرٹریٹ ملک محمد اقبال سابق وائس چیئرمین یونین کونسل جند اعوان چوہدری غلام شبیر لنگاہ اور ملک بلال رحیم ہمراہ تھے، رنگا رنگ تقریبات کے انعقاد پر سابق کونسلر میونسپل کمیٹی چکوال ملک سکندر جٹ کو خراج تحسین پیش کی گئی، جبکہ چیف ایڈیٹر انٹرنیشنل نیوز ایجنسی و نمائندہ خصوصی روزنامہ پبلک آئی مرتضیٰ انجم ملک محلہ لائن پارک کی معروف سماجی شخصیت راجہ سلیم نے عوامی جشن بہاراں کے انعقاد پر چوہدری سکندر جٹ کو خصوصی تعریفی سرٹیفکیٹ پیش کیا اس موقع پر چوہدری سکندر جٹ نے اظہار تشکر کرتے ہوئے کہا کہ اپنے بھائیوں کیطرف سے اس خصوصی عزت افزائی پر ان کا بے حد مشکور ہوں۔

ڈسٹرکٹ آفیسر ہیلتھ جھنگ ڈاکٹر افتخار احمد ریٹائر ہو گئے

انکے اعزاز میں چیف ایگزیکٹو آفیسر ہیلتھ کے دفتر میں ایک پروقار الوداعی تقریب منعقد کی گئی



جھنگ (اصغر بھٹی سے) ڈسٹرکٹ آفیسر ہیلتھ جھنگ ڈاکٹر افتخار احمد نور گزشتہ روز اپنی مدت ملازمت پوری ہونے پر ریٹائر ہو گئے۔ انکے اعزاز میں چیف ایگزیکٹو آفیسر ہیلتھ کے دفتر میں ایک پروقار الوداعی تقریب منعقد کی گئی جس میں محکمہ صحت کے افسران اور ملازمین نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ اس موقع پر چیف ایگزیکٹو افیسر ڈاکٹر احمد شہزاد نے ریٹائر ہونیوالے ڈسٹرکٹ آفیسر ہیلتھ ڈاکٹر افتخار احمد نور کی محکمانہ خدمات کو خراج تحسین پیش کیا انہوں نے ڈاکٹر افتخار احمد نور کی شخصیت اور کام کے حوالہ سے بات کرتے ہوئے کہا کہ موصوف اپنے کام میں انتہائی مہارت رکھتے تھے اور بھرپور پیشہ وارانہ صلاحیتوں کے حامل ہونے کی وجہ سے محکمہ صحت کا قیمتی اثاثہ تھے۔ ڈاکٹر احمد شہزاد نے کہا کہ دوران سروس موصوف نے کام انتہائی ایمانداری اور فرض شناسی سے کیا۔

ٹرمپ کے اس بیان سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ وہ اسرائیل کے یکطرفہ مفادات کی حمایت میں اندھے ہو چکے ہیں: سید افتخار حسین نقوی

مجلس وحدت مسلمین صدر پنجاب ڈسٹرک امن کمیٹی ممبر سرپرست اعلی حیدریہ امام بارگاہ امی پور بازار ڈاکٹر سید افتخار حسین نقوی نے کہا کہ اسرائیل کی جانب سے جنگ بندی کی مسلسل خلاف ورزی، بے گناہ فلسطینیوں کا قتل عام کے بعد ٹرمپ کے اس بیان سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ وہ اسرائیل کے یکطرفہ مفادات کی حمایت میں اندھے ہو چکے ہیں اور انہیں فلسطینی عوام کی مشکلات، شہادتیں اور مصائب کی کوئی پرواہ نہیں۔ امن کا قیام دھمکیوں سے نہیں بلکہ انصاف اور برابری کی بنیاد پر ممکن ہے۔ جس ڈگر پر امریکی صدر چل پڑے ہیں انہیں اس بات کو اچھی طرح سمجھ لینا چاہیے کہ اب امریکہ بہادر کا خوف قوموں سے اٹھ گیا ہے کسی بھی قسم کی دھمکی ان کے لیے مزاح کا شعر ہو اور اس طرح کی بیان بازی سے خطہ کو ایک دفعہ پھر آگ میں دھکیلنا چاہتے ہیں جو کہ عالمی دنیا کے مفادات میں نہیں ہے جس سے دنیا میں بدامنی اور بدسکونی پیدا ہوتی ہے لہذا امریکی صدر کو چاہیے کہ ایسے بیانات نہ دے کہ جن سے خطے میں کشیدگی پیدا ہو اور دنیا کا امن تباہ ہو۔

گورنمنٹ ڈگری کالج جامعہ آباد میں ''میخانہ رومی'' کے عنوان سے کانفرنس منعقد کی گئی

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) گورنمنٹ ڈگری کالج جامعہ آباد میں ××× میخانہ رومی ××× کے عنوان سے کانفرنس منعقد کی گئی، جس کی صدارت صدر شعبہ فارسی پروفیسر حافظ احمد یار نے کی۔ کانفرنس میں خصوصی شرکت ڈاکٹر اصغر مسعودی (ڈائریکٹر جنرل خانہ فرہنگ اسلامی جمہوریہ ایران، لاہور)، پروفیسر ڈاکٹر فیصل جپہ (پرنسپل کالج)، پروفیسر ڈاکٹر محمد سلیم مظہر (ڈی جی ادارہ فروغ قومی زبان پاکستان)، پروفیسر ڈاکٹر سید عنصر اظہر شاہ (ڈی پی آئی کالجز پنجاب) سمیت دیگر معززین نے کی کانفرنس میں فارسی ادب، مولانا رومی کی تصانیف اور ان کے کلام پر مقالے پیش کیے گئے۔

سینئر آف ایکسی لینس گرلز سکول حافظ آباد میں نئے سیشن کے آغاز کے لیے انٹری ٹیسٹ کا انعقاد

حافظ آباد (ڈسٹرکٹ رپورٹر) سینئر آف ایکسی لینس گرلز سکول حافظ آباد میں نئے سیشن کے آغاز کے لیے انٹری ٹیسٹ کا انعقاد کیا گیا۔ جماعت ششم تا جماعت نہم سکول میں داخلے کے لیے 5323 امیدواروں نے انٹری ٹیسٹ کے لیے اپنا اندراج کروایا۔ نتائج کا اعلان 20 فروری کو کیا جائے گا۔ شہری حلقوں کے مطابق ششم تا نہم داخلے کے لیے سینئر آف ایکسی لینس طالبات کی پہلی ترجیح بن چکا ہے۔ ذرائع کے مطابق پرنسپل شائستہ عامر کی بہترین قائدانہ صلاحیتوں کے زیر نگرانی انتہائی شفاف اور عمدہ طریقے سے انٹری ٹیسٹ کا انعقاد عمل میں لایا گیا۔ جس میں ڈسٹرکٹ حکومت اور ایس ایچ او سٹی نے بھرپور تعاون کیا۔ دانش اتھارٹی اور پرنسپل کی شبانہ روز محنت کی وجہ سے سینئر آف ایکسی لینس گرلز سکول ایک ممتاز حیثیت اختیار کر چکا ہے۔

تن سازی نوجوان نسل کو منشیات سے بچانے کا بہترین ذریعہ ہے: محمد افضل منشا

تن سازی میں پاکستان کا نام دنیا بھر میں روشن کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) صدر ضلع سیالکوٹ وڈویژن گوجرانوالہ پاکستان باڈی بلڈنگ ایسوسی ایشن محمد افضل منشاء نے کہا کہ تن سازی ایسا کھیل ہے جہاں یہ جسم کو صحتمند اور توانا رکھتا ہے وہیں پر نوجوانوں کو منشیات کے استعمال اور بری عادات سے بھی محفوظ رکھتا ہے جدید دور میں جہاں انسان نے مشینوں پر انحصار کرنا شروع کر دیا ہے وہیں ورزش کرنے میں بھی کوتاہی کرتا ہے ایسے میں فٹنس سینٹرز اور جم کا قیام ایک لازمی عمل بن چکا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے گوجرانوالہ ڈویژن کے تن سازی مقابلوں میں بطور مہمان خصوصی خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ دیگر تمام کھیلوں کی طرح وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ دنیا میں تن سازی کے کھیل میں بھی تبدیلی رونما ہوئی ہے نوجوانوں کی آگاہی کیلئے وزارت کھیل اور صحت دونوں کی جانب سے بھی کوئی اقدامات نہیں اٹھائے گئے اس کیلئے مثبت اقدامات ہونے چاہئیں اور تن سازی کی تربیت کیلئے حکومت کو اس پر توجہ دینی چاہئے تاکہ تن سازی میں پاکستان کا نام دنیا بھر میں روشن ہو سکے۔

ہڑپہ میوزیم میں جاری ہڑپہ ثقافتی ورثہ فیسٹیول میں شاندار قوالی نائٹ

تاریخ میں پہلی بار منعقد ہونے والے ہڑپہ ثقافتی ورثہ فیسٹیول کی بھرپور تعریف کی گئی



ساہیوال (مہراے ڈی نسیم سپراسے) ہڑپہ میوزیم میں جاری ہڑپہ ثقافتی ورثہ فیسٹیول میں شاندار قوالی نائٹ میں نامور شخصیات اور عوام کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ ملک قاسم ندیم کامران، ممبر پنجاب اسمبلی نے خصوصی شرکت کی، جبکہ محترمہ عائشہ ارشد خان لودھی صاحبہ اور محترم نوید اسلم خان لودھی صاحب نے روایتی ہڑپائی وستر پہنا کر معزز مہمان کو خوش آمدید کہا۔ ملک صاحب نے تاریخ میں پہلی بار منعقد ہونے والے ہڑپہ ثقافتی ورثہ فیسٹیول کی بھرپور تعریف کی اور محترمہ عائشہ ارشد خان لودھی صاحبہ کی اس ثقافتی ورثے کو اجاگر کرنے کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے انہیں مبارکباد پیش کی۔ یہ ایونٹ ہڑپہ کی قدیم تہذیب کو اجاگر کرنے اور ثقافتی سرگرمیوں کے فروغ میں ایک سنگ میل ثابت ہوگا

دل کی بیماریوں میں مبتلا مریض بوقت اپنا اندراج کروائیں

عوام کی مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے 19 فرودی کو تحصیل ہیڈکوارٹر اسپتال میں مریضوں کا معائنہ ہوگا

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم وزیر اعلی پنجاب کے مشیر برائے صحت میجر جنرل (ر) ڈاکٹر اظہر محمود کیانی کی تحصیل پنڈ دادنخان کی عوام سے بے لوث محبت کی عمدہ مثال پسماندہ تحصیل کے عوام کی مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے مشیر صحت پنجاب جنرل (ر) ڈاکٹر اظہر محمود کیانی پرسوں 19 فروری کو تحصیل ہیڈکوارٹرز ہسپتال پنڈ دادنخان میں دل کے مرض میں مبتلا مریضوں کا خود معائنہ کریں گے۔ دل کی بیماریوں میں مبتلا مریض بوقت اپنا اندراج کروائیں تفصیلات کے مطابق وزیر اعلی پنجاب کے مشیر برائے صحت جنرل (ر) اظہر محمود کیانی نے اس سے قبل تحصیل پنڈ دادنخان کے غیور عوام کی مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے پولیو ویکسین کاؤنٹر قائم کرنے کے احکامات جاری کیے اس سہولت سے تحصیل پنڈ دادنخان کے شہری اب ضلعی ہیڈکوارٹر اسپتال سے ویکسین کی سہولت حاصل کرنے کی بجائے اپنی تحصیل کے تحصیل ہیڈکوارٹر اسپتال سے ویکسین لگوا کر سرٹیفکیٹ حاصل کر لیتے ہیں مشیر صحت نے تحصیل پنڈ دادنخان کے عوام کی مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے پرسوں 19 فرودی کو تحصیل ہیڈکوارٹر اسپتال میں دل کے عارضے میں مبتلا مریضوں کا معائنہ کریں گے اس سے قبل یہ سہولت صرف مشیر صحت جنرل (ر) اظہر محمود کیانی کے آبائی گاؤں بلوٹ کے لوگوں کو پچھلی کئی دہائیوں سے میسر ہے مشیر صحت پنجاب جنرل (ر) اظہر محمود کیانی کے اس اعلان کے بعد تحصیل پنڈ دادنخان کے عوام کے دلوں میں خوشی کی لہر دوڑ اٹھی اور عمائدین نے مشیر صحت پنجاب کا شکریہ ادا کیا

دسٹرکٹ کمپلیکس حافظ آباد میں عوام کے لیے پہلا واکنگ ٹریک بنا دیا گیا

جسمانی ورزش کے لیے عوام اور بالخصوص نوجوانوں کو ایک بہتر صحت مند سہولت میسر آئیگی



حافظ آباد (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ضلعی انتظامیہ کی جانب سے ڈسٹرکٹ کمپلیکس حافظ آباد میں عوام کے لیے پہلا واکنگ ٹریک بنا دیا گیا۔ واکنگ ٹریک کے منصوبے کی تکمیل سے ڈسٹرکٹ کمپلیکس کے سرسبز وخوبصورت ایریا میں سیر وتفریح اور جسمانی ورزش کے لیے عوام اور بالخصوص نوجوانوں کو ایک بہتر صحت مند سہولت میسر آئیگی۔ ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق کی خصوصی کاوش سے جہاں پارکوں کی بحالی تزئین و آرائش، شجرکاری اور دیگر تفریحی سہولیات کی دستیابی پر کام جاری ہے تو وہی پہلی پارک میں واکنگ ٹریک کے بعد ڈسٹرکٹ کمپلیکس میں بھی نئے سرے سے پہلا واکنگ ٹریک تیار کیا کر لیا گیا ہے۔ شہریوں اور بالخصوص نوجوانوں اور مردوں کی ایک بڑی تعداد صبح وشام کے اوقات میں سیر و تفریح کے لیے ڈسٹرکٹ کمپلیکس کے سرسبز وشاداب، خوشگوار اور ماحول دوست ایریا میں

جرم وسزا

CRIME & COURT

ریاض عرف بی بدنام زمانہ منشیات فروش گرفتار

ملزم ہزاروں روپے کی منشیات برآمد ملزم گرفتار ملزم چوری ڈکیتی اور راہزنی وارداتوں میں ملوث تھا

دیپالپور (زاہد عمران جنجوعہ) دیپالپور تھانہ صدر کی زیلی چوکی سکھ پور کے انچارج اسسٹنٹ سب انسپکٹر امتیاز شاہد نوجوان افسر دبنگ افسر دبنگ کارروائی شاہکار دیپالپور پولیس ریاض عرف بی والد اقبال قوم مگل سکنہ سکھ پور بدنام زمانہ منشیات فروش گرفتار ملزم ریاض عرف بی سے 2100 گرام چرس برآمد جو ہزاروں روپے کی منشیات برآمد ملزم گرفتار ملزم چوری ڈکیتی اور راہزنی وارداتوں میں ملوث تھا کرائم فائٹر اسسٹنٹ سب انسپکٹر امتیاز شاہد کارروائی کرتے ہوئے منشیات کی بھاری ترسیل کو ناکام بنا دیا ملزم دیپالپور کے مختلف علاقوں میں فروخت کرتا تھا علاقے کے لوگوں کی طرف سے خراج تحسین پیش کیا کیا ڈی پی او اوکاڑہ راشد ہدایت صاحب کے احکامات کی روشنی میں ڈی ایس پی صدر سرکل کی ہدایات پر منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ایس ایچ او تھانہ صدر دیپالپور میاں فخر حیات وڈو اور اس کی ٹیم اسسٹنٹ سب انسپکٹر امتیاز شاہد کارروائی کرتے ہوئے ملزم محمد ریاض عرف بی سکھ پور سے 2100 گرام چرس برآمد کر کے مقدمہ درج مقدمہ نمبر 242/25 جرم 9(3C/CNSA)1 تھانہ صدر دیپالپور درج کر کے ملزم کو پابند سلاسل کروایا چوکی انچارج اسسٹنٹ سب انسپکٹر امتیاز شاہد صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ معاشرے سے منشیات جیسے ناسور کے مکمل خاتمے تک منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری رہے گا تھانہ صدر دیپالپور کی پولیس نوجوان نسل کو منشیات جیسے زہر قاتل سے بچانے کے لیے ہر ممکن

''قوت'' کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات نیٹ بچتی کے جذبہ سے شائع کیے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا، اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہوئے چائیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-3636003

گمشدگی پاسپورٹ

میرا پاسپورٹ نمبری RO844288 کہیں گم ہو گیا ہے، جسکو ملے وہ درج ذیل پتہ پر ارسال کرے

نمبر 1- 33402-0353641-3 بلوچستان کارڈ

0344600311 6

1 دو سے روزمرہ کی ٹرانسپورٹ، انتہائی مطلوب رنگ لیڈر فرمان صاف ثاقب سیٹ حریف 9 دشمن دو سات مطالبہ خلیج سیٹ حریف 9 دشمن دو سات مطالبہ خلیج ملٹی پلیئر واسپیل ملک کے علاقے احتمال میں ہوجی کی اطلاع دی ہے۔ یہ کہ مطابق دوران ملوث اور حوالوں نافذ کرنے والے اداروں کو مطلوب ہے، اسی دوران ملزمان کسٹوں کی فوجداری، زراعت میں ہے، ایک اور کاروائی میں، شمالی وزیرستان کے علاقے عیدن شاہ میں مقامی لوگوں کی نشاندہی پر 6 خوارج کو موثر طریقے سے جہنم واصل کر دیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق دہشت گردوں کے خلاف اس کاروائی میں مقامی افراد نے بھرپور تعاون کیا۔ کاروائی میں خفیہ اطلاع پر کی گئی تھی جس کے بعد علاقے کو محاصرے میں لے لیا گیا۔ دہشت گردوں کے ہلاک ہونے والے ساتھیوں کی شناخت کی جا رہی ہے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق علاقے سے

نوجوانوں کیلئے صحت مند سرگرمیوں کا فروغ پنجاب حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے، چیف سیکرٹری

جی سی یو لاہور کے 124 ویں سالانہ کھیلوں کے مقابلے اختتام پذیر، چیف سیکرٹری پنجاب کی تقریب میں بطور مہمان خصوصی شرکت

چیف سیکرٹری نے یونیورسٹی کے مختلف شعبہ جات کا دورہ کیا، طلباء سے گفتگو کی، طلباء نے چیف سیکرٹری کے ہمراہ تصویریں بنائیں

لاہور (خبر نگار) گورنمنٹ کالج یونیورسٹی لاہور کے 124ویں سالانہ کھیلوں کے مقابلے اتوار کے روز اختتام پذیر ہوئے۔ اختتامی تقریب میں چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ سیکرٹری سپورٹس ایڈیشنل آئی جی پنجاب ڈاکٹر سید کلیم امام اور معروف ٹینس سٹار اصمام الحق قریشی بھی اس موقع پر موجود تھے۔ چیف سیکرٹری پنجاب نے مختلف مقابلوں میں اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے طلباء میں انعامات تقسیم کیے۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے چیف سیکرٹری نے کہا کہ اپنے یادگار دن میں آکر بے انتہا خوشی ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کے لیے صحت مند سرگرمیوں کو فروغ دینا پنجاب حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔ چیف سیکرٹری نے یونیورسٹی کے مختلف شعبہ جات کا دورہ بھی کیا اور طلباء سے گفتگو کی۔ طلباء نے چیف سیکرٹری کے ہمراہ تصویریں بنائیں۔ طلباء نے اپنے تاثرات بیان (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 37)



چیف سیکرٹری پنجاب گورنمنٹ کالج یونیورسٹی لاہور کے 124ویں سالانہ کھیلوں کے اختتامی تقریب میں مختلف مقابلوں میں اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرنیوالے طلباء میں انعامات تقسیم کر رہے ہیں

کراچی کا نوبیاہتا جوڑا آزاد کشمیر کے ہوٹل میں دم گھٹنے سے جاں بحق

دلہا اور دلہن زہرہ کی شادی 4 فروری کو ہوئی تھی، دونوں 11 فروری کو کراچی سے آزاد کشمیر روانہ ہوئے

مظفر آباد (این این آئی) آزاد کشمیر کے ساحتی مرکز آٹھ مقام کے کیسٹ ہاؤس میں دم گھٹنے سے کراچی کا نوبیاہتا جوڑا جاں بحق ہوگیا۔ اتفاق سے آٹھ مقام (این این آئی) آزاد کشمیر کے ساحتی مرکز آٹھ مقام کے کیسٹ ہاؤس میں دم گھٹنے سے کراچی کا نوبیاہتا جوڑا جاں بحق ہوگیا۔ اتفاق سے 14 فروری کی رات 9 بجے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 57)

کراچی؛ 4 خواتین کی سعودی عرب اسمگلنگ کی کوشش ناکام

شازیہ بانو، ظہیر اعظم، بلقیس اور نثار شہزادی مثال، بظاہر متاثرہ خواتین عمرہ ویزوں پر سعودی عرب جارہی تھیں

کراچی (این این آئی) ایف آئی اے ایئرپورٹس سرکل کراچی نے کراچی ایئرپورٹ پر بڑی کارروائی کرتے ہوئے 4 خواتین کی سعودی عرب اسمگلنگ کی کوشش ناکام بنا دی۔ پہلی کارروائی میں عمرے کی آڑ میں خواتین کی سعودیہ اسمگلنگ کی کوشش ناکام بنائی گئی۔ ایف آئی اے کے مطابق 4 خواتین شازیہ بانو، ظہیر اعظم، بلقیس (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 58)

پنجاب پولیس اور فلاحی تنظیم ''لاہور کا راوی'' کے زیر اہتمام تحفظ تاریخ مشن

طلبا و طالبات، مختلف شعبہ ہائے زندگی سے شہریوں کے 70 رکنی وفد کا پولیس کی تاریخی عمارات کا دورہ





اے ایس پی ڈیفنس شہر بانو نقوی طلبا و طالبات کو سنٹرل پولیس آفس کے قدیم بلاکس اور پولیس میوزیم سمیت مختلف شعبوں کا دورہ کروا رہی ہیں

لاہور (خبر نگار) پنجاب پولیس اور فلاحی تنظیم ''لاہور کا راوی'' کے زیر اہتمام تحفظ تاریخ مشن کے تسلسل میں طلبا و طالبات اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے وابستہ شہریوں کے 70 رکنی وفد نے پولیس کی تاریخی عمارات کا دورہ کیا۔ اعتماد تاریخ پر انیکٹ کے تحت شہریوں کو پولیس کی تاریخی عمارات اور ان سے جڑی روایات سے روشناس کروایا گیا۔ اے ایس پی ڈیفنس سرکل شہر بانو نقوی نے وفد کو پنجاب پولیس کی تاریخی عمارات، اہم واقعات اور کامیابیوں سے آگاہ کیا۔ ڈی ایس پی او ''لاہور کا راوی'' نازی تنویر نے شہریوں کو پولیس ہیڈکوارٹر کی قدیم تاریخ وتہذیب سے روشناس کروایا۔ ترجمان پنجاب پولیس نے بتایا کہ وفد کو پولیس چیتا منٹوز کے ذریعے انٹیگریٹی کوئیز کروانے کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 41) جانے والی سہولیات سے

تمام اسلام دوطن دشمن عناصر کی سرکوبی کی جائے، صاحبزادہ حافظ فاران سہیل

عقیدہ ختم نبوت ﷺ کے تحفظ کیلئے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے

دستور کی عملداری کو یقینی بنایا جائے، ریاست کے خلاف سازشوں کا حقیقی انداز کیا جائے اور قوانین سمیت تمام اسلام دوطن دشمن عناصر کی سرکوبی کیلئے اسلام کو بطور نظام حیات نافذ کیا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 43)

نکانہ صاحب (این این آئی) عقیدہ ختم نبوت ﷺ ہمارے ایمان کی اساس ہے، جس کے تحفظ کیلئے کسی بھی قربانی سے بھی دریغ نہیں کریں گے۔ حکومت اور ادارے علی خوجتاری اور آئین و

موجودہ حکومت میں کسان طبقہ پس کر رہ گیا' ہمایوں اختر خان

بجلی کے بھاری بلوں سے کسانوں کی زندگی اجیرن ہے، حکومت ریلیف دے، میڈیا سے گفتگو

فیصل آباد (این این آئی) سابق وفاقی وزیر ہمایوں اختر خان کا کہنا ہے کہ موجودہ حکومت میں کسان طبقہ کس کر رہ گیا، فیصل آباد میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ جب تک کسان خوشحال نہیں ہو گا ملک ترقی نہیں کرے گا، بجلی کے بھاری بلوں سے کسانوں کی زندگی اجیرن ہے، حکومت ریلیف دے۔ انہوں نے کہا کہ حلقے کے مسائل سے آگاہ ہوں، جل (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 44)

کراچی: سرفراز کو ٹرافی پھر پاکستانی ہاتھوں میں نظر آنے لگی

موجودہ پاکستانی ٹیم خاصی مضبوط لگ رہی ہے، ہوم کنڈیشن کا بھی فائدہ ملے گا، سرفراز احمد

کراچی (این این آئی) سابق کپتان سرفراز احمد کو ٹرافی پھر پاکستانی ہاتھوں میں نظر آنے لگی۔ موجودہ اسکواڈ کو چیمپئن ٹرافی 2017 سے زیادہ مضبوط اور متوازن قرار دیدیا۔ ایک انٹرویو میں سرفراز احمد نے کہا کہ 8 سال بعد آپ ایسی ایک ٹیم دیکھ رہے ہیں جو ہم کنڈیشن کا بھی فائدہ لے گا، آخری 2017 اور موجودہ کھلاڑیوں کا موازنہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 45)

باہمی مشاورت سے آگے بڑھنے میں ہی ملک کی بہتری ہے' رانا جمیل منج

پیپلز پارٹی کے علاوہ کسی کے پاس ایسی قیادت نہیں جو عوام کے لئے آواز اٹھائے، پیپلز پارٹی لاہور

رائے وٹو (این این آئی) پیپلز پارٹی لاہور کے جنرل سیکرٹری رانا جمیل منج نے کہا ہے کہ باہمی مشاورت سے آگے بڑھنے میں ہی ملک کی بہتری ہے، پیپلز پارٹی کے علاوہ کسی کے پاس ایسی قیادت نہیں جو عوام کے لئے آواز اٹھائے۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ پیپلز پارٹی ہمیشہ عوام کے حقوق کی علمبردار جماعت رہی ہے اور حقیقی جمہوریت کی محافظ ہے۔ پیپلز پارٹی نے ہمیشہ عوام کے حقوق کے لیے جدوجہد کی ہے اور اس راہ میں شہید ذوالفقار علی بھٹو اور محترمہ بینظیر بھٹو نے اپنی جانوں کے نذرانے پیش کر دیئے مگر کسی صورت اصولوں پر سمجھوتہ نہیں کیا۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی آج بھی ملک (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 47)

امریکا سے 2 ہزار ٹن وزنی بموں کی کھیپ اسرائیل پہنچ گئی

گزشتہ رات کو پہنچنے والے بموں کو درجنوں ٹرکوں پر لوڈ کر کے اسرائیلی ایئربیس کی طرف روانہ کر دیا گیا ہے، صیہونی وزارت دفاع

سابق امریکی صدر جو بائیڈن نے اسرائیل کو جنگی سامان بھیجنے پر روک لگا دی تھی، ٹرمپ نے جنگی سامان کی ترسیل دوبارہ شروع کر دی

ٹن وزنی بموں کی کھیپ اسرائیل پہنچ گئی۔ اسرائیلی وزارت دفاع کے مطابق گزشتہ رات کو پہنچنے والے جہاز سے 2,000 پاؤنڈ وزنی بموں کی بڑی مقدار اسرائیل پر اتاری گئی۔ بموں کو درجنوں ٹرکوں پر لوڈ کر کے اسرائیلی ایئر بیس کی طرف روانہ کر دیا گیا جانب جاری کی گئی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 63)

اسلام آباد سمیت مختلف شہروں میں ہلکی بارش اور برفباری کا امکان

محکمہ موسمیات کی مری، بگلیات، کشمیر کو کٹہ، زیارت اور بشین میں ہلکی بارش اور برفباری کی پیشگوئی

اسلام آباد (این این آئی) محکمہ موسمیات نے اسلام آباد سمیت مختلف شہروں میں بارش اور برفباری کی خوشخبری سنا دی۔ محکمہ موسمیات کے مطابق اسلام آباد اور گردونواح میں موسم سرد اور جزوی طور پر ابر آلود رہنے کا امکان ہے جبکہ خیبر پختونخوا کے بشتر اضلاع میں موسم سرد اور خشک رہنے کا تاثر ہے تاہم چترال، دیر، سوات اور کوہستان میں چند مقامات پر ہلکی بارش ہو سکتی ہے۔ پنجاب کے بیشتر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 64)

فیصل آباد، ہیڈ بال کے انٹرنیشنل کھلاڑی منظور حسین کو آہوں اور سسکیوں میں سپرد خاک کر دیا گیا

کھلاڑی کا 8 ماہ کا بیٹا بھی ہیڈ بال کے انٹرنیشنل کھلاڑی منظور حسین کو آہوں اور سسکیوں میں سپرد خاک کر دیا گیا۔ قومی ہیڈ بال ٹیم کے کوچ نصیر احمد نے بتایا کہ منظور حسین قومی ہیڈ بال ٹیم کے کوچ بھی رہے ہیں، ہلکہ تھکن کے باعث کھلاڑی، فیصل آباد کے 48 سالہ محمد اسحاق بار ایک سے گزشتہ رات اپنے خالق (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 65)

فیصل آباد، اوباش افراد نے سنبر باغ دکھا کر 5 خواتین اور 3 نوجوانوں کو اغوا کر لیا

فیصل آباد (این این آئی) فیصل آباد اوباش افراد نے سنبر باغ دکھا کر خواتین اور نوجوانوں کو اغوا کر لیا، پولیس نے ملزمان کی بازیابی کیلئے ٹارگٹڈ آپریشن شروع کر دی۔ تفصیل کے مطابق سرگودھا کے علاقے تھانیوالی تاؤن کے اطہر کی بیٹی (ن) کو مبینہ طور پر ساہیوال کے علاقے 142۔ رب کے طارق محمود کی بیٹی (م) کو نامعلوم پتے جھوریے علاقے تلمان کی والدہ کے ہمراہ بازار گئی واپس نہ آئی، تھانہ کے علاقہ 597 سب کے اللہ دتہ کی اہلیہ (ن) کو مظہر اور غیر ماموں کی بھتیجی کے علاقہ طارق کالونی کے عبدالغفور کی بیٹی (م) کو (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 66)

ساندگلاں میل مسلم لیگ ن یوتھ ونگ کے صدر ملک ماجد علی اپنے ساتھیوں سمیت مسلم لیگ ن سے مستعفی

طارق محمود باجوہ گروپ میں شامل ہو گئے

نکانہ صاحب (این این آئی) مسلم لیگ ن یوتھ ونگ شہ کے صدر ملک ماجد علی نے پنجاب اسمبلی کے رکن چوہدری طارق محمود باجوہ کے اعزاز میں منعقد عشائیہ یا جس میں ضلع کونسل نکانہ کے سابق چیئرمین ملک محمد طاہر ساہتی ناظم چوہدری فرید حسین وٹلہ چوہدری افضال احمد کاہلوں، رانا محمد قیوم، چوہدری محمد عمران بوسک، انجمن تاجران (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 68)

ملتان، مسافر بس، ٹرک اور کار میں ٹکر، 6 افراد جاں بحق

مسافر بس، ٹرک اور کار کا اپنی منزل کی جانب گامزن تھیں کہ آگے آنیوالی رکشہ سے ٹکرا گئیں، رکشہ کو دراتے ہوئے بس، ٹرک اور کار اپنی منزل کی جانب گامزن تھیں کہ آگے آنیوالی رکشہ سے ٹکرا گئیں، رکشہ کو دراتے ہوئے ٹرک اور کار کے آپس میں ٹکرانے سے 6 افراد جاں بحق ہو گئے۔ ملتان میں مسافر بس، ٹرک اور کار کے آپس میں ٹکرانے کے نتیجے میں 6 افراد جاں بحق ہو گئے جب کہ 7 افراد زخمی بھی ہوئے جنہیں علاج (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 69)

سعودیہ اور امارات سمیت 11 ملکوں سے مزید 173 پاکستانی ڈی پورٹ

24 گھنٹے کراچی میں مزید گرفتار

کراچی (این این آئی) سعودی عرب میں بلیک لسٹ، بلیک لگے، مشتبہ قرضی، غیر قانونی قیام، کفیل کے بغیر کام کرنے، ملازمت سے مفرور اور مطلوبہ کے خلاف کریک ڈاؤن پر حراست میں لیے گئے 94 پاکستانیوں کو ڈی پورٹ کیا گیا۔ سعودی عرب، متحدہ عرب امارات اور عمان (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 60)

عوامی مسائل حل کرنے کیلئے ہمہ وقت کوشاں ہیں' احسن اقبال کھوکھر

حکومت کی مثبت پالیسیوں، منصوبوں سے ملک کا مستقبل روشن ہو رہا ہے' کارکنوں سے گفتگو

راے وٹو (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنما ملک احسن اقبال کھوکھر نے کہا ہے کہ ہم عوام کے مسائل حل کرنے کے لئے ہمہ وقت کوشاں ہیں، حکومت کی مثبت پالیسیوں، نوجوانوں کو بااختیار بنانے، تعلیم کے فروغ اور ترقیاتی منصوبوں سے ملک کا مستقبل روشن ہو رہا ہے، ہم اپنی آنے والی نسلوں کو ایسا پاکستان دینا چاہتے ہیں کہ جہاں مایوسی کی جگہ، بہتر مستقبل کی امید ہو۔ انہوں نے پارٹی دفتر میں کارکنوں سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا کہ وزیر اعظم شہباز شریف کی مدبرانہ سوچ کی بدولت پاکستان ترقی کی جانب گامزن ہے، موجودہ حکومت کی مثبت پالیسیوں کی دنیا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 36)



فیصل آباد: سابق وفاقی وزیر ہمایوں اختر خان علاقہ این اے 97 کے سیاسی دفتر میں عمائدین اور اہلی علاقہ سے ملاقات کر رہے ہیں

آج پھر مہاجر پنچھیوں کو لڑوانے کی سازش کی جا رہی ہے، ڈاکٹر فرخ سلیم بھٹی

ڈمپر چلانے کے پیچھے یہ آفاق ہیں نہ ایم کیو ایم، ہم عوام کی کیفیت بیان کر رہے ہیں۔ شہر میں ڈمپر چلانے کا سلسلہ ختم نہیں ہوگا

اب جاپے تو اس بیان پر مجھے بھی گرفتار کر لیں، آفاق احمد کو عجلت میں گرفتار کیا گیا جس کی بھرپور مذمت اور رہائی کا مطالبہ کرتے ہیں

کراچی (این این آئی) ایم کیو ایم پاکستان کے سینئر رہنما ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا ہے کہ آج پھر مہاجر اور پختونوں کو لڑوانے کی سازش کی جا رہی ہے، ماضی میں بھی اس طرح کے حالات پیدا کیے گئے تھے، ایک لاوا پک رہا ہے جو کسی بھی وقت پھٹ سکتا ہے، آفاق احمد کو عجلت میں گرفتار کیا گیا جس کی بھرپور مذمت اور رہائی کا مطالبہ کرتے ہیں۔ پریس کانفرنس کرتے ہوئے ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ ڈمپر چلانے کے پیچھے یہ آفاق ہیں نہ ایم کیو ایم (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 34)

ملک کے لئے پی ڈی ایم ٹو کا تجربہ زیادہ مہلک ثابت ہو رہا ہے، مریم نواز شریف

رحیم یخ کے بعد سے 13 کروڑ افراد غربت کی لکیر سے نیچے چلے گئے، کسانوں کا استحصال جاری، ہر سفید زوال پذیر ہے

ہم بوگس کیسز سے گھبرانے والے نہیں، ووٹ کو تمام تر فسطائیت کا مقابلہ کرنے ہیں، انشاللہ ان بوگس کیسز میں سرخرو ہوں گے

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کی سینئر رہنما مسرت جمشید چیمہ نے کہا ہے کہ ملک کے لئے پی ڈی ایم ٹو کا تجربہ پی ڈی ایم ون کے تجربے سے بھی زیادہ مہلک ثابت ہوا ہے، رحیم یخ کے بعد سے 13 کروڑ افراد غربت کی لکیر سے نیچے چلے گئے ہیں، ہر سفید زوال پذیر ہے۔ انہوں نے ایکس پر جاری اپنے بیان میں کہا کہ ہم مختلف شعبوں میں درجنوں کے حساب سے بوگس کیسز بنائے گئے ہیں جن میں ہم روز عدالتوں کے چکر لگا رہے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 46)

بادشاہ رایا ہے کے عوام پر لیسکو حکام کے ظلم کا اعلیٰ حکام نوٹس لیں' پروفیسر احسان میو

لاہور (این این آئی) انجمن اتحاد و ترقی میوات پاکستان کے سرپرست اعلیٰ پروفیسر احسان میو، چوہدری شہزاد جہانگیر میو، چوہدری محمد رمضان میو نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ 12 فروری کو لیسکو اہلکاروں نے بادشاہ رایا ہے کے دیہاتوں پر ظلم و بربریت کی انتہا کر دی ان پڑھ، سادہ لوح دیہاتی مرد و خواتین پر طاقت اور سرکاری اختیارات کا ناجائز استعمال کر کے خطائیت کی تاریخ رقم کر کے کامیاب اور فتح کا جشن منا کر فریب عوام کا مذاق اڑایا گیا۔ حتیٰ کہ غیر قانونی طور پر بچوں اور بچیوں کے سکول کی بلڈنگ منتظمہ کے کمرے اور بیت الخلاء تک سے محروم کر کے قفل لگا دیا گیا۔ اس کے ساتھ ساتھ اہلکاروں مادر کی بلی تک نشتر کر کے ان مقدس بچیوں کا تقدس پامال کر دیا گیا۔ نہ وضو کے لئے نہ طہارت خانوں کے لئے پانی ہے۔



لاہور: شہری جیلانی پارک میں پھولوں کی نمائش دیکھ رہے ہیں



آئی پی پی لاہور کے عہدیداران کا نوٹیفکیشن وصول کرنے کے بعد صدر آئی پی پی پنجاب رانا نذیر احمد، ایم پی اے و جنرل سیکرٹری پنجاب شعیب صدیقی، صدر آئی پی پی لاہور ملک زمان نصیب و دیگر رہنماؤں کے ہمراہ گروپ فوٹو

بلدیاتی انتخابات میں آئی پی پی بوتھ ونگ اور آئی پی پی لاہور کا مکمل کامیابیوں کی تاریخ رقم کریں گے، ہر یونین کونسل کی سطح پر پارٹی کو متحرک و فعال بنانا آئی پی پی لاہور کا ہدف ہے

صوبائی صدر رانا نذیر احمد، ایم پی اے شعیب صدیقی نے نوٹیفکیشن تقسیم کئے، بلدیاتی انتخابات بوتھ ونگ کی صلاحیتوں کا امتحان ہوگا: رہنماؤں کا اظہار خیال

لاہور (خبر نگار) اجتماع کا آغاز پارٹی پرچم کی سلامی سے ہوا جس کے بعد صوبائی جنرل سیکرٹری رویدہ سلہری، اجتماع سے صدر آئی پی پی لاہور ملک زمان نصیب، جنرل سیکرٹری لاہور ڈاکٹر عاصمہ کبیر، جنرل سیکرٹری ذوہیب شرکت کی۔ صدر اجتماع پاکستان پیپلز پارٹی عبدالعلیم خان نے نوٹیفکیشن تقسیم کئے۔ اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے صدر آئی پی پی لاہور رانا نذیر احمد، ایم پی اے شعیب صدیقی، صوبائی جنرل سیکرٹری رویدہ سلہری، ڈاکٹر عاصمہ کبیر، جنرل سیکرٹری ذوہیب خان، صدر اجتماع عبدالعلیم خان نے کہا کہ بلدیاتی انتخابات بوتھ ونگ کی صلاحیتوں کا امتحان ہوگا۔ رہنماؤں کا کہنا تھا کہ بلدیاتی انتخابات میں آئی پی پی لاہور کا مکمل کامیابیوں کی تاریخ رقم کریں گے، ہر یونین کونسل کی سطح پر پارٹی کو متحرک و فعال بنانا آئی پی پی لاہور کا ہدف ہے۔ اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے رانا نذیر احمد